★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 15 | پیر 9 صفر المظفر 1447ھ، 4 اگست 2025ء، 20 ساون 2082 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 253

جھنگ میں لڑکی پر تیزاب گردی، مریم نواز کا نوٹس، ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

بشریٰ فاطمہ کے فوری اور بہترین علاج کی ہدایت، ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ نے موضع محرم سیال میں تیزاب گردی پر سخت غم وغصے کا اظہار کیا، آر پی او فیصل آباد سے رپورٹ طلب

لاہور(خبر نگار)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جھنگ کے علاقے میں لڑکی پر تیزاب ڈالنے کے واقعہ کا نوٹس لے لیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے موضع محرم سیال میں تیزاب گردی کے واقعہ پر سخت غم وغصہ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آر پی او فیصل آباد سے فوری رپورٹ طلب کرلی اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متاثرہ بشریٰ فاطمہ کے بہترین علاج کی ہدایت کی ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بیٹیاں سانجھی ہوتی ہیں،ظلم برداشت نہیں کروں گی۔

اسرائیلی فوجی جنوبی اسرائیل اور غزہ کی پٹی کے درمیان واقع کریم شالوم کراسنگ پر غزہ کے شہریوں کے لیے بھیجے گئے امدادی سامان کے پاس کھڑے ہیں

غزہ جنگ کے خلاف اسرائیل میں بڑے مظاہرے

تل ابیب (این این آئی) ہزاروں افراد نے اسرائیل میں مظاہرے کیے اور مطالبہ کیا ہے کہ غزہ میں قید تمام اسرائیلیوں کو فوری طور پر رہا کرایا جائے۔تل ابیب میں 24 سالہ ایفیتار ڈیوڈ کے بھائی نے بتایا کہ فلسطینی تنظیم حماس ان قیدیوں کو ز (بقیہ نمبر 3)

حکومت کا غیر رجسٹرڈ عازمین سے بھی حج درخواستیں وصول کرنیکا فیصلہ

رجسٹرڈ عازمین سے حج درخواستوں کی وصولی (آج) پیر سے شروع کی جائیگی،

رجسٹرڈ عازمین سرکاری اسکیم کے تحت درخواستیں 4 سے 9 اگست تک جمع کراسکتے ہیں

اسلام آباد(این این آئی) وفاقی حکومت نے غیر رجسٹرڈ عازمین سے بھی حج درخواستیں وصول کرنیکا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق ساڑھے 4 لاکھ رجسٹرڈ عازمین سے سوا لاکھ کا حج (بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری اور اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان ملاقات کررہے ہیں

پنجاب بھر میں جشنِ آزادی کی تقریبات جوش وخروش سے جاری

تحصیل، ضلع اور ڈویژن سطح پر تقریبات، سرکاری ونجی عمارتوں پر چراغاں اور قومی پرچموں کی بہار

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب بھر میں 79ویں جشنِ آزادی کی تقریبات جوش وخروش کے ساتھ جاری ہیں۔ دوسرے دن صوبے (بقیہ نمبر 7)

جوہری توانائی کا حصول ایران کا حق، وزیراعظم پاکستان ہمارا گھر، ایرانی صدر

پاکستان ایران کے حق کے لیے اس کے ساتھ کھڑا، اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے

مذہب کی بنیاد پر اتحاد کا سبق ہمارے پیغمبر نے بھی دیا تھا اور جب تک ہم متحد رہیں گے تو ہماری خودمختاری قائم رہے گی، ایرانی صدر

اسلام آباد(این این آئی)وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان پرامن مقاصد کے لیے ایران کے جوہری پروگرام کی حمایت کرتا ہے، ایران کو پرامن مقاصد کے لیے جوہری قوت حاصل کرنے کا پورا حق حاصل ہے، پاکستان ایران کے حق کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہے، اسرائیل کی (بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا حسین اور ایران کے درمیان تجارتی دستخط کرنے کے بعد گروپ فوٹو

پاکستان اور ایران میں سالانہ تجارت 8 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر

جس میں دوطرفہ تجارت کو نئی جہت دینے پر اتفاق کیا گیا، باہمی سرحدی تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور ایران کے درمیان سالانہ تجارت 8 ارب ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کر لیا گیا۔وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال اور ایران کے وزیر صنعت وتجارت محمد آتابک کی اسلام آباد میں ملاقات ہوئی، جس میں دوطرفہ تجارت کو نئی جہت دینے پر ا(بقیہ نمبر11)

یوکرین کا روس کے شہر سوچی میں آئل ریفائنری پر ڈرون حملہ

کیف (این این آئی) یوکرین نے روس کے شہر سوچی میں آئل ریفائنری پر ڈرون حملہ کیا ہے، جس سے آئل ریفائنری میں آگ لگ گئی (بقیہ نمبر 12)

سعودی عرب، 22 ہزار سے زیادہ غیر قانونی تارکین گرفتار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں ایک ہفتے کے دوران 22 ہزار سے زیا (بقیہ نمبر 13)

لاہور: سینئر وزیر مریم اورنگزیب صنعتی آلودگی کے تدارک سے متعلق اہم اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

ایف بی آر کا سیلز ٹیکس میں بے ضابطگیوں پر ایکشن، 11 ہزار سے زائد کمپنیوں کو نوٹسز جاری

اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے، بینک اکاؤنٹس منجمد کرنا اور کاروباری مراکز کو سیل کرنا شامل ہیں

اسلام آباد(این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سیلز ٹیکس گوشواروں میں پائی جانے والی بے قاعدگیوں پر ملک بھر کے 11 ہزار سے زائد کمپنیوں اور افراد کو [illegible] (بقیہ نمبر 10)

پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی معاہدہ، اقتصادی تعاون کے نئے دور کا آغاز

معاہدے کا بنیادی مقصد سرمایہ کاری کا فروغ اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو آگے بڑھانا ہے

پاکستان کی سب سے بڑی آئل ریفائننگ کمپنی سنرجائیکو کا امریکی کمپنی ویٹول سے معاہدہ طے پا گیا

اسلام آباد(این این آئی)ایس آئی ایف سی کی معاونت سے پاکستان اور امریکا کے درمیان اہم تجارتی معاہدہ، دوطرفہ تعلقات میں اہم پیشرفت ہے۔امریکی صدر ٹرمپ کے مطابق امریکا پاکستان کے وسیع تیل کے ذخائر کی تلاش اور ترقی میں تعاون کرے گا۔پاکستان کی سب سے بڑی آئل ریفائننگ کمپنی سنرجائیکو کا امریکی کمپنی ویٹول سے معاہدہ طے پا گیا، جس کے تحت پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی ممکن ہوگی۔معاہد(بقیہ نمبر 5)

غزہ، اسرائیلی فورسز نے مزید 62 فلسطینیوں کو شہید کردیا

غزہ (این این آئی) غزہ میں اسرائیلی فورسز کی کارروائیوں میں 62 فلسطینی شہید ہوگئے۔عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی افواج نے مختلف کارروائیوں میں 62 فلسطینیوں کو شہید کردیا، جن میں امداد کے منتظر 38 فلسطینی بھی شامل ہیں جو غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن کے امدادی مراکز کے گردو (بقیہ نمبر 8)

پنجاب بھر میں صنعتی زہریلے مواد کے خلاف میگا آپریشن کا فیصلہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر نہروں ونالوں کی صفائی، ہاؤسنگ سوسائٹیز وصنعتوں کو نوٹس جاری

10 اگست سے کارروائی کا آغاز، 28 یونٹس کو نوٹس، زہریلا ویسٹ ڈالنے پر سخت کارروائی ہوگی، مریم اورنگزیب

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب کو صنعتی زہریلے مادوں اور خطرناک دھاتوں سے پاک کرنے کے لیے صوبہ گیر میگا آپریشن شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔اس سلسلے میں صوبے بھر میں ہنگامی بنیادوں پر سروے کا آغاز کر دیا گیا ہے۔تفصیلات کے (بقیہ نمبر 2)

پنجاب کو زہریلے صنعتی مادوں سے پاک کرنے کیلئے میگا آپریشن کا حکم

ہنگامی بنیادوں پر سروے کا آغاز، صنعتوں سے نکلنے والے زہریلے کچرے اور مواد کو نہروں اور نالوں میں پھینکنے پر مکمل پابندی ہوگی

31 اگست تک مکمل ہیلتھ سروے، رپورٹ پر عمل یقینی بنایا جائے، 10 اگست سے فیصلہ کن کارروائی کا آغاز کیا جائے' مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب کو زہریلے صنعتی مادوں اور زہریلی دھاتوں سے پاک کرنے کیلئے میگا آپریشن کا حکم دے دیا۔وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت اجلاس ہوا، جس میں انڈسٹریل یونٹس اور ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے خلاف فوری کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ماحول کے تحفظ کے ادارے کی قیادت میں ضلعی انتظامیہ، آبپاشی، واسا، انڈسٹری، صحت، ایل ڈی اے سمیت دیگر متعلقہ محکمے مل کر میگا آپریشن کریں گے، پنجاب بھر میں نہروں اور نالوں کا معائنہ ہوگا، ماحول کا عالمی معیار قائم کیا جائے گا۔صوبے بھر میں اس (بقیہ نمبر 14)

اسلام آباد: نائب وزیراعظم محمد اسحاق ڈار نے اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات

ہم غزہ میں جنگ کو بڑھانا نہیں ختم کرنا چاہتے ہیں، وٹکوف

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایلچی سٹیو وٹکوف نے انکشاف کیا ہے کہ غزہ کی اکثریت اسرائیلی اسیران کی واپسی چاہتی ہے۔ وٹکوف (بقیہ نمبر 15)

ہمیں امریکہ سے مذاکرات کی کوئی جلدی نہیں، ایران

تہران (این این آئی) ایران کے نائب وزیر خارجہ سعید خطیب زادہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تہران کو امریکہ کے ساتھ کسی بھی قسم کے بالواسطہ رابطے یا مذاکراتی عمل میں شامل ہو(بقیہ نمبر 16)

5 اگست کو اسلام آباد جانے کا کوئی پروگرام نہیں، صوبائی وزیر مینا خان

5 اگست کو وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور پشاور میں ہی احتجاجی ریلی کی قیادت کریں گے' بیان جاری

پشاور (این این آئی) خیبرپختونخوا کے وزیر اور پی ٹی آئی رہنما مینا خان آفریدی کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے پی کا 5 اگست کو اسلام آباد جانے کا کوئی پروگرام نہیں ہے۔صوبائی وزیر مینا خان آفریدی نے اپنے

دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر نچلے درجے کا سیلاب

لاہور (این این آئی) دریائے سندھ میں تربیلا، کالاباغ، چشمہ، تونسہ، گڈو اور سکھر بیراج پر بدستور نچلے درجے کے سیلاب برقرار ہیں۔فلڈ فورکاسٹنگ

ملک بھر میں (آج) سے بارشوں کا نیا سلسلہ شروع

اسلام آباد، لاہور، راولپنڈی، گوجرانوالہ، مری اور سیالکوٹ میں شدید بارشوں کی پیش گوئی

جنوبی پنجاب کے اضلاع، جیسے ڈیرہ غازی خان اور ملتان میں بھی چھ اگست تک معمولات زندگی متاثر ہونے کا خدشہ

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کے محکمہ موسمیات نے چار اگست سے ملک کے بیشتر علاقوں میں بارشوں، تیز ہواؤں اور گرج چمک کے سلسلے کی پیش گوئی کی ہے، مون سون کا (بقیہ نمبر 20)

امداد کی تقسیم کا نظام غزہ میں 1400 بھوکوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے، انروا

غزہ (این این آئی) انروا کے کمشنر جنرل فلیپ لازارینی نے اعلان کیا ہے کہ تنظیم کو کمزور کرنا ایک دانستہ عمل ہے، جس کا مقصد فلسطینیوں پر اجتماعی دباؤ ڈالنا اور انہیں صرف غزہ میں رہنے کی وجہ سے سزا دینا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں (بقیہ 18)

پنجاب کے 40 ریلوے اسٹیشنز پر مفت وائی فائی سروس فراہم کی جائے گی، حنیف عباسی

ایم ایل ون آپریشنل ہونے سے عوام کو فائدہ ہوگا، سندھ حکومت سے بھی اپ گریڈیشن کیلئے رابطے جاری

پنجاب حکومت پاکستان ریلوے میں 350 ارب روپے کی سرمایہ کاری کرے گی، وزیر ریلوے کا اعلان

لاہور (زیڈ این این) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے اعلان کیا ہے کہ پنجاب بھر کے 40 ریلوے اسٹیشنز پر مفت وائی فائی سروس (بقیہ نمبر 17)

5 اگست تاریخ کا سیاہ ترین دن ہے، کشمیر پر بھارتی اقدام مجرمانہ تھا: لیاقت بلوچ

5 اگست کو پاکستانی قوم کشمیریوں سے اظہارِ یکجہتی کرے گی، فلسطین وکشمیر کا منصفانہ حل ناگزیر ہے

نریندر مودی فاشسٹ حکمران، ایرانی صدر کا دورہ پاکستان خوش آئند ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (زیڈ این این) جماعت اسلامی پاکستان کے نائب امیر لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ 5 اگست 2019ء تاریخ کا سیاہ ترین دن تھا، جس روز بھارتی وزیراعظم نریندر مودی نے مقبوضہ کشمیر پر ایک مجرمانہ، فاشسٹ اور غیر آئینی اقدام کیا۔ اپنے جاری کردہ بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ پانچ (بقیہ نمبر 19)

اسلام آباد: وفاقی وزیر طلال چوہدری ایرانی سے مصافحہ کررہے ہیں

ایرانی صدر سے اسحاق ڈار کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

مسعود پزشکیان نے دونوں دوست ممالک کے درمیان سیاسی اور اقتصادی تعلقات کو مزید تقویت دینے کے لئے پاکستانی رہنماؤں کے ساتھ بامعنی بات چیت کا بھی عندیہ دیا

وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقی نے بھی ملاقات کی تھی، دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ایران کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر سے ملاقات ہوئی ہے۔ترجمان کے مطابق سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے اسلام آباد میں اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر ڈاکٹر مسعود پزشکیان سے ملاقات کی، جس میں مشترکہ تاریخ، ثقافت اور عقیدے کی بنیاد پر پاکستان اور ایران کے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعاد (بقیہ نمبر 21)

جھنگ میں لڑکی پر تیزاب گردی، وزیراعلیٰ مریم نواز کا نوٹس، ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم

بشریٰ فاطمہ کے فوری اور بہترین علاج کی ہدایت، ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ نے موضع محرم سیال میں تیزاب گردی پر سخت غم وغصے کا اظہار کیا، آر پی او فیصل آباد سے رپورٹ طلب

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے جھنگ کے نواحی علاقے موضع محرم سیال میں ایک لڑکی بشریٰ فاطمہ پر تیزاب پھینکنے کے دلخراش واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے واقعے پر شدید غم وغصے کا اظہار کیا ہے۔وزیراعلیٰ نے آر پی او فیصل آباد سے واقعے کی تفصیلی رپورٹ فوری طور پر طلب کر لی ہے اور ملزمان کی جلد از جلد گرفتاری کا حکم بھی جاری کیا ہے۔مریم نواز نے ہدایت کی (بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی دستخط کرنے کے بعد گروپ فوٹو

بلوچستان، حفاظتی ٹیکہ جات پروگرام میں 2 ارب روپے کی بے قاعدگیاں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ صحت کے توسیع پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات میں پانچ سال کے دوران دو ارب اڑتیس (بقیہ نمبر 23)

پی آئی اے کی نجکاری کے عمل میں مزید تیزی

کراچی(این این آئی) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن (پی آئی اے) کی نجکاری کے عمل میں مزید تیزی آگئی ہے۔ذرائع کے (بقیہ نمبر 25)

خواجہ شمس الاسلام کا قتل، سندھ بار کونسل آج عدالتی کارروائی کے بائیکاٹ کرے گی

کراچی(این این آئی) سپریم کورٹ کے سینئر وکیل خواجہ شمس الاسلام کے قتل کا معاملہ، سندھ بار کونسل نے 4 اگست کو صوبے بھر کی (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: پاکستان اور ایران کے درمیان تجارتی دستخط کرنے کے بعد گروپ فوٹو

قائمہ کمیٹی سائنس ٹیکنالوجی کا لاہور لیبارٹریز کے ٹیسٹ اور تجزیے کو عالمی سطح پر تسلیم کئے جانے پر مکمل اطمینان کا اظہار

کمیٹی نے چیئرمین پی سی ایس آئی آر ڈاکٹر سید حسین امام عابدی، ڈی جی ڈاکٹر قرۃ العین سید کے اقدامات کی مکمل توثیق کردی

ڈاکٹر قرۃ العین کی خدمات بطور کنسلٹنٹ حاصل کرنے، پی سی ایس آئی آر کی لیبارٹریز جنوبی پنجاب خاص طور پر ملتان میں قائم کرنیکی سفارش

لاہور (این این آئی) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے لاہور لیبارٹریز کے ٹیسٹ اور تجزیے کو عالمی سطح پر تسلیم کیے جانے پر مکمل اطمینان کا اظہار کیا ہے اور اس ضمن میں چیئرمین پی سی ایس آئی آر ڈاکٹر سید حسین امام عابدی اور ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر قرۃ العین سید کے اقد (بقیہ نمبر 30)

لاہور میں طوفانی بارش، نشیبی علاقے زیرآب، نشتر ٹاؤن سمیت کئی علاقے متاثر

اڑھائی گھنٹوں میں 89 ملی میٹر تک بارش ریکارڈ، شملہ پہاڑی اور اطراف پانی میں ڈوب گئے

فیروزوالہ میں بھی موسلادھار بارش، حبس ختم، پی ڈی ایم اے نے متعلقہ اداروں کو الرٹ کردیا

لاہور (زیڈ این این) صوبائی دارالحکومت لاہور اور گردونواح میں تیز ہواؤں کے ساتھ موسلا دھار طوفانی بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث نشیبی علاقے زیرآب آگئے ہیں اور نظام زندگی مفلوج ہوکر رہ گیا ہے۔شہر کے مختلف علاقوں میں شدید بارش ریکارڈ کی گئی جن میں مال روڈ، ہال روڈ، جیل روڈ، ایبٹ روڈ، کینال روڈ، قرطبہ چوک، نشتر ٹاؤن اور فرخ آباد شامل ہیں۔ محکمہ موسمیات کے مطابق اوسطاً 40.4 ملی میٹر جبکہ پانی والا تالاب اور ایئرپورٹ کے علاقوں میں 89 ملی میٹر بارش(بقیہ نمبر 28)

کراچی، جائیداد کے تنازعہ پر فائرنگ میں فلپائنی خاتون زخمی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ملیر میں جائیداد کے تنازعہ پر ایک غیر ملکی خاتون کو گولی ماردی گئی۔پولیس کے مطابق فلپائنی خاتون کے پاکستانی شوہر ناصر کا انتقال ہوگیا تھا، جس کے بعد خاتون اپنا حصہ لینے سسرال آئی تھی۔

اوساکا ورلڈ ایکسپو، پاکستانی پویلین نے ملکی وقار میں اضافہ کیا: فیروز شاہ

ورلڈ ایکسپو کے ذریعے بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب ہوں گے

اوساکا ایکسپو میں پاکستانیوں کی شرکت سے پاکستان اور جاپان کے تعلقات مستحکم ہوں گے، گفتگو

لاہور(زیڈ این این) پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز عالم شاہ نے کہا ہے کہ جاپان کے شہر اوساکا، کانسائی میں جاری ورلڈ ایکسپو 2025 میں پاکستانی پویلین نے دنیا بھر میں پاکستان کی مثبت شناخت کو اُجاگر کیا ہے، ورلڈ (بقیہ نمبر 29)

LWMC کے 2022-23 کے آڈٹ کے دوران لاہور کی فضا کے حوالے سے سنسنی خیز انکشافات

سیٹلائٹ سے لی گئی تصاویر سے معلوم ہوتا ہے لاہور پر ہر وقت میتھن گیس کے بادل چھائے رہتے ہیں' احمد اقبال

جمع شدہ کوڑا ہوا اور پانی کے ذریعہ عوام کے لئے زہر بن گیا ہے' چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری کے انکشافات

لاہور (این این آئی) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی تھری کے چیئرمین احمد اقبال نے کہا ہے کہ لاہور میں میتھن گیس کے بادل چھا گئے ہیں ،لاہور کی فضاء میں زہریلی گیسوں کا راج ہے، تحریک انصاف کے دور میں برتی گئی غفلت کی وجہ سے پانی میں زہریلے مادے شامل ہونے کا بھی انکشاف ہوا ہے، جمع شدہ کوڑا ہوا اور پانی کے ذریعہ عوام کے لئے زہر بن گیا ہے، پانی میں انسانی صحت کے لئے مضر دھاتیں بھی شامل ہیں۔لاہور ویسٹ مینجمنٹ (بقیہ نمبر 26)

پنجاب 4812 فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹس کی چیکنگ، 16 مراکز سیل

ڈی جی فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم مکمل جاری، 91 لاکھ کے جرمانے، ناقص آئل واشیاء تلف

صفائی کی ناقص صورتحال، ایکسپائر اشیاء، غیر معیاری برتن اور بدبودار فریزرز پر کارروائیاں

لاہور (زیڈ این این) ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید کی ہدایت پر پنجاب بھر میں فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹس کی چیکنگ کے لیے شروع کی گئی خصوصی مہم مکمل کرلی گئی، جس کی رپورٹ جاری کردی گئی ہے۔رپورٹ کے مطابق 4 ہزار 812 فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹس کی جانچ پڑتال کی گئی، صفائی کے ناقص انتظامات اور حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 16 معروف فاسٹ فوڈ ریسٹورنٹس سیل کردیے گئے۔ذرائع کے مطابق قوانین کی خلاف ورزی پر 710 ریسٹورنٹس کو 91 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ایرانی وزیر صنعت، معدنیات وتجارت محمد آتابک ملاقات کررہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

عالمی غیر یقینی صورتحال کے باوجود چین کی معیشت مضبوط لچک کا مظاہرہ کر رہی ہے، برطانوی ماہر

لندن (شنہوا) برطانوی چیمبرز آف کامرس کے بین الاقوامی تجارت کے ڈائریکٹر اسٹیون لنچ نے کہا ہے کہ تجارتی محصولات کے تنازعات، جغرافیائی سیاسی کشیدگی اور سپلائی چین کی رکاوٹوں جیسے عالمی غیر یقینی عوامل کے باوجود چین کی معیشت نے ثابت کیا ہے کہ وہ کتنی مضبوط ہے۔ چین کی معیشت میں سال 2025 کی پہلی ششماہی میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 3.5 فیصد اضافہ ہوا۔ صنعتی پیداوار میں گزشتہ سال کے اسی عرصے کے مقابلے میں 4.6 فیصد اضافہ ہوا جس میں آلات سازی اور اعلیٰ ٹیکنالوجی کے پیداواری شعبوں نے تیز رفتار ترقی کی۔ لنچ نے ان اعداد وشمار کو ناقابل تردید طور پر متاثر کن قرار دیا اور کہا کہ یہ سب ایک ایسی معیشت کی جانب اشارہ کرتے ہیں جو متحرک ہے اور حکمت عملی کے تحت آگے بڑھ رہی ہے۔ انہوں نے حالیہ دنوں میں شنہوا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جو چیز خاص طور پر قابل توجہ ہے اور اکثر مغربی تجزیوں میں نظرانداز ہو جاتی ہے وہ یہ ہے کہ چین نے بیرونی مسائل کے باوجود کتنی مضبوطی سے خود کو برقرار رکھا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ چاہے وہ امریکی محصولات کے اثرات ہوں، عالمی سپلائی چین میں خلل ہو یا بڑھتی ہوئی جغرافیائی کشیدگی، چین نے دباؤ کو جذب کرنے اور خود کو ڈھالنے کی غیر معمولی صلاحیت کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک نے بارہا یہ ثابت کیا ہے کہ وہ عالمی مسائل کا مقابلہ کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ چین نے سال کی پہلی ششماہی میں ماحول دوست صنعتی ترقی کو تیز کیا، جہاں ماحول دوست مصنوعات کی پیداوار میں مضبوط اضافہ ہوا اور صرف نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیوں کی پیداوار میں ہی گزشتہ سال کے مقابلے میں 4.41 فیصد کا اضافہ ہوا۔ لنچ نے کہا کہ چین برقی گاڑیوں جیسے کئی شعبوں میں دنیا کی قیادت کر رہا ہے اور وہ مصنوعی ذہانت اور ماحول دوست بنیادی شہری سہولیات جیسے شعبوں میں سرمایہ کاری بڑھا رہا ہے۔

تنزانیہ کی صدر نے چین کے تعمیر کردہ تجارتی نقل وحمل مرکز کا افتتاح کر دیا

دارالسلام (شنہوا) تنزانیہ کی صدر سامیہ صولوحسان نے باضابطہ طور پر مشرقی افریقہ تجارتی ونقل وحمل مرکز (ای اے سی ایل سی) کا افتتاح کر دیا جو ایک جدید تجارتی ونقل وحمل کمپلیکس ہے جسے چینی کمپنی ای اے سی ایل سی لمیٹڈ نے تعمیر کیا ہے۔ بندرگاہی شہر دارالسلام میں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر حسان نے 17 کروڑ امریکی ڈالر کی لاگت سے بننے والی اس سہولت کو ایک نمایاں سرمایہ کاری قرار دیا جس کا مقصد علاقائی تجارتی روابط کو بہتر بنانا اور تنزانیہ اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ حسان نے کہا کہ ای اے سی ایل سی مشرقی وجنوبی افریقہ کی مشترکہ منڈی کے دیگر ممالک کے ساتھ تنزانیہ کے تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنائے گا۔ ای اے سی ایل سی کی چیئرپرسن وانگ شیانگ یون نے کہا کہ 75 ہزار مربع میٹر سے زائد رقبے پر پھیلی ہوئی اس سہولت میں 2 ہزار 60 دکانیں ہیں اور یہ اب تک تنزانیہ کا سب سے بڑا تجارتی اور نقل وحمل کمپلیکس ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس مرکز میں مختلف سہولیات موجود ہیں، اس میں گودام، کسٹمز کلیئرنس، آن لائن کاروبار، مالی سہولت اور دوبارہ برآمدات کو ایک ہی نظام کے تحت شامل کیا گیا ہے، اس سے توقع ہے کہ علاقائی تجارت کے اخراجات 30 فیصد کم ہوں گے، 50 ہزار سے زیادہ مقامی ملازمتیں پیدا ہوں گی اور قومی ترقی کے لئے اہم ٹیکس آمدنی حاصل ہوگی۔ وانگ نے کہا کہ اب تک ای اے سی ایل سی نے تنزانیہ کے خزانے میں 22 ارب تنزانی شلنگ (تقریباً 87 لاکھ 50 ہزار امریکی ڈالر) کا حصہ ڈالا ہے اور ہم آئندہ برسوں میں اس میں خاطر خواہ اضافہ کرنے کے لئے پرعزم ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ منصوبہ چین-افریقہ تعاون کے فورم کے تحت حاصل ہونے والے نمایاں نتائج میں سے ایک ہے۔ یہ ایک زندہ مثال ہے کہ جب باہمی احترام، طویل المدتی عزم اور مشترکہ خوشحالی ہماری رہنمائی کرے تو خواب حقیقت بن جاتے ہیں اور تصورات انفراسٹرکچر میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔ تنزانیہ میں چین کی سفیر چھن منگ جیان نے کہا کہ تنزانیہ میں چینی کمپنیوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے اور یہ منصوبہ اس مثبت پیشرفت کی ایک نمایاں مثال ہے۔

فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز عامر نثار چودھری حادثہ انکوائری کا آغاز

انکوائری کے سلسلہ میں تمام عوامل کو مدنظر رکھا جائے گا اور کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے صاف وشفاف تحقیقات کی جائیں گی۔ عامر نثار چودھری

لاہور (صابر غوری) فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز عامر نثار چودھری 4 اگست سے 6 اگست تک ڈی ایس ریلوے آفس لاہور کے کمیٹی روم میں 107 اپ اسلام آباد ایکسپریس کی یکم اگست جمعہ کی شام ہونے والی ڈی ریلمنٹ کے حوالے سے انکوائری کریں گے۔ انکوائری کا آغاز صبح نو بجے ہوگا۔ اس دوران فیڈرل گورنمنٹ انسپکٹر آف ریلویز حادثہ کے حوالے سے کسی طرح کی بھی اطلاع رکھنے والے شخص سے ملاقات کے لیے دستیاب ہوں گے۔ حکومتِ پاکستان کے قوانین کے تحت یہ اطلاع علامہ اقبال روڈ پر واقع ایف جی آئی آر کے دفتر میں بذریعہ ڈاک بھی پہنچائی جاسکتی ہے۔ عامر نثار چودھری نے کہا ہے کہ اطلاع دہندہ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔ عامر نثار نے مزید کہا کہ انکوائری کے سلسلہ میں تمام عوامل کو مدنظر رکھا جائے گا اور کسی بھی دباؤ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے صاف وشفاف تحقیقات کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ تحقیقات مکمل کر کے سات روز میں انکوائری رپورٹ وزارت کو بھیج دی جائے گی۔

صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر اور صدر مسلم لیگ ن ملک سیف الملوک کھوکھر کا ٹھوکر نیاز بیگ جلسہ آمد پر شاندار استقبال کیا جا رہا ہے

صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کی یوسی 110 میں منعقدہ عظیم الشان جلسے میں شرکت

یوسی 110 میں ترقیاتی اسکیموں کے آغاز کے لیے 200 کروڑ روپے لایا ہوں۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر

پنجاب بھر میں ایک سال میں 100 اسپورٹس کمپلیکس بنائے گئے۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر

ٹھوکر نیاز بیگ میں 40 کروڑ کی لاگت سے اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کیا گیا۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنے ہر وعدے کی تکمیل ممکن بنا رہی ہیں۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (خبر نگار) ٹھوکر نیاز بیگ لاہور کی یونین کونسل 110 میں ترقیاتی اسکیموں کے آغاز کے حوالے سے ایک شاندار عوامی اجتماع کا انعقاد کیا گیا، جس میں صوبائی وزیر کھیل و لیبر ملک فیصل ایوب کھوکھر اور ایم این اے وصدر مسلم لیگ (ن) لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنے حلقے کی ترقی کے لیے دوسو کروڑ روپے کے فنڈز لائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اپنے ہر وعدے پر عمل کر رہی ہیں، جنہوں نے ایک معمولی کارکن کو پارٹی ٹکٹ دے کر وزیر بنایا۔ انہوں نے اعلان کیا کہ نیاز بیگ کی ہر گلی پختہ کی جائے گی اور علاقے میں ترقی کا جال بچھایا جائے گا۔ ملک فیصل ایوب کھوکھر نے مزید کہا کہ سڑکیں، اسکول اور کالجز کی تعمیر صرف مسلم لیگ (ن) کے دور میں ممکن ہوئی ہے۔ ٹھوکر نیاز بیگ کے بچوں کو اسپورٹس فنڈز وزیر اعلیٰ مریم نواز نے فراہم کیے، اور ایک سال کے اندر پنجاب بھر میں 100 اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کیے گئے جبکہ ٹھوکر نیاز بیگ میں 40 کروڑ کی لاگت سے اسپورٹس کمپلیکس تعمیر کیا گیا اور سرکاری سکول کو اپ گریڈ کیا گیا۔ صفائی کا جدید نظام اور "ستھرا پنجاب" جیسے مثالی منصوبے بھی موجودہ حکومت کا ہی کارنامہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ مریم نواز کا پنجاب ہے، مخالفین بتائیں کہ انہوں نے عوام کے لیے کیا کیا ہے۔ صوبے میں لیبر کالونیاں قائم کی جارہی ہیں اور 12 لاکھ 40 ہزار خاندانوں کو راشن کارڈ فراہم کرنے کا منصوبہ ہے، جس کی تعداد ہر سال بڑھائی جائے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز کے وژن کے مطابق ترقیاتی منصوبے پوری رفتار سے جاری ہیں۔ ایم این اے وصدر مسلم لیگ (ن) لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر نے اپنے خطاب میں کہا کہ جب مسلم لیگ (ن) نے اقتدار سنبھالا تو معیشت بحران میں تھی، مگر آج ملکی معیشت ترقی کر رہی ہے اور پاکستان مضبوط ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے ملک کو ایٹمی طاقت بنایا اور ہمیں ایسی قیادت چاہیے جو دشمن کی آنکھوں میں آنکھ ڈال کر بات کرے۔ ملک سیف الملوک کھوکھر نے کہا کہ ہم 9 مئی والوں میں سے نہیں بلکہ 28 مئی والے ہیں، جنہوں نے ایٹمی دھماکے کیے۔ انہوں نے عوام کو یقین دلایا کہ الیکشن میں کیے گئے تمام وعدے پورے کیے جائیں گے۔ عمران خان کے دور میں انتقام کے سوا کچھ نہیں تھا، جبکہ مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ خدمت اور ترقی کی سیاست کی ہے۔ انہوں نے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ 2002 سے آج تک ٹھوکر نیاز بیگ کے لوگوں نے مجھے اور میرے خاندان کو عزت دی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ مریم نواز کو دلیر باپ کی دلیر بیٹی قرار دیتے ہوئے خراجِ تحسین پیش کیا۔ اجتماع میں سیاسی وسماجی رہنماؤں، لوکل باڈی اراکین اور عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ عوام نے ترقیاتی منصوبوں کے اعلان پر خوشی اور جوش وخروش کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا۔

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:50
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

سیکرٹری جنگلات، جنگلی حیات وماہی پروری پنجاب نے دو وائلڈ لائف افسروں کے تبادلے کر دیئے

احسان احمد راجہ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر لاہور ریجن جبکہ زاہد اقبال شیخ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر چشمہ بیراج تعینات

لاہور (خبر نگار) سیکرٹری جنگلات جنگلی حیات وماہی پروری پنجاب مدثر ریاض ملک نے چیف وائلڈ لائف رینجر پنجاب مبین الٰہی کی سفارش پر 2 وائلڈ لائف افسران زاہد اقبال شیخ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر کا چشمہ بیراج جبکہ احسان احمد راجہ کا ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر لاہور ریجن تبادلہ کر دیا۔ تبادلوں کا باقاعدہ اعلامیہ جاری۔ اعلامیے کے مطابق صدر دفتر لاہور میں پوسٹنگ کے منتظر زاہد اقبال شیخ کو ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر (بی ایس۔18) چشمہ بیراج ضلع میانوالی میں ایک خالی آسامی پر جبکہ صدر دفتر لاہور ہی میں تقرری کے منتظر اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر احسان احمد راجہ کو ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر (بی ایس۔18) کی حیثیت سے عدنان علی کی جگہ ڈپٹی چیف وائلڈ لائف رینجر لاہور ریجن تعینات کر دیا گیا جنکے پاس لاہور ریجن کا اضافی چارج تھا۔

ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن وقت کی اہم ضرورت ہے وفاقی حکومت فوری فنڈز فراہم کرے، شیخ محمد انور

لاہور (صابر غوری) ریلوے پریم یونین کے مرکزی صدر شیخ محمد انور نے کہا ہے کہ ریلوے ٹریک کی اپ گریڈیشن وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکی ہے۔ وفاقی حکومت کو چاہیے کہ وہ ریلوے کو درپیش بڑھتے ہوئے چیلنجز کو سنجیدگی سے لے اور فوری بنیادوں پر ضروری فنڈز فراہم کرے تاکہ مزید حادثات کو روکا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ آئے روز ہونے والے ٹرین حادثات نہ صرف محکمہ ریلوے کو کروڑوں روپے کا مالی نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ عوام کا ریلوے پر سے اعتماد بھی ختم ہوتا جارہا ہے، جو کہ قومی ادارے کے لیے نقصان دہ ہے۔ شیخ محمد انور نے وفاقی وزیر ریلوے کی جانب سے ریلوے کی بہتری کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا تاہم انہوں نے زور دیا کہ ان کوششوں کو عملی جامہ پہنانے کے لیے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹریک اپ گریڈیشن اور رولنگ اسٹاک کی فراہمی کے لیے ایمرجنسی بنیادوں پر فنڈز کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ ریلوے پریم یونین کے صدر نے گذشتہ رات کالا شاہ کاکو کے قریب لاہور سے راولپنڈی جانے والی ٹرین کو پیش آنے والے المناک حادثے پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا۔ گذشتہ رات حادثے کے بعد ٹریک کی بحالی کا کام کرتے ہوئے شمشاد احمد بلیک سمتھ جو کہ پریم یونین سی بی اے کے عہدار بھی ہیں حادثے کی جگہ پر ریل کٹنگ کے دوران شدید زخمی ہو گئے ہیں ان کی پسلیاں ٹوٹ گئی اور ان کا گردہ بھی ضائع ہو گیا ہے ریلوے انتظامیہ شمشاد کی مالی معاونت کرے اور علاج کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے شیخ محمد انور نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کے لیے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعائیں کی شیخ محمد انور نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ ریلوے کو زبانی دعوؤں سے نکال کر عملی اقدامات کے ذریعے مضبوط اور محفوظ ادارہ بنایا جائے۔

پنجاب میں پھیپھڑوں کے سرطان سے بچاؤ اور آگاہی کے لیے اقدامات تیز، ٹی بی کنٹرول پروگرام کا عزم

لنگ کینسر اور ٹی بی دونوں پھیپھڑوں کو متاثر کرنے والی مہلک بیماریاں

World
Lung Cancer Day
August 1st 2025
Raising Awareness. Saving Lives.

لاہور (خبر نگار) ورلڈ لنگ کینسر ڈے 2025 کے موقع پر صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام پنجاب نے عالمی برادری کے ساتھ مل کر "Stronger Together: United for Lung Cancer" کے تھیم کے تحت بھرپور انداز میں آگاہی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ یہ دن ہر سال یکم اگست کو منایا جاتا ہے تاکہ پھیپھڑوں کے سرطان کے خلاف اجتماعی کاوشوں کی اہمیت کو اجاگر کیا جاسکے۔ ٹی بی کنٹرول پروگرام پنجاب نے اس موقع پر پھیپھڑوں کے امراض خصوصاً لنگ کینسر اور ٹی بی کے درمیان تعلق کو اجاگر کرتے ہوئے عوامی سطح پر آگاہی بڑھانے، جلد تشخیص، اور بہتر علاج کی سہولیات تک رسائی کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ ترجمان ٹی بی کنٹرول پروگرام کے مطابق لنگ کینسر اور ٹی بی دونوں پھیپھڑوں کو متاثر کرنے والی مہلک بیماریاں ہیں جن کی وجوہات میں تمباکو نوشی، فضائی آلودگی اور صنعتی کیمیکل شامل ہیں۔ پروگرام کی جانب سے اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ ٹی بی سے متاثرہ افراد میں لنگ کینسر کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے، اس لیے مشترکہ اسکریننگ اور تشخیصی حکمت عملیوں پر زور دیا گیا ہے۔ جبکہ لنگ کینسر کی ابتدائی علامات میں آٹھ ہفتے سے زیادہ جاری رہنے والی مسلسل کھانسی، سینے میں درد، خون والی کھانسی، وزن کا اچانک کم ہونا، اور سانس لینے میں دشواری شامل ہیں۔ ان علامات کو عام بیماری سمجھ کر نظرانداز کرنا خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ تشخیص کے لیے چھاتی کے ایکسرے، سی ٹی اسکین، پی ای ٹی اسکین اور برونکوسکوپی جیسے جدید طریقہ کار استعمال کیے جا رہے ہیں، خاص طور پر ان افراد کے لیے جن کی عمر 50 سے 80 سال ہے اور جو تمباکو نوشی کا 20 سالہ تجربہ رکھتے ہیں۔ ٹی بی کنٹرول پروگرام نے اس دن کی مناسبت سے عوام، ہیلتھ ورکرز، اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر زور دیا ہے کہ وہ آگاہی مہمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ اس ضمن میں پنجاب بھر میں ہیلتھ کیمپس، تعلیمی سیمینارز اور معلوماتی سیشنز کا انعقاد کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق پروگرام تمباکو نوشی ترک کرنے، فضائی آلودگی سے بچاؤ، اور باقاعدہ ہیلتھ چیک اپ کرانے کی ترغیب دے رہا ہے۔ ٹی بی کنٹرول پروگرام پنجاب نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ تمام افراد کو مساوی طبی سہولیات فراہم کرے گا تاکہ پھیپھڑوں کے سرطان سے بروقت بچاؤ اور علاج ممکن بنایا جا سکے۔ اس مقصد کے لیے حکومت، نجی اداروں، محققین اور سول سوسائٹی کے تعاون سے اسکریننگ اور علاج کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔

ریڈی بانوں نے والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے تمام علاقوں کو یرغمال بنا لیا انکروچمنٹ مافیا کا راج، اعلیٰ افسران بے خبر

صورتحال اس حد تک بگڑ چکی ہے کہ اب علاقہ مکین خود کو یرغمال محسوس کرنے لگے ہیں، جبکہ اعلیٰ افسران یا تو لاعلم ہیں یا آنکھیں بند کیے ہوئے ہیں

لاہور (تحقیق صدیقی سے) والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے مختلف علاقوں میں انکروچمنٹ (قبضہ مافیا) کی بھرمار نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ سڑکیں تنگ، گلیاں بند، فٹ پاتھ ختم اور پبلک جگہیں ریڈی بانوں، ٹھیلوں اور غیر قانونی دکانوں کی نذر ہو چکی ہیں۔ صورتحال اس حد تک بگڑ چکی ہے کہ اب علاقہ مکین خود کو یرغمال محسوس کرنے لگے ہیں، جبکہ اعلیٰ افسران یا تو لاعلم ہیں یا آنکھیں بند کیے ہوئے ہیں۔ ریڈی بانوں اور انکروچمنٹ مافیا نے علاقہ پر مکمل اجارہ داری قائم کر لی ہے، جہاں یہ عناصر نہ صرف پبلک مقامات پر قبضہ کرتے ہیں بلکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی رٹ کو بھی چیلنج کر رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق بورڈ کے نچلے درجے کے اہلکار مبینہ طور پر اس غیر قانونی سرگرمی میں نہ صرف ملوث ہیں بلکہ بعض صورتوں میں اسے فروغ دے رہے ہیں۔ ان اہلکاروں نے عملاً اپنی ایک "ریاست" قائم کر رکھی ہے جس میں قانون کی کوئی اہمیت نہیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کی انتظامیہ صرف کاغذی کارروائی تک محدود ہے۔ زمینی حقائق یہ ہیں کہ ہر بڑی سڑک، گلی اور چوک پر ریڑھی بانوں نے اپنے ڈیرے جما رکھے ہیں۔ کئی جگہوں پر تو پکے سٹال بنا دیے گئے ہیں، جن سے روزانہ کی بنیاد پر مبینہ بھتہ وصول کیا جاتا ہے۔ یہ بھتہ اکثر نچلی سطح کے بورڈ اہلکاروں یا مقامی سیاسی عناصر کی پشت پناہی میں وصول کیا جاتا ہے۔ علاقہ مکینوں کا دعویٰ ہے کہ بورڈ کے اعلیٰ افسران کو یا تو اس تمام صورت حال کی خبر ہی نہیں یا وہ خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ کئی بار شکایات درج کرانے کے باوجود بھی کوئی خاطر خواہ کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ کچھ مقامات پر وقتی طور پر ریڑھیاں ہٹائی جاتی ہیں، مگر چند دن بعد ہی وہ دوبارہ آجاتی ہیں۔ ریڈی بانوں نے نہ صرف فٹ پاتھوں اور چوکوں پر قبضہ جما رکھا ہے بلکہ کئی علاقوں میں عوامی پارکس، کمیونٹی ہالز اور سرکاری زمینوں کو بھی نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ان تمام معاملات میں ضلعی انتظامیہ کی مجرمانہ خاموشی اور بورڈ انتظامیہ کی غفلت ایک سوالیہ نشان بن چکی ہے۔ انکروچمنٹ کے باعث شہریوں کو شدید مسائل کا سامنا ہے۔ ٹریفک جام روزمرہ کا معمول بن چکا ہے، جبکہ فٹ پاتھوں کے غائب ہو جانے سے پیدل چلنے والوں کو سڑک پر چلنا پڑتا ہے جس سے حادثات کے خطرات بڑھ گئے ہیں۔ خواتین، بچے اور بزرگ افراد کے لیے بازار جانا انتہائی دشوار ہو چکا ہے۔ ایک مقامی رہائشی محمد ارشد کا کہنا تھا: "ہمارے علاقے میں روز صبح سے شام تک ریڑھیاں لگ جاتی ہیں۔ فٹ پاتھ پر چلنا تو دور، اپنی گلی سے گاڑی نکالنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ بورڈ والے صرف چالان کرنے آتے ہیں، مگر اصل کام نہیں کرتے۔" شہریوں نے آرمی چیف، وزیر اعلیٰ پنجاب اور کنٹونمنٹ بورڈ کے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس غیر قانونی انکروچمنٹ کو صرف زبانی دعوؤں سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ختم کیا جا سکتا ہے۔ ریڈی بانوں کو متبادل جگہ دی جائے اور ان کو باقاعدہ رجسٹر کیا جائے تاکہ قانون کی عملداری ممکن ہو۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ اگر یہی حالات رہے تو والٹن کنٹونمنٹ کا انفراسٹرکچر مکمل طور پر مفلوج ہو جائے گا۔ انہیں خدشہ ہے کہ آنے والے دنوں میں قبضہ مافیا مزید مضبوط ہو جائے گا اور عوام کے لیے معمولاتِ زندگی مزید دشوار ہو جائیں گے۔

انڈہ ٹکی
دال چاول

یو ایچ ایس کے آن کیمپس انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کے لیے یوگیٹ ٹیسٹ کا انعقاد



لاہور (خبر نگار) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز (یو ایچ ایس) لاہور کے آن کیمپس انڈر گریجویٹ پروگرامز میں داخلے کے لیے یوگیٹ (UGAT) ٹیسٹ آج پنجاب یونیورسٹی کے امتحانی ہالز میں منعقد ہوا جس میں کل 832 امیدواروں نے شرکت کی۔ ٹیسٹ کا آغاز صبح 10 بجے ہوا اور یہ دوپہر 12 بجے پرامن طور پر اختتام پذیر ہوا۔ ٹیسٹ ایک سو معروضی سوالات پر مشتمل تھا۔ یوگیٹ ٹیسٹ ان پروگرامز میں داخلے کے لیے لازمی ہے جن میں ڈاکٹر آف فارمیسی، ڈاکٹر آف فزیکل تھیراپی، بی ایس میڈیکل لیبارٹری ٹیکنالوجی، اسپیچ اینڈ لینگوئج پیتھالوجی، ہیومن جینیٹکس اینڈ مولیکیولر بایالوجی، ٹرانسفیوژن میڈیسن اینڈ بلڈ بینک ٹیکنالوجی اور ہیومن نیوٹریشن اینڈ ڈائیٹیٹکس شامل ہیں۔ یو ایچ ایس کے مطابق ٹیسٹ کا نتیجہ آئندہ ہفتے جاری کر دیا جائے گا جبکہ پہلی میرٹ لسٹ 20 اگست کو آویزاں کی جائے گی۔ یہ داخلے انتہائی مسابقتی تصور کیے جاتے ہیں کیونکہ یو ایچ ایس پاکستان کی اعلیٰ درجہ بندی والی اور قابل ترجیح طبی جامعہ کے طور پر جانی اور مانی جاتی ہے۔

طب کے پیشہ میں مہارت کی کوئی انتہا نہیں: پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج

نوجوان ڈاکٹرز کو ایک دوسرے سے سیکھ کر دکھی انسانیت کی بہتر علاج معالجہ کی جہتیں تلاش کرنا چاہیئے: سربراہ جنرل ہسپتال

PostGraduate Medical Institute
Ameer ud Din Medical College
Lahore General Hospital

لاہور (خبر نگار) پرنسپل امیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر فاروق افضل نے کہا ہے کہ طب کے پیشہ میں مہارت کی کوئی انتہا نہیں ہوتی اور معالجین کو اپنے نالج کو مسلسل بڑھانے اور سیکھنے کا عمل جاری رکھنا چاہیے لہٰذا تجربہ کار سینئر طبی ماہرین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنا علم و تجربہ نوجوان ڈاکٹرز کو منتقل کریں کیونکہ میڈیکل اساتذہ ہی ینگسٹرز کیلئے رول ماڈل کا درجہ رکھتے ہیں اور ہمیں ایک دوسرے سے سیکھ کر دکھی انسانیت کی بہتر سے بہتر علاج معالجہ کی جہتیں تلاش کرنا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر الدین میڈیکل کالج کے زیر اہتمام گرینڈ کلینیکل لیکچر کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر محمود شوکت، سابق پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج و جناح ہسپتال تھے۔ پروفیسر فاروق افضل کا کہنا تھا کہ میڈیکل سائنس نے وقت کے ساتھ بہت ترقی کی ہے اور سرجری کے شعبہ میں ماڈرن طبی آلات کے استعمال نے پیچیدہ آپریشنز کو بھی آسان بنا دیا ہے تاہم ضرورت اس امر کی ہے کہ نوجوان ڈاکٹر سرجنز جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اینڈ اسپیشلائزیشن پر خصوصی توجہ دیں تاکہ وہ اپنے پروفیشن کا نام روشن کرنے کے ساتھ دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا لوہا بھی منوا سکیں۔ پروفیسر محمود شوکت نے کہا کہ میڈیکل ایجوکیشن کسی بھی صحت مند معاشرے کی بنیاد ہے، آج کے دور میں جہاں طب کے میدان میں تیز رفتار ترقی ہو رہی ہے، وہیں تدریسی نظام کو بھی جدید خطوط پر استوار کرنا ناگزیر ہو چکا ہے۔ تحقیقی کلچر اور فیڈ بیک کو بھی فروغ دینا ہو گا، طلبہ کو ریسرچ کے مواقع دیے جائیں تاکہ وہ علم و عمل دونوں میں آگے بڑھ سکیں۔ گرینڈ کلینیکل لیکچر میں طبی ماہرین نے سرجری پروسیجر سمیت میڈیکل ایجوکیشن کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی جس میں تدریسی مہارتوں میں بہتری، طلبہ کی تربیت، اور تدریس میں ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال، علم کا تبادلہ، پیشہ ورانہ ترقی، طبی ماہرین کے درمیان روابط اور اشتراک عمل کا فروغ جیسے موضوعات شامل تھے۔ تقریب میں ایم ایس جنرل ہسپتال پروفیسر فریاد حسین، پروفیسر آمنہ احسن چیمہ، پروفیسر آمنہ خانم، پروفیسر شندانہ طارق، پروفیسر نگہت ہارون، پروفیسر محمد ہارون، پروفیسر کریم اللہ، ڈاکٹر حسن سلیمان، ڈاکٹر محمد مزمل، ڈاکٹر محمد الیاس، ڈاکٹر نادیہ ارشد، پروفیسر عباد الرحمٰن، ڈاکٹر عبدالعزیز اور ڈاکٹر شبیر چودھری سمیت طبی ماہرین، اساتذہ طلباء و طالبات نے شرکت کی۔

کسی بھی انسان کے پاس سب سے بڑی دولت اسکی اچھی صحت ہے: پروفیسر ڈاکٹر اسلان جاوید منیر

اس وقت پاکستان میں آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے

وزیر آباد (نامہ نگار) پروفیسر ڈاکٹر اسلان جاوید منیر نے کہا ہے کہ کسی بھی انسان کے پاس سب سے بڑی دولت اسکی اچھی صحت ہے اور بیماریوں سے پاک جسم پروردگار کی سب سے بڑی نعمت ہے، اس وقت پاکستان میں آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے تاہم چالیس سال سے زائد عمر کے لوگ بھی کروڑوں کی تعداد میں موجود ہیں جو چہرے پر آنے والی جھریوں اور سفید بالوں کو بڑھاپے کی علامت سمجھتے ہیں مگر ان علامات کے ساتھ ساتھ وہ اپنے دماغ میں ہونے والی تبدیلیوں کو نظرانداز کر دیتے ہیں یہ تبدیلیاں بتدریج دماغی کارکردگی پر اثرانداز ہونا شروع ہو جاتی ہیں جن سے فیصلہ سازی متاثر، یادداشت میں کمی اور مطلوبہ کام پر توجہ میں کمی شامل ہیں، کسی بھی انسان کی اچھی دماغی صلاحیت اسے دنیا میں آگے بڑھنے، ترقی دینے، فیصلہ سازی کرنے، جگہوں کو پہچاننے، مسائل پر قابو پانے، دوسروں کو سمجھنے اور شعور دینے میں مدد دیتی ہے مگر جب انسان غیر صحت مند غذا اور عادات کا عادی، سہل مند لائف سٹائل کا رسیا اور ڈپریشن جیسی بیماری میں مبتلا ہو جاتا ہے تو دماغی صلاحیتیں کمزور ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور اس عمل کو X-X کا کنیٹیو ڈکلائن X-X کہا جاتا ہے جو آخر کار ایک پریشان مسئلہ بن جاتا ہے جس کا اثر انسان کی اپنی زندگی کے ساتھ اس کے اہل خانہ پر بھی پڑنا شروع ہو جاتا ہے ان حالات میں انسان کے چاہیے کہ وہ اپنی دماغی صحت پر بھرپور توجہ مرکوز کرے، بڑھتی عمر کے ساتھ یادداشت میں کمی معمول کی بات سمجھی جاتی ہے جیسے کسی کمرے میں جا کر بھول جانا کہ وہاں کیوں گئے تھے یا دوران گفتگو کسی جانی پہچانی چیز کا نام یاد نہ آنا یا بعض مرتبہ اپنے اردگرد موجود شخص کا نام بھول جانا معمول بن جاتا ہے مگر کوئی بھی انسان چند آسان اقدامات کر کے ستر اسی سال کی عمر میں بھی اپنی دماغی صحت کو فعال رکھ سکتا ہے، ایسے لوگ جن کی عمر بڑھنے کے ساتھ دماغی صحت متاثر ہو رہی ہے انہیں دماغی، جسمانی اور ازدواجی صحت کو بہتر رکھنے کے لئے روزانہ چہل قدمی، باغ بانی، اپنے آپ کو خوش رکھنے سمیت ہفتے میں کم از کم ایک سو پچاس منٹ ورزش کا شیڈول زندگی کا معمول بنا لینا چاہیے۔ انہوں نے جنک فوڈ کے عادی لوگوں کے لئے تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ انہیں غیر صحت مند خوراک کو ترک کرتے ہوئے اپنی خوراک میں سبزیوں، پھلوں، اناج، فائبر، خشک میوہ جات، پانی کی خاصی مقدار، زیتون کے تیل اور مچھلی کو شامل کرنا چاہیے کیونکہ یہ وہ خوراک ہے جو دماغی اور جسمانی صحت کے لیے ضروری ہے، دماغی طور پر سرگرم اور صحت مند رہنے کیلئے ضروری ہے کہ لوگ کتاب بینی کی عادت ڈالیں، نت نئی مہارتیں سیکھیں، اپنوں کے ساتھ سماجی تعلقات مضبوط کریں، شطرنج جیسی گیمز کھیلیں۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایت پر کپاس کی بہتر نگہداشت کیلئے ڈائریکٹر جنرلز زراعت کا مختلف علاقوں کا دورہ

فیلڈ فارمیشنز کے تحت جاری سرگرمیوں کی مانیٹرنگ وسرویلنس کی گئی اور کپاس کے کاشتکاروں کو بہتر نگہداشت سے متعلق امور پر رہنمائی فراہم کی گئی

لاہور (صابر غوری) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی ہدایت پر ڈائریکٹر جنرلز زراعت نے مختلف علاقوں کا دورہ کیا جہاں انہوں نے کاشتکاروں سے ملاقات کر کے کپاس کی فصل کو درپیش مسائل دریافت کیے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل انفارمیشن محکمہ زراعت پنجاب نوید عصمت کاہلوں کا کہنا تھا کہ دورے کا مقصد کپاس کے نگہداشتی امور سے متعلق جاری سرگرمیوں کا جائزہ لینا تھا۔ اس دوران فیلڈ فارمیشنز کے تحت جاری سرگرمیوں کی مانیٹرنگ اور سرویلنس کی گئی اور کاشتکاروں کو بہتر نگہداشت سے متعلق امور پر رہنمائی فراہم کی گئی۔ اپنے دورہ کے دوران تمام ڈائریکٹر جنرلز زراعت نے کپاس کے نازک مرحلے اور موجودہ موسمی حالات کے پیش نظر فصل کی دیکھ بھال سے متعلق کاشتکاروں کو مؤثر مشورے دیئے اور بہتر پیداوار کے حصول کے لیے کپاس کی نیوٹریشن و پیسٹ مینجمنٹ سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی جبکہ فیلڈ فارمیشنز کو ٹیکنیکل ایکسپرٹس گروپ کی سفارشات بروقت کاشتکاروں تک پہنچانے کی ہدایت بھی کی۔ اس دورے میں ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع بہاولپور حافظ محمد شفیق اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد سرور بھٹی بھی شریک تھے۔ آج ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع پنجاب چوہدری عبدالحمید نے بہاولنگر جبکہ ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول نے رحیم یار خان کا دورہ کیا۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)4اگست 2025ء

کمشنر گوجرانوالہ نوید حیدر شیرازی سے مذہبی اسکالر مولانا عبدالوہاب کی ملاقات

مختلف دینی کاموں بارے تعاون کرنے کا شکریہ ادا کیا بعد ازاں پندرہ سو سالہ جشن میلاد دھوم دھام سے 2025 میں منانے کے بارے طے ہوا

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی سے مزہبی اسکالر مولانا عبدالوہاب عطاری رکن مرکزی مجلس شورای دعوت اسلامی، ہیڈ آف دعوت اسلامی شعبہ تعلیم ورلڈ کی سرپرستی میں کوآرڈینیشن ڈیپارٹمنٹ کے تحت ایک وفد کی مختلف تنظیمی معاملات کے لیئے ملاقات ہوئی مختلف دینی کاموں بارے تعاون کرنے کا شکریہ ادا کیا بعد ازاں پندرہ سو سالہ جشن میلاد دھوم دھام سے 2025 میں منانے کے بارے طے ہوا۔ اجلاس میں گوجرانوالہ ڈویژن بھر میں خوب لائیٹنگ کرنے پینافلیکس مخصوص اشعار کی لگانے دفاتر اور گھروں میں محافل میلاد کرنے کروانے بارے طے ہوا اجلاس میں منی اسٹیڈیم گوجرانوالہ میں اجتماع میلاد پر خوب تعاون کرنے بارے طے ہوا جلوس میلاد کے راستوں کی صفائی ستھرائیں، لائٹنگ، لنگر اور مشروب پیش کرنے اور سابقہ روایات کے مطابق شرکت کرنے کا بھی گوندلانوالہ چوک میں نماز ظہر سے عصر کے وقت کے دوران طے ہوا مرکز فیضان مدینہ دعوت اسلامی کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر گوجرانوالہ کے وزٹ کا بھی طے ہوا پودا لگانا ہے درخت بنانا ہے

درس وتدریس کے شعبے سے نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو نکھار اور ان کو معاشرتی اسلوب کی عملی تربیت حاصل ہوتی ہے

نوجوان نسل کو تعلیم کے حصول سے اپنی درست سمت کے تعین میں مدد ملتی ہے: پروفیسر حافظ عبدالستار

وزیرآباد (نامہ نگار) درس وتدریس کے شعبے سے نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو نکھار اور ان کو معاشرتی اسلوب کی عملی تربیت حاصل ہوتی ہے ,نوجوان نسل کو تعلیم کے حصول سے اپنی درست سمت کے تعین میں مدد ملتی ہے ,جن معاشروں اور قوموں میں تعلیم کا اصول بنیادی اکائی کا حامل ہوتا ہے وہ قومیں معاشرے ترقی کی منازل طے کر کے دنیا میں سرکرو اور کامیابی حاصل کرتے ہیں ۔ان خیالات کا معروف عالم دین پروفیسر حافظ عبدالستار حامد نے ہوپ سکول سسٹم کی چوتھی برانچ شیش محل کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔اس موقع پر ڈائریکٹر محمد فیاض ,سابق سیکرٹری ایجوکیشن گوھر الطاف ,ایے ای او آفتاب صادق چیمہ ,سابق پرنسپل پروفیسر شیخ ثناء اللہ ,پروفیسرز حافظ حامد الرحمن ,سید جنید الحسن بخاری , نسیم الحسن ,لیاقت نذیر ,ہارون شہزاد ,عطاء اللہ نیازی ,محمد ساجد ,ملک محمد یامین ,قاری محمد اعجاز ,زاہد محمود ہاشمی ,نعیم اشرف ,رانا شبیر ,نعیم میو ,فیصل ,رضوان چیمہ ,محمد ہاشم چیمہ ,ظہور احمد سمیت اساتذہ کرام ,معززین علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی ۔انہوں نے کہا کہ درس وتدریس ایسا خزانہ ہے تقسیم کرنے پر بھی کم نہیں ہوتا بلکہ اس خزانے میں نئی سے نئی جدت آرہی ہے ,جدید علوم کا حصول ہر قوم اور معاشرے کے لئے ضروری ہے ,تعلیم سے افراد کی شخصیت میں نکھار پیدا ہوتا ہے ,ہوپ سکول سسٹم تعلیم اور خواندگی کے فروغ اور ملکی تعمیر وترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے اس شعبے میں تعلیمی امور کے ماہر اساتذہ کرام اپنی علمی صلاحیتوں سے نوجوان نسل کو ارض پاک کی تعمیر وترقی میں بھرپور کردار ادا کرنے کی علمی ,عملی تربیت دے رہے ہیں۔

حافظ آباد میں یوم اقلیت

11 اگست کو منایا جائے گا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں یوم اقلیت 11 اگست کو منایا جائے گا۔ یوم اقلیت کے سلسلہ میں مسلم لیگ ن مینارٹی ونگ کے زیر اہتمام جناح ہال میں ایک تقریب منعقد ہوگی اور ڈسٹرکٹ پریس کلب میں پولیس اور فوج کے شہداء کی تصویر لگا کر شمعیں روشن کی جائیں گی۔ان تقریبات کی مہمان خصوصی کوآرڈینیٹر ٹو وزیراعلیٰ پنجاب ایم این اے محترمہ سائرہ افضل تارڑ ہوں گی، جبکہ میزبانی کے فرائض جاوید قمر سندھو صوبائی کوآرڈینیٹر پاکستان مسلم لیگ ن مینارٹی ونگ پنجاب، آصف کھوکھر کوآرڈینیٹر مسلم لیگ ن مینارٹی ونگ گوجرانوالہ ڈویژن ہونگے۔

یونیورسٹیوں اور کالجز میں منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان انتہائی تشویشناک ہے: خالد وسیم ایڈووکیٹ

نوجوان لڑکے اور لڑکیاں تعلیم حاصل کرنے کے بہانے والدین کو جھوٹ بول کر رقم حاصل کرتے ہیں جسے وہ منشیات یا دیگر بے راہ روی کی سرگرمیوں پر خرچ کرتے ہیں

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید)سیالکوٹ کنزیومر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ یونیورسٹیوں اور کالجز میں منشیات کا بڑھتا ہوا رجحان انتہائی تشویشناک ہے جسے فوری طور پر روکنے کی ضرورت ہے آئس سمیت دیگر خطرناک نشہ آور اشیاء تک نوجوانوں کی با آسانی رسائی نے معاشرتی بگاڑ کو جنم دیا ہے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں تعلیم حاصل کرنے کے بہانے والدین کو جھوٹ بول کر رقم حاصل کرتے ہیں جسے وہ منشیات یا دیگر بے راہ روی کی سرگرمیوں پر خرچ کرتے ہیں بعض طلبہ والدین کو فرضی کتابوں یا دیگر تعلیمی ضروریات کا بہانہ بنا کر دھوکہ دیتے ہیں جبکہ اصل مقصد منشیات تک رسائی حاصل کرنا ہوتا ہے خالد وسیم ایڈووکیٹ نے متعلقہ اداروں اور قانون نافذ کرنے والے حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ اس اہم مسئلے پر فوری ایکشن لیں بصورت دیگر آنے والے دنوں میں اس کے نتائج نہایت خطرناک ہو سکتے ہیں انہوں نے والدین اساتذہ اور معاشرتی تنظیموں پر بھی زور دیا کہ وہ مل کر اس لعنت کے خلاف کردار ادا کریں تاکہ نوجوان نسل کو تباہی سے بچایا جا سکے

استاد سید شبیر حسین شاہ کی اہلیہ محترمہ یہاں محلہ شیر پورہ میں انتقال کر گئیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ملک کے معروف نعت خواں اور گورنمنٹ ہائی سکول نمبر 1 حافظ آباد کے سابق استاد سید شبیر حسین شاہ کی اہلیہ محترمہ یہاں محلہ شیر پورہ میں انتقال کر گئیں ۔ مرحومہ کی نماز جنازہ بڑے قبرستان ریلوے لائن والے میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی ۔

شیخوپورہ کی عوام کے لیے مرقع سیاست وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا تاریخی کارنامہ

نارکارہ بوسیدہ سیوریج سسٹم واٹر سپلائی اور ڈسپوزل اسٹیشن کو تبدیل اور اپ گریڈیشن کے لیے مثبت قدم

فیروزوالہ (نامہ نگار منور حسین) شیخوپورہ کی عوام کے لیے مرقع سیاست وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کا تاریخی کارنامہ چھ ارب روپے کی اہل منظوری، نارکارہ بوسیدہ سیوریج سسٹم واٹر سپلائی اور ڈسپوزل اسٹیشن کو تبدیل اور اپ گریڈیشن کے لیے مثبت قدم وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ وتحقیق رانا تنویر حسین، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ خراج تحسین کے مستحق شہری عوامی حلقوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کا چینی اور دیگر اشیاء کی مانیٹرنگ کیلئے کریانہ سٹور کا دورہ

اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل بھی ہمراہ تھے ۔انہوں نے حکومتی ہدایت کے مطابق چینی کے نرخ 173 روپے فی کلو کا ڈسپلے بھی چیک کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود کا چینی اور دیگر اشیائے صرف کی قیمتوں کی مانیٹرنگ کے لئے مختلف کریانہ اسٹورز کا دورہ، اشیائے ضروریہ کی سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد کا جائزہ لیا۔ڈپٹی کمشنر کی دکان داروں سے براہ راست گفتگو، نرخ نامے چیک کیے اور عوام سے بھی فیڈ بیک لیا۔انہوں نے دورہ کے دوران چینی کی قیمتوں کا خصوصی طور پر جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نیاز احمد مغل بھی ہمراہ تھے ۔ انہوں نے حکومتی ہدایت کے مطابق چینی کے نرخ 173 روپے فی کلو کا ڈسپلے بھی چیک کیا اور چینی سمیت دیگر اشیاء کی قیمتوں کے حوالے سے مجموعی صورتحال کو اطمینان بخش قرار دیا۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے دکانداروں کے تعاون اور حکومتی ہدایات پر عملدرآمد کو سراہا اور ہدایت کی کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے فیلڈ انسپکشنز کا سلسلہ روزانہ کی بنیاد پر جاری رکھا جائے اور پرائس کنٹرول میکنزم کو مزید موثر بنایا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ عام آدمی کو بنیادی اشیاء صرف کی سرکاری نرخوں پر دستیابی ہر صورت یقینی بنائی جائے گی۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر شاہد محمود نے شہر کی سب سے مصروف ہائی سٹریٹ کی خوبصورتی کیلئے جاری پلانٹیشن مہم کا جائزہ لیا۔انہوں نے پی ایچ اے کی جانب سے پودے لگانے کا عمل چیک کیا اور پودوں کی مکمل دیکھ بھال کی بھی ہدایت کی۔

نوزائیدہ بچوں کی پرورش ایک انتہائی توجہ طلب کام ہے: ڈاکٹر میاں عنصر یوسف جوئیہ

بچوں کو موسمی اثرات سے بچانے سمیت بچوں کو انتہائی نگہداشت کی ضرورت ہے

عارفوالا (نمائندہ قوت نامہ نگار) نوزائیدہ بچوں کی پرورش ایک انتہائی توجہ طلب کام ہے بچوں کو موسمی اثرات سے بچانے سمیت بچوں کو انتہائی نگہداشت کی ضرورت ہے خصوصاً ماں کا دودھ بچے کی صحت اور توانائی کیلئے ناگزیر ہے۔ جس کے مقابلے میں بازاری دودھ ہرگز اہمیت طلب نہیں ماں کو چاہیئے کہ وہ نوزائیدہ بچے کو کم از کم دو سال کے لئے اپنا دودھ ضرور پلائے بلکہ ہر ماں اپنے بچے کو پیدائش کے پہلے گھنٹے میں اپنا دودھ ضرور پلائے خواہ وہ بچہ نارمل یا آپریشن کے ذریعے ہی پیدا ہوا ہو اور ہدایت کے مطابق مناسب خوراک کا اہتمام کرے تاکہ زچہ بچہ دونوں تندرست رہ سکیں اور ماں کا دودھ نومولود کا بنیادی حق ہے اور اسے اس نعمت سے محروم رکھنا نہ صرف قانونی و مذہبی جرم ہے بلکہ ماں کا دودھ نوزائیدہ بچوں کی بہتر نشوونما اور انہیں مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کیلئے بھی از حد ضروری ہے ماں کا دودھ بچے کیلئے بہترین غذائیت کا حامل ہوتا ہے جو بچے کو طاقتور اور صحت مند بناتا ہے جس میں وٹامن A کے ساتھ ساتھ ضروری فیٹی ایسڈ بھی ہوتے ہیں جو نومولود کے دماغ، آنکھوں اور خون کی نالیوں کی نشوونما کیلئے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں ماں کا دودھ ایک مکمل غذا اور بچے کیلئے شفا بھی ہے ماں کا دودھ بچے میں قوت مدافعت بڑھانے کا ذریعہ ہے ان خیالات کا اظہار چلڈرن سپیشلسٹ ڈاکٹر میاں عنصر یوسف جوئیہ نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ گرمی کے موسم میں چھوٹے بچوں میں اسہال، پیچش اور ہیضہ کا مسلسل رجحان لیوا ثابت ہو سکتا ہے اس لئے بچوں کو دھوپ سے بچاتے ہوئے مشروبات اور نوزائیدہ بچوں کو بار بار دودھ پلائیں اگر بچوں میں اسہال یا پیچش کی شکایت ہو تو فوراً نمکول کا استعمال کریں تاکہ جسم میں پانی کی کمی کو پورا کیا جا سکے بچوں میں نمونیہ کی بیماری کیلئے کوئی موسم مخصوص نہیں بلکہ یہ بچوں کو گرمی میں بھی ہو سکتا ہے علاوہ ازیں آج کل بچوں میں ڈائریا وغیرہ کی بیماری نے بھی سر اٹھایا ہوا ہے ان تمام حالات میں خود علاجی سے گریز کرنا چاہئے اور فوری بچوں کے علاج معالجہ کے حوالے سے تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال عارفوالا میں چلڈرن ایمرجنسی بنائی گئی ہے جس میں 24 گھنٹے مسلسل بچوں کا علاج معالجہ کیا جا رہا ہے انہوں نے مزید کہا کہ اگر والدین موسمی تبدیلیوں کے پیش نظر حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق خود بھی اور بچوں کے لئے متوازن غذا کا اہتمام کریں موسم گرما کی روانگی اور موسم سرما کی آمد کے دوران تبدیل ہونے والے موسم کی وجہ سے جلدی بیماریاں جنم لیتی ہیں

لاہور جن کی نسبت سے داتا کی نگری کہلاتا ہے، اس برگزیدہ ہستی کا نام علی بن عثمان ہجویری المعروف داتا صاحب ہے: علامہ فیض الحسن شاہ چشتی صابری

اپنے اخلاق اور حسنِ کردار سے غیر مسلموں کو گرویدہ اسلام کیا، ان کی بے مثل تصنیف کشف المحجوب تصوف پر سند قرار دی جاتی ہے

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریزیڈنٹ ایڈیٹر) محافظ عقیدت اہلسنت آلِ نبی اولاد علی علامہ فیض الحسن شاہ چشتی صابری سجادہ نشین آستانہ عالیہ وجھواں شریف نے کہا ہے کہ لاہور جن کی نسبت سے داتا کی نگری کہلاتا ہے، اس برگزیدہ ہستی کا نام علی بن عثمان ہجویری المعروف داتا صاحب ہے، حضرت علی ہجویری تقریبا ایک ہزار سال قبل افغانستان سے لاہور تشریف لائے اور بھاٹی دروازے کے قریب قیام فرمایا، اپنے اخلاق اور حسن کردار سے غیر مسلموں کو گرویدہ اسلام کیا، ان کی بے مثل تصنیف کشف المحجوب تصوف پر سند قرار دی جاتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے سالانہ عرس مبارک داتا علی ہجویری و تاجدار بریلی شریف کے سلسلہ میں جامع مسجد ہجویری اجمیری گلہ ڈاچی والا لنک گلہ ڈاکٹر مقصود والا قذافی روڈ گرجاکھ میں منعقدہ محفل سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔عرس مبارک کی محفل سے ضلعی صدر پاکستان سنی تحریک ڈاکٹر محمد حبیب الرحمن رضوی، محمد وسیم اکرم قادری رضوی، علامہ محمد اعظم علی قادری، محمد رضوان رضوی، حافظ محمد ظہیر عباس نوری، محمد زاہد رضوی، محمد علی حسن رضوی، محمد نوید رضوی، حافظ محمد حمزہ رضوی، محمد حسنین رضا رضوی، علامہ حافظ محمد محسن رضا رضوی، علامہ سلمان رضوی، علامہ مفتی ازہار علی رضوی، مفتی غلام مصطفے رضوی، علامہ پیر محمد عبدالجلیل رضوی، علامہ محمد فاروق رضوی، علامہ حافظ محمد رفیق رضوی، علامہ انور رضا رضوی، مفتی غلام علی رضا خان، علامہ شبیر احمد رضوی، علامہ سعید رضا رضوی و دیگر کثیر تعداد میں علما کرام اور عوام اہلسنت نے شرکت کی۔

محکمہ زراعت توسیع اور فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں کسانوں کی رہنمائی کے لئے سرسبز دھان کنونشن کا انعقاد کیا گیا

سیمینار میں فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی کی طرف سے امانت علی سندھو ٹیکنیکل سروسز آفیسر ضلع فیصل آباد محمد یاسین باجوہ ڈسٹرکٹ سیلز منیجر چنیوٹ محمد عمران حسین ڈویلپمنٹ منیجر نارتھ-2 اور اسلام الدین میمن ریجنل سیلز منیجر فیصل آباد ڈویژن نے شرکت کی اور کسانوں سے خطاب کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) محکمہ زراعت توسیع اور فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی کے اشتراک سے مقامی ہوٹل میں کسانوں کی رہنمائی کے لئے سرسبز دھان کنونشن کا انعقاد کیا گیا۔سیمینار میں فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی کی طرف سے امانت علی سندھو ٹیکنیکل سروسز آفیسر ضلع فیصل آباد محمد یاسین باجوہ ڈسٹرکٹ سیلز منیجر چنیوٹ محمد عمران حسین ڈویلپمنٹ منیجر نارتھ-2 اور اسلام الدین میمن ریجنل سیلز منیجر فیصل آباد ڈویژن نے شرکت کی اور کسانوں سے خطاب کیا۔فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی فیصل آباد کے ٹیکنیکل سروسز آفیسر امانت علی سندھو نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دھان پاکستان کی ایک انتہائی اہم فصل ہے۔دھان کی فی ایکڑ منافع بخش پیداوار حاصل کرنے کے لئے فاسفورس اور نائٹروجن فصل کے اہم خوراکی اجزاء ہیں اور پاکستانی زمینوں کے لئے عام کھادوں کی بجائے فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی کی تیز اثر والی سرسبز نائٹروفاس اور کین گوارا کھادوں کے استعمال سے دھان کی فی ایکڑ پیداوار میں 10 سے 15 فیصد یقینی اضافہ کیا جاسکتا ہے محمد عمران حسین ڈویلپمنٹ منیجر نارتھ-2 نے کسانوں کو دھان کی فی ایکڑ 10 سے 15 فیصد زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لیے دھان کی فصل میں سرسبز نائٹروفاس اور کین گوارا کے استعمال بارے تفصیل سے آگاہ کیا۔اسلام الدین میمن ریجنل سیلز منیجر فیصل آباد ڈویژن نے فاطمہ فرٹیلائزر کمپنی کی طرف سے محکمہ زراعت اور کسانوں کا شکریہ ادا کیا۔ڈاکٹر محمد شہباز ڈپٹی ڈائریکٹر محکمہ زراعت توسیع چنیوٹ نے کسانوں کو حکومت پنجاب کے کسانوں کے لئے کیے جانے والے اقدامات اور سکیموں کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔محمد خالد اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایگریکلچر ایکسٹینشن تحصیل چنیوٹ نے دھان کی پیداواری ٹیکنالوجی سے زمینداروں کو بڑی تفصیل سے آگاہ کیا۔شاہد اصغر ڈپٹی ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹیسائیڈز چنیوٹ نے دھان میں کیڑوں اور بیماریوں کے کنٹرول بارے آگاہ کیا۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ ڈائریکٹر پی ایچ اے نیاز احمد مغل کا شہر کے پارکوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ

فریدیہ پارک، چمن زار پارک، فرید ٹاؤن پارک سمیت دیگر پارکوں میں جاری شجرکاری کے کام کا بھی جائزہ لیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ ڈائریکٹر پی ایچ اے نیاز احمد مغل کا شہر کے پارکوں میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ، فریدیہ پارک، چمن زار پارک، فرید ٹاؤن پارک سمیت دیگر پارکوں میں جاری شجرکاری کے کام کا بھی جائزہ لیا۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا پی ایچ اے کی بنیادی ذمہ داری ہے اور محدود وسائل کے باوجود پی ایچ اے یہ ذمہ داری خوش اسلوبی سے نبھاتی رہے گی۔ انہوں نے پارکوں میں سیکورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ سماج دشمن عناصر پر بھی کڑی نظر رکھی جائے۔ نیاز احمد مغل نے عملے کو پودوں کی مکمل دیکھ بھال کی بھی ہدایت کی۔

ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی اور رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے اسپیشل ایجوکیشن سنٹر میں ہیلپنگ ہینڈ آرگنائزیشن کے تحت تزئین وآرائش اور جدید آئی ٹی سہولیات کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح کر دیا

قوتِ سماعت وگفتار سے محروم بچوں کی تعلیم کے لیے مخصوص سرکاری ادارک ب جدید سہولیات، رنگ و نور اور بہتر تعلیمی ماحول سے آراستہ ہو چکا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی اور رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے اسپیشل ایجوکیشن سنٹر، میں ہیلپنگ ہینڈ آرگنائزیشن کے تحت تزئین وآرائش اور جدید آئی ٹی سہولیات کی فراہمی کے منصوبے کا افتتاح کر دیا۔قوتِ سماعت وگفتار سے محروم بچوں کی تعلیم کے لیے مخصوص سرکاری ادارک ب جدید سہولیات، رنگ و نور اور بہتر تعلیمی ماحول سے آراستہ ہو چکا ہے۔ہیلپنگ ہینڈ آرگنائزیشن نے بے مثال خلوص کے ساتھ خصوصی بچوں کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے کئی اہم اقدامات کیے ہیں۔ادارے کے تمام کلاس رومز میں ایئر کولرز کی فراہمی عمل میں آئی تاکہ گرمیوں میں بچوں کو آرام دہ ماحول میسر ہو۔اس کے ساتھ ساتھ 2025 ماڈل کے جدید اسمارٹ وائٹ بورڈز نصب کیے گئے ہیں جو تدریس کو زیادہ مؤثر اور دلچسپ بناتے ہیں۔ کمپیوٹر لیب کی مکمل تنصیب طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے روشناس کرانے کی ایک اہم کوشش ہے۔ادارے میں سافٹ بورڈز کی فراہمی طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کی نمائش کے لیے کی گئی، جبکہ ہر کلاس روم کی دیواروں کو تازہ، جاذبِ نظر رنگوں سے پینٹ کیا گیا تاکہ ماحول مثبت اور خوشگوار رہے۔ اساتذہ وطلبہ کی سہولت کے لیے وال کلاکس اور ٹیبل شیٹس فراہم کی گئیں، جن سے وقت کی پابندی اور صفائی برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ بہتر صفائی اور حفظانِ صحت کو یقینی بنانے کے لیے کلاس رومز میں ڈسٹبن رکھے گئے ہیں، اور آخر میں گلدانوں کا اضافہ ماحول کو خوشنما بنانے کے ساتھ ساتھ فطری خوبصورتی کی نمائندگی بھی کرتا ہے۔ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے اس بات پر زور دیا کہ خصوصی بچوں کو معیاری تعلیم اور آرام دہ ماحول کی فراہمی نہ صرف ان کا حق ہے بلکہ یہ معاشرے کی اجتماعی ذمہ داری بھی ہے۔انہوں نے ہیلپنگ ہینڈ آرگنائزیشن کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں معاشرتی ترقی کا اہم ستون قرار دیا۔رکن صوبائی اسمبلی محمد منشاء اللہ بٹ نے اس منصوبے کو تعلیمی میدان میں ایک اہم سنگِ میل قرار دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ دیگر ادارے بھی اس مثال کو اپنائیں گے۔

غزہ فلسطین ہر روز بدترین منظر نامہ پیش کر رہا ہے: سید آفتاب عظیم بخاری

ہر روز بدترین منظر نامہ پیش کر رہا ہے اکتوبر 2023 سے اسرائیلی بمباری کا سلسلہ جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹ) پاکستان فلاح پارٹی کے سینئر وائس چیئرمین سید آفتاب عظیم بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ غزہ فلسطین ہر روز بدترین منظر نامہ پیش کر رہا ہے اکتوبر 2023 سے اسرائیلی بمباری کا سلسلہ جاری ہے دوسری جانب بھوک سے ہونے والی اموات میں قحط اور انسانی تباہی، خوراک کی شدید قلت نے جسموں سے گوشت تک چھین لیا ہے علاج معالجے کی سہولت میسر نہیں فلسطینی عوام پر ہونے والا ظلم نسل کشی عالمی برادری، انسانی حقوق کی تنظیمیں، اقوام متحدہ کے ادارے، مسلم حکمران سمیت پوری انسانیت کے ضمیر پر ایک سوالیہ نشان ہے افسوس ناک پہلو یہ ہے کہ غزہ میں انسانیت لرز رہی ہے مسلم حکمران کا کردار صرف مذمتی قرداد یں منظور کروانے تک محدود ہے جس کا اسرائیل یا امریکہ پر کوئی اثر نہیں ہوتا مسلم حکمرانوں کو ہوش کے ناخن لینا چاہیے یہ جان لینا چاہیے کہ مسئلہ فلسطین، فلسطینی عوام کا مسئلہ نہیں بلکہ عالم اسلام اور پوری انسانیت کا مسئلہ بن چکا ہے مسلم ممالک غزہ کے حوالے سے اپنا کردار ادا کریں۔انہوں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ کے 193 ارکان ممالک میں 142 ممالک کا فلسطین کو آزاد ریاست کے طور تسلیم کرنے کا عندیہ دینا اور یہ تسلیم کرنا کہ اسرائیل غزہ میں ظلم ڈھا رہا ہے بھوک سے عوام مر رہے ہیں ایسا ظلم کو روکنے کیلئے ہم فلسطین کو آزاد ریاست کے طور تسلیم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں یہ مثبت قدم ہے ان تمام ممالک کو چاہیے کہ ہنگامی بنیادوں پر غزہ میں عارضی نہیں مستقل جنگ بندی کو یقینی بنانے کیساتھ ساتھ فوری طور خوراک، ادویات علاج معالجہ و دیگر سہولیات کی بلا رکاوٹ فراہم کرنے کیلئے بھی اقدامات کو یقینی بنائیں۔

جشن آزادی اور معرکہ حق کے سلسلے میں ضلع بھر میں تقریبات عروج پر پہنچ گئیں

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک۔جشن آزادی اور معرکہ حق کے سلسلے میں ضلع بھر میں تقریبات عروج پر پہنچ گئیں۔ضلع کے سرکاری و نیم سرکاری ادارے، چوکوں اور مارکیٹس و دیگر اہم پوائنٹس برقی قمقموں سے روشن ہیں جو 14 اگست تک بلا تعطل جگمگائیں گی۔علاوہ ازیں شاہرات اور بازاروں میں قومی پرچم، جھنڈیوں، بیجز پر مشتمل سٹالز لگ چکے ہیں اور خصوصی طور پر بچوں جشن آزادی منانے کے لئے پر جوش نظر آ رہے ہیں۔ ضلعی سطح پر سکولوں کے طالب علموں کے مابین اگلے ایام میں مضمون نویسی اور ماحولیاتی تحفظ کو اجاگر کرنے کے لئے مقابلہ جات بھی شیڈول ہیں۔ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے کہا کہ زندہ قومیں اپنی آزادی کا دن جوش وجذبے سے مناتی ہیں اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ سمیت تمام طبقات جشن آزادی کی جاری سرگرمیوں میں شریک ہیں۔

بیداری میں سابق صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سجاول وسیم کی بطور مہمان خصوصی شرکت

ایگزیکٹو ڈائریکٹر ارشد مرزا کے ہمراہ طلباء میں انٹرن شپ سے سرٹیفکیٹ تقسیم کئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ/ گورنمنٹ کالج ویمن یونیورسٹی سیالکوٹ کے شعبہ سیاسیات سے تعلق رکھنے والی 38 طالبات کے اعزاز میں انٹرن شپ سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی یہ انٹرن شپ بیداری کے جاری منصوبے سیالکوٹ پنجاب پاکستان میں مقامی جمہوری طرز حکمرانی اور انتخابی عمل کو مضبوط بنانے کے پروگرام کے تحت کروائی گئی سابق صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی سجاول وسیم نے طالبات کی محنت اور عزم کو سراہتے ہوئے کہا کہ طالبات کو جمہوری عمل میں شمولیت کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ مقامی سطح پر مثبت تبدیلی کا باعث بن سکیں طالبات کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں تقریب کی صدارت ارشد محمود مرزا (ایگزیکٹو ڈائریکٹر، بیداری) نے کی جبکہ مہمان اعزاز منزا بخاری (لیکچرار، شعبہ سیاسیات و بین الاقوامی تعلقات، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی سیالکوٹ) تھیں انہوں نے طالبات کی کوششوں کو سراہا اور انہیں مشورہ دیا کہ وہ اپنے علم اور صلاحیتوں کو سماجی بہتری کے لیے بروئے کار لائیں دیگر معزز مقررین میں ایڈووکیٹ ہاشم چیمہ (رکن بار، سمبڑیال)، ایڈووکیٹ ساجد اقبال خان (پروجیکٹ منیجر)، ناظمہ ارشاد (پروجیکٹ منیجر) اور حسنین مقبول (سوشل موبلائزر) شامل تھے مقررین نے طالبات پر زور دیا کہ وہ مقامی حکومت انتخابی عمل اور جمہوری اقدار کے فروغ میں سرگرم کردار ادا کریں 38 طالبات کو کامیابی سے انٹرن شپ مکمل کرنے پر سرٹیفکیٹس دیے گئے۔

پنجاب خوشحالی سروے کا آغاز شرقپور شریف میں آگاہی تقریب کا انعقاد

اس سروے کے ذریعے درج ذیل اہم سماجی و فلاحی پہلوؤں پر معلومات اکٹھی کی جائیں گی

شرقپور شریف (نامہ نگار) تحصیل شرقپور کے معروف سماجی رہنما ملک نزیر احمد، ملک عمران علی ,ملک طارق کے ڈیرہ 22 چک میں پنجاب خوشحالی سروے 2025 کے آغاز کے حوالے سے ایک آگاہی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔اس اہم تقریب میں پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی، اربن یونٹ کے ضلعی سربراہ، معروف سماجی شخصیت حافظ ظہیر گادی، میاں آصف، اور محکمہ خواندگی وغیر رسمی بنیادی تعلیم کے تحصیل لٹریسی موبلائزر وقار علی بھٹی نے شرکت کی۔تقریب کے شرکاء کو آگاہ کیا گیا کہ پنجاب خوشحالی سروے کا مقصد صوبے میں موجود آبادی کی حقیقی صورتحال کا تخمینہ لگانا ہے تاکہ حکومت کی جانب سے جاری فلاحی منصوبے شفاف، منصفانہ اور مستحق افراد تک پہنچائے جا سکیں۔اس سروے کے ذریعے درج ذیل اہم سماجی وفلاحی پہلوؤں پر معلومات اکٹھی کی جائیں گی۔آبادی کا درست تخمینہ، تعلیم، صحت اور بنیادی سہولیات تک رسائی، گھرانے کی مالی حالت، رہائش، اور ملازمت کی صورتحال، خواتین، معذور افراد، بچوں اور ضعیف العمر افراد کی فلاح۔تقریب میں بتایا گیا کہ درج ذیل حکومتی پروگرامز اس سروے کا حصہ ہیں: دھی رانی پروگرام، بیواہ سہارا پروگرام، پنجاب نشوونما پروگرام، آسان کاروبار اسکیم، کسان کارڈ، ویٹرنری کارڈ، اپنا گھر اپنی چھت اسکیم، مریم کفالت کارڈ، راشن کارڈ پروگرام، یہ تمام سہولیات پنجاب حکومت کے سوشل ویلفیئر وژن کے تحت مستحق افراد تک پہنچائی جائیں گی۔ ماضی میں دستیاب ڈیٹا کی غیر موجودگی یا ناقص معلومات کی بنا پر کئی اہل افراد ان سہولیات سے محروم رہ جاتے تھے۔ پنجاب خوشحالی سروے کا بنیادی مقصد اس خلا کو پُر کرنا ہے۔

پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے زیر اہتمام پاورلوم ورکر کی اجرتوں میں اضافہ کے لئے احتجاجی ریلی کا اہتمام

حکومت مہنگائی پر کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکی ہے بجلی گیس کی قیمتوں میں آضافہ سے مہنگائی کا طوفان لوگوں کی زندگیاں نگل رہا ہے: شرکاء ریلی

فیصل آباد(میاں محمد ساجد) پاکستان لیبر قومی موومنٹ کے زیر اہتمام پاورلوم ورکر کی اجرتوں میں اضافہ کے لئے احتجاجی ریلی چک نمبر 67 ج ب سدھار سے نکالی گئی جو ڈی سی او آفس کے سامنے اختتام پذیر ہوئی مزدوروں کی جانب سے حقوق کے حصول کے لئے نعرے بازی بابا لطیف انصاری چیئرمین پاکستان لیبر قومی موومنٹ 'حقوق خلق پارٹی، اسلم معراج، ملک ممتاز، رانا ریاض، شیخ نثار احمد و دیگر نے خطابات میں کہا حکومت مہنگائی پر کنٹرول کرنے میں ناکام ہو چکی ہے بجلی گیس کی قیمتوں میں آضافہ سے مہنگائی کا طوفان لوگوں کی زندگیاں نگل رہا ہے حکومت سالانہ اجرتوں میں اضافہ پر عمل درامد نہیں کروا رہی لاکھوں مزدور سوشل سیکورٹی کارڈ سے محروم ہیں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مظاہرین سے مذاکرات کئے گئے جس میں لیبر ڈائریکٹر غلام شبیر کلیار، اے ڈی سی جی نے مذاکرات کرتے ہوئے یقین دہانی کروائی کی اور ایسوسی ایشن کے صدر وحید خالق رامے کی اہلیہ کی وفات کی وجہ سے مالکان شامل نہیں ہو سکے بروز پیر دوبارہ دونوں فریقین کو مزکرات پر امادہ کرتے ہوئے معاملات حل کروانے کی کوشش کریں گے جس پر مظاہرین پر امن طور پر منتشر ہو گئے۔

گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد کی طرف سے شجرکاری مہم کا افتتاح

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) گرین اینڈ کلین، پریس کلب مصطفی آباد کی طرف سے شجرکاری مہم کا افتتاح، مصطفی آباد میں دس ہزار پھل پھول اور سایہ دار درخت لگائیں جائیں گے، ہر شخص کو ہر سال اپنے حصہ کا پودا لگانے کی ضرورت ہے، مقررین۔تفصیلات کے مطابق گرین اینڈ کلین مصطفی آباد اور پریس کلب مصطفی آباد کی طرف سے ہر سال کی طرح اس سال بھی پودے لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر دیا گیا، افتتاحی تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے صدر ادریس نمبر دار، جنرل سیکرٹری مہر سرور، صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ محمد عمران سلفی، صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد سیٹھ محمد حسین و دیگر مقررین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ گرین اینڈ کلین مہم اور پریس کلب مصطفی آباد کی مشترکہ کاوشوں سے مصطفی آباد میں ہزاروں لگائے جا چکے ہیں، پھل پھول اور سایہ دار درخت لگا کر مصطفی آباد کو آکسیجن، پھل اور خوشبو فراہم کرنا چاہتے ہیں، اس سال بھی دس ہزار پودے لگائے جائیں گے، شجرکاری مہم میں ہر سال ہر شخص کو حصہ لینے کی ضرورت ہے، شجرکاری ہماری آنے والی نسلوں کی اشد ضرورت ہے، ہمیں موسمیاتی تبدیلیوں پر کنٹرول کرنے کے لئے شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ضرورت ہے، ہمیں نہ صرف اپنے حصہ کا پودا لگانا ہو گا بلکہ اس پودے کی دیکھ بھال بھی کرنا ہو گی، ایسے افراد جو اپنے گھر، کھیت، دفاتر میں پودے لگانا چاہتے ہیں وہ ہم سے رابطہ کر کے پودے حاصل کر سکتے ہیں۔

سٹی ٹریفک پولیس گجرانوالہ کا ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

شہر بھر میں مختلف مقامات پر ناکہ بندی کر کے ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مقدمات درج

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کہ ویژن محفوظ پنجاب کے تحت چیف ٹریفک آفیسر عائشہ بٹ کی زیر نگرانی سٹی ٹریفک پولیس گجرانوالہ کا ون ویلنگ کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔شہر بھر میں مختلف مقامات پر ناکہ بندی کر کے ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف مقدمات درج۔خطرناک طریقے سے موٹر سائیکل چلانے والے اور ون ویلنگ کرنے والے 9 افراد کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے مقدمات درج کروائے گئے۔اس موقع پر سی ٹی او گجرانوالہ کا کہنا تھا کہ ون ویلنگ کھیل نہیں موت ہے اس خونی کھیل کو کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں۔۔چیف ٹریفک آفیسر گوجرانوالہ عائشہ بٹ نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے بچوں پر خصوصی نظر رکھیں اور انہیں اس خونی کھیل سے منع کریں۔سی ٹی او گوجرانوالہ نے ٹریفک سٹاف کو ہدایت کی کہ خطرناک طریقے سے موٹر سائیکل چلانے والے اور ون ویلنگ کرنے والے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف سخت قانونی کاروائی کرتے ہوئے مقدمات درج کروائے جائیں۔

خواجہ اویس مشتاق کی زیر صدارت یو کے میں وکلاء سیالکوٹ بار کی بڑی بیٹھک

امیدوار صدر سیالکوٹ بار چوہدری عاصم دیو کی غیر مشروط حمایت کا طبل بجا دیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کی زیر صدارت لندن میں امیدوار صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری محمد عاصم اقبال دیو کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد ہوا۔رائل نواب ایلفرڈ ہوٹل لندن میں وکلاء سیالکوٹ بار پریکٹس ممبران لندن مقیم وسٹڈی ایل ایل ایم سٹوڈنٹس کی شرکت۔تاریخ میں پہلی بار لندن سے کسی بھی سیالکوٹ بار امیدوار صدر کیلئے پہلی بار وکلاء کمیونٹی لندن کی موجودگی میں کمپیئن کے آغاز میں بگل بجا دیا گیا۔سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کی خصوصی لندن یاترا کے دوران سینئر وکیل رہنماء نے شیخ طیب آف پابالا ز بابا اور خواجہ علی شیر ایڈووکیٹ کے ہمراہ لندن میں مقیم سیالکوٹ بار وکلاء بیرسٹر رضوان سلہریا، الطاف چوہان، علی وڑائچ و دیگر وکلاء شخصیات کو امیدوار صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری محمد عاصم اقبال دیو کی الیکشن کمپئین کے دوران مجتمع کیا۔پروقار تقریب کے دوران لندن میں مقیم ڈی بی اے سیالکوٹ کے معزز وکلاء بار نے امیدوار برائے صدر سیالکوٹ بار چوہدری محمد عاصم اقبال دیو کی غیر مشروط مکمل حمایت اور ان کیلئے ووٹ اور سپورٹ کا اعلان کیا گیا۔واضح رہے کہ لندن ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات میں تاریخ میں پہلی بار وکلاء کمپاب سے پہلی بار کسی بھی امیدوار برائے صدر سیالکوٹ بار کی کمپئین کا بگل بجاتے ہوئے بھرپور انداز میں آغاز کیا گیا ہے جو اپنی نوعیت میں اہمیت کی حامل بات ہے کیونکہ اس سے قبل پاکستان کی سیاست میں جوڑ توڑ لندن میں ہونا اپنی جگہ اہمیت رکھتا ہے جس کے نتائج پاکستان میں رولنگ پارٹی کی حکومت سازی بنتی ہے۔اس دفعہ معروف سیاستدان و وکیل رہنماء خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ کی زیر سرپرستی اپنے حمایت یافتہ امیدوار برائے صدر سیالکوٹ بار چوہدری محمد عاصم اقبال دیو کیلئے لندن پلان ترتیب دیا گیا ہے۔تقریب کے اختتام پر خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ نے اپنے خطاب کے دوران تمام شرکاء کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔

یوم شہداء کے موقع پر شہداء پولیس کے لئے پولیس لائن میں قرآن خوانی کا اہتمام

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یوم شہداء کے موقع پر شہداء پولیس کے لئے پولیس لائن میں قرآن خوانی کا اہتمام،ڈی پی او عبداللہ احمد سمیت سینئر پولیس افسران اور جوانوں کی شرکت، پولیس افسران و جوانوں نے شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی،شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی جبکہ ڈی پی او چنیوٹ عبداللہ احمد نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے پولیس ہمارا فخر ہم ان کے خون کے وارث ہیں، سلام ان عظیم خاندانوں کو جن کے بہادر سپوت اور جگر گوشے وطن کی حفاظت کرتے ہوئے شہید ہو گئے، ہمارے نڈر اور بہادر شہداء نے قوم کے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ آخر میں شہدا کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

عدالتوں کی سزائیں، ٹرمپ کی بلائیں

شہباز شریف کی حکومت کا ہنی مون پیریڈ عروج پر ہے۔ اگر چہ مارکیٹ میں حکومت تبدیل کرنے کی افواہیں بھی پھیلائی جارہی ہیں۔ لیکن انسداد دہشت گردی عدالتوں نے تحریک انصاف کے لیڈروں کو دھڑا دھڑ سزائیں دے کر پارٹی کی تقریباً ساری اعلیٰ قیادت کو نااہلی کے کنارے پہنچا دیا ہے۔ دوسری طرف واشنگٹن میں صدر ٹرمپ کی حکومت پاکستان کی بلائیں لے رہی ہے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ خود پاکستان کو رعایت اور بھارت کو سزا دینے کا اعلان کر رہے ہیں۔ اسلام آباد کی حکومت چین کے ساتھ تعلقات کی روشنی میں خواہ امریکہ کے ساتھ معاملات میں توازن کے کیسے ہی عذر تراشتی رہے لیکن حقیقت یہی ہے کہ پاکستانی اشرافیہ کا دل امریکہ کی محبت میں گرفتار رہتا ہے۔ وہاں سے آنے والی ایک مسکراہٹ پر ہمارا بڑے سے بڑا لیڈر لوٹ پوٹ جاتا ہے۔ اب تو یہ موقع 2020 میں ہونے والے دوحہ معاہدے کے بعد پہلی بار مل رہا ہے کہ واشنگٹن ہر سطح پر پاکستانیوں کی آو? بھگت کر رہا ہے۔ اسے سہولتیں و رعائتیں دینے کا اعلان ہو رہا ہے اور اعلیٰ عہدیدار پاکستانی وفود اور وزیروں سے ملنے کے لیے وقت نکال رہے ہیں۔

پوری دنیا ٹیرف کے معاملے پر صدر ٹرمپ کی حکومت کے ساتھ جھنجھٹ میں پڑی ہے اور کسی بھی طرح امریکی حکومت سے ڈیل کر کے اپنی برآمدات کے لیے امریکی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنا چاہ رہی ہے لیکن پاکستان کو یہ 'ڈیل' کسی خاص تردد کے بغیر ہی حاصل ہو چکی ہے۔ اس کی ایک وجہ تو یہ بھی ہے کہ پاکستانی حکومت نے پہلے دن سے ٹرمپ حکومت پر واضح کر دیا تھا کہ 'ہم تو دیرینہ خادم ہیں، جو آپ کہیں، ہم سر کے بل اس پر عمل کریں گے'۔ وفاداری کے ثبوت کے طور پر عجلت میں ناروے کی نوبل کمیٹی کو پاکستانی حکومت نے مراسلہ بھی روانہ کر دیا کہ 2026 کا نوبل امن انعام سوائے ڈونلڈ ٹرمپ کے کسی کو نہیں ملنا چاہیے کیوں کہ انہوں نے جوہری توانائی کے حامل دو ممالک پاکستان و بھارت کے درمیان جنگ بندی کروا کے خود کو اس انعام کا سب مستحق ثابت کیا ہے۔ پاکستانی حکومت کا یہ فیصلہ ٹرمپ جیسے انا پسند کے لیے غیر معمولی تھا۔ یہ خوشی دینے میں پاکستانی حکومت تو امریکہ کے سب سے قریبی حلیف اسرائیل سے بھی بازی لے گئی۔ ایسے میں ٹرمپ پاکستان کے واری شار نہ جائیں تو کیا کریں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹے کے دوران پاکستان کے حوالے سے صدر ٹرمپ نے دو اہم اعلان کیے ہیں۔ ایک تو پاکستان کے ساتھ ٹریڈ ڈیل کے بارے میں ہے۔ یعنی امریکی حکومت پاکستان کے ساتھ ٹیرف کے سوال پر متفق ہو گئی ہے۔ اپریل میں دنیا کے متعدد ممالک پر ٹیرف کا اعلان کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے پاکستان پر 29 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا۔ پاکستان کی کل برآمدات کا 18 فیصد امریکہ جاتا ہے جس میں زیادہ تر ٹیکسٹائل مصنوعات شامل ہیں۔ ان برآمدات پر ٹیرف میں غیر معمولی اضافے کی وجہ سے ملکی ٹیکسٹائل انڈسٹری اور اس سے وابستہ ورک فورس کے متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ تاہم کافی عرصے سے اشارے دیے جارہے تھے کہ پاکستان، امریکہ کے ساتھ ٹیرف پر معاہدہ کرنے میں کامیاب ہو جائے گا۔ آج وزارت خزانہ نے اس معاہدے کی تصدیق کی ہے لیکن یہ بتانے سے گریز کیا گیا ہے کہ اب پاکستانی مصنوعات پر کتنا ٹیرف وصول کیا جائے گا۔ امریکہ نے یورپ و دیگر ممالک سے جو معاہدے کیے ہیں، ان میں یہ شرح پندرہ سے بیس فیصد تک رکھی گئی ہے۔ البتہ پاکستان کے حوالے سے متفقہ شرح کا اعلان نہ ہونے کی وجہ سے بے یقینی تو موجود ہے، لیکن اسلام آباد اور واشنگٹن کے درمیان تعلقات میں پیش رفت کی وجہ سے امید کی جاتی ہے کہ پاکستانی حکومت ہر اس شرط کو قبول کر لے گی جس کا تقاضا ٹرمپ حکومت کی طرف سے کیا جائے گا۔ کیوں کہ پاکستان اس وقت امریکہ کے ساتھ تعلقات کو باہمی تجارت سے زیادہ وسیع و گہرا دیکھنے کی خواہش رکھتا ہے۔

'نام نہاد غیرت کسی صوبے یا طبقے کا نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے'

تحریر: وسعت اللہ خان



اب سے 30، 40 برس پہلے تک اُردو اخبارات کے بیک پیج یا اندرونی صفحات میں ہر پندرہ دن مہینے میں کسی نہ کسی گھر میں سٹوو (چولہا) پھٹنے کا واقعہ ہو جاتا تھا۔ اس حادثے میں عموماً وہ عورت مرتی تھی جو سسرال کی خواہشات سے کم جہیز لائی ہو۔

یا پھر چولہے کے قریب کھڑی کسی ایسی عورت کے کپڑوں میں اچانک آگ لگ جاتی تھی جس کے بچے نہ ہوں ہو یا اپنے شوہر کو دوسری شادی سے باز رکھنے کے لیے ساس، نندوں، سسر وغیرہ کے لیے چلتا پھرتا مسئلہ بن جائے۔

چولہا پھٹنے سے کبھی کسی مرد کے جھلسنے کی خبر پڑھنے کو نہ ملی۔ پولیس بھی ایسے 'حادثات' کو ناگہانی سمجھ کے داخلِ دفتر کر دیتی تھی۔

میں نے پہلی بار کارو کاری (سیاہ کاری) کی اصطلاح 1990 کے عشرے میں سُنی جب انگریزی جریدے 'نیوز لائن' میں اِس موضوع پر نفیسہ شاہ کی مفصل تحقیقی رپورٹ شائع ہوئی۔ اِس تحقیق اور پھر بعد میں شائع ہونے والی صحافتی رپورٹوں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایسے قبرستان بھی ہیں جہاں جرگے، خاندان، بھائیوں، والدین یا شوہر کی جانب سے کاری قرار دی جانے والی شادی شدہ یا غیر شادی شدہ عورتوں یا بلا اجازت شادی کرنے والیوں کو خاموشی سے مار کے بے نشان گاڑ دیا جاتا ہے۔

جبکہ کارا (سیاہ کار) عموماً گرفت میں نہیں آتا۔ آ بھی جائے تو خاندانی بزرگ یا جرگہ اس پھر بھاری جرمانہ عائد کر کے صلح صفائی کروا دیتا ہے۔ یا پھر وہ شخص علاقہ ہی چھوڑ جاتا ہے۔ کاریاں اس لیے زیادہ ماری جاتی ہیں کہ ان کے ساتھ محض عزت اور نام نہاد غیرت کا مقامی و خاندانی تصور وابستہ ہوتا ہے جبکہ کارے کے ساتھ نسب اور خاندان کی معیشت جڑی ہے۔

تاثر یہ دیا جاتا ہے جیسے قتل کی واردات عالمِ طیش میں یا فوری جذبات میں بہہ جانے کا نتیجہ ہے مگر رفتہ رفتہ ایسی وارداتوں کے تجزیے سے کھلا کہ اس نوعیت کے پچانوے فیصد سے زائد قتل فوری ردِعمل میں یا محض مارے نام نہاد غیرت نہیں بلکہ منصوبہ بند حکمتِ عملی کا نتیجہ ہیں۔ اس منصوبے میں کئی لوگ شامل ہوتے ہیں اور اس پر عمل درآمد کے لیے کئی کئی برس بھی انتظار کیا جاتا ہے۔

پھر پتہ چلا کہ یہ نام نہاد تصورِ غیرت کسی خاص صوبے، خطے، طبقے یا شہری دیہی کی میراث نہیں بلکہ قومی مسئلہ ہے۔ اسے مذہبی تعلیمات و روایات کے بجائے صدیوں سے چلے آ رہے رواج کی روشنی میں دیکھا اور برتا جاتا ہے اور جہاں مذہبی قوانین اور روایت آمنے سامنے ہوں وہاں زبانی عقیدت و احترام اپنی جگہ مگر فتح عموماً رواج کی ہی ہوتی ہے۔

مثلاً جب جائیداد کا بٹوارا کرنا ہو تو مذہبی اصول کے بجائے رواج کے مطابق صرف مرد کو حصہ ملتا ہے۔ رشتے ناتے کا معاملہ ہو تو لڑکے یا لڑکی سے مرضی پوچھنے کے بجائے رواج کو فوقیت ملتی ہے اور جہاں بڑے بزرگ چاہیں وہیں رشتے کی حامی بھرنا پڑتی ہے۔ بصورتِ دیگر جراتِ انکار کی قیمت بہت بھاری پڑتی ہے۔ یہی معاملہ طلاقی امور کے ساتھ بھی ہے۔ مرد طلاق دے سکتا ہے، عورت طلاق تب مانگے جب اسے خاندانی عزت، اپنی زندگی اور بچے عزیز نہ ہوں۔

باچا خان کی اس ملک میں اتنی عزت ہے کہ ان سے ایک انٹرنیشنل ایئرپورٹ معنون ہے مگر اسی ملک میں ان کے اس قول کی کتنی عزت ہے؟ 'کسی بھی سماج کے مہذب ہونے کا معیار یہ ہے کہ وہاں عورت سے کیا سلوک ہوتا ہے۔'

اشرافیہ کا سارا زور موجود قوانین پر مکمل عمل درآمد کے بجائے ان قوانین کو مزید سخت کرنے کے رواج پر ہے۔

اگرچہ آئین کے تحت اسلامی جمہوریہ میں شریعت سے متصادم کوئی قانون نہیں بن سکتا مگر عملی صورت یہ ہے کہ رواج سے متصادم شرعی قوانین پر کوئی عمل نہیں کرتا۔

پاکستان غالباً دنیا کا واحد ملک ہے جہاں شرعی و سیکولر عدالتیں اور جرگے شانہ بشانہ قابلِ قبول ہیں۔ جس کو جہاں سے اپنی مرضی کا انصاف مل سکے۔ کسی تنازعے یا مقدمے میں ایک فریق بااثر یا صاحبِ حیثیت یا صاحبِ رسوخ بھی ہو تو سونے پہ سہاگہ، پھر کیسا جرگہ، کون سی عدالت اور کیا روایت؟

یہ کوئی بگڑا ہوا یا کنفیوزڈ، آدھا تیتر آدھا بٹیر نظام نہیں بلکہ ایک باقاعدہ ذہین اور شعوری حسنِ انتظام ہے تاکہ محروم اکثریت (بشمول زن و مرد و طفل) کو با آسانی اپنی پسند کی قانونی و رواجی سہولت کے ڈنڈے سے ہانک کر ذہنی و جسمانی غلامی پر آمادہ رکھا جا سکے۔

قتل، عورت

'چولہا پھٹنے سے کبھی کسی مرد کے جھلسنے کی خبر پڑھنے کو نہ ملی'

اس حسنِ انتظام کی پائیداری کا راز یہ ہے کہ اسے مجرم اور جرم زدہ خاندان کی سگی عورتوں اور مردوں، قبیلے، برادری، محلے داروں، ایسوسی ایشنز، سیاسی و مذہبی گروہوں، انتظامی اداروں، عدالتی و پارلیمانی ڈھانچے، قانون پر بے اعتباری و خوف پر اعتبار کی اعلانیہ و خاموش سرپرستی و تائید حاصل ہے۔ اس حسنِ انتظام سے بغاوت دراصل ریاستی ذہن، بزرگوں کی اقدار اور روایات سے بغاوت ہے۔ بغاوت کی سزا کا تناسب سو فیصد مگر گھر، پڑوس، مدرسے اور جنگل میں ریپ، قتل، نام نہاد غیرت کے نام پر ہلاکت اور اغوا جیسے جرائم کے ثابت ہونے اور پھر اس کی سزا ملنے کا تناسب صفر اعشاریہ پانچ فیصد سے زائد نہیں۔ یہی وہ بے خوفی ہے جس کے سبب جو مجرم جس جگہ ہے وہیں آفتاب ہے۔ جرم تو ہمیشہ سے ہوتا آیا ہے مگر وقت کے ساتھ ساتھ اس میں دھڑلے کا تناسب کئی گنا بڑھ گیا ہے۔

گردوں کے فیل یا ناکارہ ہو جانے کا آسان اور حیرت انگیز علاج

تحریر: شان مجتبیٰ گجر

کراچی میں رہائش پذیر نوجوان جو گردے ناکارہ ہو جانے کے باعث کراچی میں موجود ملک کے مہنگے ترین اور معروف ترین ہسپتال میں گردے ناکارہ ہو جانے کے بعد داخل تھے اور انکے اہل خانہ سخت پریشان تھے اور ڈاکٹروں نے واضح کر دیا تھا کہ ڈائلاسس (dialysis) کے سوا مزید کوئی راستہ نہیں اہل خانہ نے سخت پریشانی اور مایوسی کے عالم میں ایک بزرگ تک رسائی حاصل کی اور ان سے دعا اور دوا کی درخواست کی تو انہوں نے گردے ناکارہ ہو جانے کا ایک آسان غذائی علاج بتایا جو انہوں نے فوری طور پر شروع کیا اور ایک تیز رفتار شفاء کا سلسلہ مریض میں مشاہدہ کیا

واضح رھے ابھی ڈائلاسس (dialysis) کا آغاز نہ ھو سکا تھا کہ وقفے وقفے سے ہونے والے ٹیسٹ اور رپورٹس دیکھ کر کہ Creatinine اور Urea تیزی سے کم ہونے لگا حتی کہ پوری طرح نارمل رینج میں آ گیا، یہ صورت حال جان کر ڈاکٹروں نے حیرت کا اظہار کیا اور آخر کار مریض کو پوری طرح فٹ قرار دے کر ہسپتال سے فارغ کر دیا، یہاں یہ بھی واضح کرتا چلوں کہ میں اس نوجوان کی صحت یابی کا ذاتی گواہ بھی ھوں، علاج جو ان عالم دین نے عطا کیا وہ کیا تھا؟ ملاحضہ ھو

سہانجنہ (Moringa Leaves) جسے سجنا بھی کہتے ہیں کی بہت سی پتیاں سائے میں پوری طرح خشک کر کے اسکو پیس کر پاؤڈر بنا لیا جائے اور مریض کو روزانہ ایک چمچ صبح شام پانی کے ساتھ استعمال کرایا جائے اور اسی آسان طریقہ علاج سے آج مریض پوری طرح شفایاب ھے الحمدللہ

اسکا تیار شدہ پاؤڈر بیرونی ممالک سے بھی آتا ھے جو بڑے اسٹورز پر (Moringa Leaves Powder) کے نام سے دستیاب ھے

ہومیو پیتھک طریقہ علاج میں اسکا عرق مورینگا اولیفیرا مدر ٹنکچر (Moringa Olifera Q) کے نام سے دستیاب ھے لیکن یہ زیادہ موثر ثابت نہیں ہو سکا اسکے سائے میں سکھائے ہو? پتوں کا پاؤڈر نہایت طاقت ور ٹانک بھی ھے، ہر طرح کی طاقت حاصل کرنے کے لئے اسکا استعمال دنیا کے کئی ممالک میں رائج ھے

اللہ نے انسان کو دو گردوں سے نوازا ہے۔ یہ اصل میں غدود ہوتے ہیں پسلیوں کے نیچے، پیٹ کی طرف، کمر میں دائیں اور بائیں طرف واقع ہوتے ہیں۔ گردہ 11 سینٹی میٹر لمبا، کم و بیش 7 سینٹی میٹر چوڑا اور 2 یا 3 سینٹی میٹر موٹا ہوتا ہے۔ ہر گردہ میں 10 لاکھ سے زائد نالی دار غدود، نیفران، یا فلٹر (جھلی) ہوتے ہیں، گردوں میں ایک اندازے کے مطابق 24 گھنٹوں کے دوران 1500 لیٹر خون گزرتا ہے۔

گردوں کا کام جسم سے فاسد، نقصان دہ، ضرورت سے زائد مادوں کو خارج کرنا ہے۔

گردے جسم میں پانی اور نمکیات کا توازن برقرار رکھتے ہیں، مثلاً جسم میں کیلشیم، پوٹاشیم اور فاسفورس کی مقدار کے علاوہ پانی اور دیگر نمکیات وغیرہ کا ایک حد تک جسم میں رہنا ضروری ہوتا ہے اس کی کمی و بیشی سے بہت امراض جنم لیتے ہیں، انسان زندہ نہیں رہ سکتا، گردوں کا کام ان مادوں، نمکیات اور پانی میں توازن قائم رکھنا ہے۔ گردے جسم کے لیے ایسے بہت سے مفید ہارمون پیدا کرتے ہیں، اگر یہ ہارمون جسم میں کم ہو جائیں تو خون کی کمی کی بیماری پیدا ہو جاتی ہے۔

گردے فیل ہونے کی بہت سی وجوہات ہیں جن میں چند اہم درج ذیل ہیں۔ گردے کی جھلی کی سوزش، جھلی فلٹر یا نیفران کی ایک طرف فاسد مادے ہوتے ہیں دوسری طرف شفاف مادے جھلی کا کام فاسد مادوں کو فلٹر کرنا ہے، یہ جھلی اگر کام نہ کرے، کسی وجہ سے خراب ہو جائے تو اس کے ساتھ والی جھلیاں بھی خراب ہونا شروع ہو جاتیں ہیں جس سے گردہ کام کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ اس سے پیشاب کے اندر چربی یا خون آنا شروع ہو جاتا ہے گردہ فیل ہونے کی سب سے زیادہ وجہ جھلی کی سوزش ہی بنتی ہے۔

دوسری وجہ شوگر اور ہائی بلڈ پریشر ہے، اگر شوگر کا مرض ہو تو اس کے عموماً 10 تا 15 سال کی مدت کے بعد گردوں کی خرابی کا شکار ہو جاتا ہے۔ اس لیے شوگر کے مریضوں کو بہت احتیاط کرنی چاہیے اور شوگر کنٹرول رکھنے کی ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے۔ اسی طرح بلڈ پریشر کی زیادتی کی وجہ سے بھی گردے خراب ہو جاتے ہیں، بلڈ پریشر کے مریضوں کو اپنا بلڈ پریشر کنٹرول رکھنا بے حد ضروری ہے ایسا نہ کرنے سے گردوں کے ساتھ ساتھ دل کا دورہ اور فالج بھی ہو سکتا ہے۔

موسم گرما میں جسم کو پانی کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے، کم پانی پینے سے جسم میں پانی کی کمی ہو جاتی ہے اور موسم سرما میں سردی کی وجہ سے کم پانی پیا جاتا ہے، جس سے جسم میں پانی کی کمی ہو جاتی ہے جو گردوں میں پتھری کا سبب بنتا ہے، یہ پتھری پیشاب کے ذریعہ خارج نہیں ہو سکتی، گردوں کی جھلی میں زخم بنتے ہیں، جو سوزش کا باعث بن جاتے ہیں جو رفتہ رفتہ گردوں کے فیل ہونے کی طرف بھی لے جاتے ہیں۔ یعنی پانی کی کمی گردوں کے فیل ہونے کا تیسرا بڑا سبب ہے۔ جھلی کی سوزش، شوگر، بلڈ پریشر، پانی کی کمی وغیرہ دیکھا جائے تو یہ سب پانی کی کمی کی وجہ سے ہوتا ہے علاوہ ازیں پانی کا صاف نہ ہونا بھی اس میں شامل ہے۔

یہ تو مختصر ذکر گردوں کے فیل ہونے کی وجوہات کا تھا اسی طرح گردوں کے فیل ہونے کی اقسام بھی ہیں مثلاً اچانک گردوں کا فیل ہو جانا، اس کی وجہ شدید گرمی میں پانی کی شدید کمی، خواتین میں زچگی کے دوران خون اور پانی کی کمی، ہائی بلڈ پریشر کا شدید دورہ اور سانپ کے کاٹ لینے اور بہت زیادہ مشقت کرنے وغیرہ سے اچانک گردے فیل ہو سکتے ہیں۔

ایک اہم نقطہ یہ بھی قابل توجہ ہے کہ شوگر، ہائی بلڈ پریشر، جھلی کی سوزش وغیرہ سے مریض کے گردے پہلے سے کمزور ہوتے ہیں اس پر ذرا سی اونچ نیچ، مثلاً ناموافق دوا کھا لینا، بلڈ پریشر کا گر جانا یا بڑھ جانا، بہت زیادہ پسینے کا آ جانا اس طرح کے حادثات سے وقتی طور پر اچانک گردے فیل ہو سکتے ہیں۔

گردوں کے فیل ہونے کی دوسری قسم ہے مستقل گردوں کی خرابی اس میں 50 فیصد تو گردے پہلے خراب ہوتے ہیں، جن کے مناسب علاج، پرہیز سے ان کو زیادہ دیر تک کارآمد رکھا جا سکتا ہے اور اگر ان کی دیکھ بھال نہ کی جائے تو رفتہ رفتہ گردے فیل ہو جاتے ہیں۔

یہ بات بہت قابل توجہ ہے کہ جب تک گردے 80 یا 90 فیصد تک تباہ نہ ہو چکے ہوں مریض کو اس کا علم ہی نہیں ہوتا وہ اپنا روزمرہ کا کام کرتا رہتا ہے، ایک گردہ ناکارہ بھی ہو جائے تو بھی دوسرا کام کرتا رہتا ہے، اسی طرح یہ بات بھی توجہ چاہتی ہے کہ جب گردے ایک بار مکمل ناکارہ ہو جائیں تو ڈائلاسس (dialysis) ھی سے علاج کی ابتدا ھوتی ھے

اگر کسی کو درج ذیل علامات میں سے کوئی علامت محسوس ہو تو ٹیسٹ کروا کر بیان کردہ علاج کو ابتدائی طور پر آزمانے میں کوئی نقصان نہیں کیونکہ بیان کردہ علاج غذائی ھے اور ایک سے زیادہ مریضوں نے اس کے نتائج کی تصدیق کی ھے، کھانے کی خواہش کا ختم ہو جانا، یاداشت کی کمزوری، متلی اور قے کا آنا، چڑچڑاپن، تھکاوٹ کا محسوس ہونا، چہرے کا رنگ پیلا ہونا، خشک جلد، رات کو بار بار پیشاب آنا اور پیشاب میں رکاوٹ وغیرہ کا ہونا، شوگر کا مرض ہونا، بلڈ پریشر کی کمی یا زیادتی کا ہونا وغیرہ

گردوں کی بیماری کا علاج اس کی اقسام اور سٹیج کے مطابق کیا جاتا ہے۔ عام طور پر 50 فیصد گردوں کے فیل ہونے کا سبب شوگر، بلڈ پریشر، گردوں کا انفیکشن وغیرہ بنتا ہے اگر ان کا علاج کیا جائے تو اس سے گردوں کو مزید خراب ہونے سے بچایا جا سکتا ہے۔ گردوں میں پتھری ہو تو اس کا علاج ہومیو پیتھک دوا بربیرس مدر ٹنکچر ھے، لیکن مکمل طور پر گردوں کے فیل ہونے کی صورت میں گردوں کی پیوندکاری ہی اس کا علاج بتایا جاتا ھے جس میں گردہ دینے والے اور لینے والے کا بلڈ گروپ ایک ہونا ضروری ہے گردہ دینے والے کا جتنا قریبی تعلق ہو گا اس کی پیوندکاری اتنی کامیاب بتائی جاتی ھے

ایسی تمام غذائیں جن میں فولاد زیادہ پایا جاتا ہے ان سے پرہیز کریں مثلاً گوشت، چاول، مکئی، وغیرہ اس کے علاوہ سگریٹ نوشی، کولا کے مشروبات، شراب نوشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔ موٹاپا، زیادہ دیر تک بیٹھے رہنا، ورزش نہ کرنے والے افراد پر دیگر امراض کی طرح گردوں کے فیل ہونے کے چانس زیادہ ہوتے ہیں اس لیے صبح دو گلاس تازہ اور صاف پانی پینا، ہلکی پھلکی ورزش کرنا، دن میں بھی پانی پینا، کھانا کھانے کے فوراً بعد پانی نہ پینا چاہیے

رات کو سونے سے گھنٹا بھر پہلے دو گلاس پانی پینا چاہیے، قبض نہ ہونے دیں، اسی طرح دیگر حفظان صحت کے اصولوں پر عمل کرنے سے بہت سی امراض سے بچا جا سکتا ہے۔ مختصر صاف پانی کا زیادہ استعمال، ہر قسم کے نشہ سے پرہیز، متوازن غذا، موٹاپے پر کنٹرول کرنے سے کافی حد تک اس مرض سے بچا جا سکتا

لیکن وہ جنگ

تحریر: الیاس گجر

بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے لوک سبھا میں پاکستان کے ساتھ مئی کے دوران ہونے والی جنگ پر بحث سمیٹتے ہوئے ایک سو منٹ طویل تقریر کی۔ لیکن وہ جنگ میں ہونے والے نقصانات اور جنگ بندی کے حوالے سے صدر ٹرمپ کے دعوو?ں کے بارے میں سوالوں کا جواب نہیں دے سکے۔ نریندر مودی نے دعویٰ کیا کہ 'آپریشن سندور' کے دوران بھارت نے پاکستان کی فوجی طاقت کو نیست و نابود کر دیا لیکن کانگرس کے لیڈر راہول گاندھی کے بار بار ٹوکنے اور اصرار کرنے پر بھی وہ یہ کہنے کا حوصلہ نہیں کر سکے کہ جنگ بندی کے بارے میں امریکی صدر ٹرمپ جھوٹ بول رہے ہیں۔ اس دوران صدر ٹرمپ نے ایک بار پھر دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے پاک بھارت جنگ بند کرائی تھی۔ ائرفورس ون پر بھارت کے ساتھ ٹریڈ ڈیل میں پیش رفت نہ ہونے کے بارے میں بات کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ 'بھارت کے ساتھ امریکہ کے اچھے تعلقات ہیں۔ مودی میرے دوست ہیں۔ انہوں نے میرے کہنے پر پاکستان کے ساتھ جنگ بند کی تھی لیکن اس نے اپنی منڈیوں کو امریکی مصنوعات کے لیے مشکل بنایا ہوا ہے۔ ڈیل نہ ہونے کی صورت میں امریکہ بھارتی مصنوعات پر 25 فیصد تک ٹیرف عائد کرے گا'۔ سوشل میڈیا پر لوک سبھا میں بھارتی وزیر اعظم کی تقریر پر تبصرہ کرتے ہوئے ایک صارف نے لکھا ہے کہ 'امریکی صدر 31 بار دعویٰ کر چکے ہیں کہ انہوں نے جنگ بند کرائی تھی لیکن ہمارے پردھان منتری ایک بار بھی یہ نہیں کہہ پائے کہ امریکی صدر جھوٹ بول رہے ہیں'۔ صدر ٹرمپ کی طرف سے تازہ ترین بیان کو اس گنتی میں شامل کر لیا جائے تو ٹرمپ 32 بار جنگ بندی کا کریڈٹ لے چکے ہیں۔ وہ بار بار دعوے سے کہتے ہیں کہ انہوں نے دونوں ملکوں کو تجارت بند کرنے کی دھمکی دی اور بھارتی حکومت کو متنبہ کیا گیا کہ اگر جنگ بندی نہ ہوئی تو پاکستان، بھارت پر بہت بڑا اور خوفناک حملہ کرنے والا ہے۔ ٹرمپ کے بقول اس پس منظر میں دونوں ملک جنگ بندی پر راضی ہوئے تھے۔ پاکستان تسلیم کرتا ہے کہ اس نے امریکی درخواست پر ہی جنگ بندی پر رضامندی ظاہر کی تھی لیکن امریکی صدر کا یہ دعویٰ نریندر مودی کے حلق کا کانٹا بن چکا ہے جو نہ نکلتا ہے اور نہ ہی نگلا جا سکتا ہے۔ اس الجھن میں وہ بار بار پاکستان کے خلاف برتری کے دعوے کر کے کام چلانے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن اس بات کا جواب نہیں دیتے اگر بھارت جنگ میں پاکستانی عسکری طاقت کو 'نیست و نابود' کر رہا تھا تو 10 مئی کو اچانک جنگ بندی کا حیران کن فیصلہ کیوں کیا گیا تھا؟ لوک سبھا کی بحث میں یہ سوال جتنی بار کیا گیا، نریندر مودی اور ان کے ساتھی اتنی ہی بار اپوزیشن کے خلاف جھاگ اڑانے اور کانگرس کے متوفی وزرائے اعظم جواہر لال نہرو، اندرا گاندھی اور من موہن سنگھ کے خلاف الزام تراشی سے آگے نہیں بڑھ سکے۔ نریندر مودی جس 'آپریشن سندور' کو اپنی فوج کی عظیم الشان کامیابی بنا کر پیش کرنا چاہتے ہیں، وہ ان درحقیقت ان کے ماتھے کا کلنک بن چکا ہے۔ لوک سبھا کی بحث میں وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ اس سوال پر کہ اس جنگ میں بھارت کے کتنے فائٹر تباہ ہوئے، یہ کہتے رہے کہ یہ تو سوال ہی غلط ہے۔ اپوزیشن کو تو یہ پوچھنا چاہیے کہ دشمن کے کتنے طیارے مار گرائے گئے لیکن وہ یہ بتا نہیں سکے کہ بھارت نے پاکستان کے کتنے طیارے تباہ کیے۔ دوسری طرف وزیر داخلہ امیت شاہ پہلگام میں ہونے والے حملے کی وجوہات کا جواب دینے اور اس کی تحقیقاتی رپورٹ سامنے لانے کی بجائے، خود ساختہ انکاو?نٹر میں مارے گئے دہشت گردوں کے پاس پاکستانی چاکلیٹ تلاش کرنے سے کام چلاتے رہے۔ نریندر مودی نے لوک سبھا میں کی گئی تقریر میں تسلیم کیا کہ انہیں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے فون پر متنبہ کیا تھا کہ پاکستان بڑا حملہ کرنے والا ہے۔

تاہم انہوں نے اپنی کمزوری اور شکست خوردگی چھپانے کے لیے اس وقوعہ کو بیان کرتے ہوئے یہ ظاہر کرنے کی کوشش کی گویا انہیں امریکی نائب صدر کے فون کی کوئی خاص پرواہ نہیں تھی۔ لوک سبھا میں اس ٹیلی فون گفتگو کا ذکر کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ '9 مئی کی رات امریکہ کے نائب صدر مجھ سے بات کرنے کے لیے ایک گھنٹے تک کوشش کرتے رہے۔ میری فوج کے ساتھ میٹنگ چل رہی تھی تو میں فون نہیں اٹھا سکا۔ پھر بعد میں انہیں میں نے کال بیک کیا۔ میں نے کہا کہ آپ کا تین چار بار فون آ گیا، کیا ہوا ہے۔ تو امریکہ کے نائب صدر نے فون پر بتایا کہ پاکستان، انڈیا پر بہت بڑا حملہ کرنے والا ہے۔ میرا یہ جواب تھا کہ اگر پاکستان کا یہ ارادہ ہے تو اسے بہت مہنگا پڑے گا۔ یہ میں نے امریکہ کے نائب صدر کو کہا۔ اگر پاکستان حملہ کرے گا ہم اس کا جواب اس سے بھی بڑے حملے سے دیں گے'۔ لیکن تاریخ میں یہ درج کیا جائے گا کہ 9 مئی کی رات کو جوابی حملہ کا دعویٰ کرنے کے بعد بھارتی حکومت نے 10 مئی کی صبح پاکستان کے ساتھ جنگ بندی کا معاہدہ کر لیا۔ اب وہ جتنا چاہیں 'آپریشن سندور' جاری ہے، کا دعویٰ کرتے رہیں، دنیا کے علاوہ بھارتی عوام بھی جان چکے ہیں کہ امریکی صدر جھوٹ نہیں بول رہے اور اپنے وزیر اعظم کی باتیں قابل یقین نہیں ہیں۔

ایک گھنٹہ چالیس منٹ طویل تقریر میں نریندر مودی کا کہنا تھا کہ 'کانگریس پاکستان کی ترجمان بن چکی ہے۔ بھارت میں دہشت گردی اور پاکستان اور چین سے متعلق سارے مسائل نہرو، اندرا گاندھی اور منموہن سنگھ کی کمزور اور غیر دانشمندانہ پالیسیوں کے سبب پیدا ہوئے'۔ آپریشن سندور 'نے پاکستان کی فوجی طاقت کو نیست و نابود کر دیا۔ اب پاکستان کو پتہ چل چکا ہے کہ اگر اس کی جانب سے دوبارہ کوئی دہشت گردی ہوئی تو اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا، اِسی لیے آپریشن سندور ختم نہیں کیا گیا بلکہ اسے صرف روکا گیا ہے'۔ حالانکہ اس حملہ کے دوران بھارت نے پاکستان کے شہری علاقوں پر حملوں میں بے گناہ شہریوں کو شہید کیا اور کہا گیا کہ جیش محمد اور لشکر طیبہ کے ٹھکانے تباہ کیے گئے ہیں۔ حالانکہ کوئی بھی عسکری گروہ کسی شہر میں تربیت گاہیں نہیں بناتا۔

مودی سے پہلے تقریر کرتے ہوئے کانگرس کے لیڈر اور اپوزیشن رہنما راہول گاندھی نے حکومت سے پوچھا تھا کہ 'کیا پاکستان نے مئی میں ہونے والی جنگ میں انڈین فضائیہ کے کئی جہاز مار گرائے گئے تھے؟ اور اگر صدر ٹرمپ نے جنگ بندی نہیں کرائی تھی تو وہ (مودی) پارلیمنٹ میں اس کی تردید کریں اور کہیں کہ امریکہ کے صدر جھوٹ بول رہے ہیں'۔ راہول نے یہ بھی کہا کہ آپریشن سندور نے پاکستان اور چین کو ایک ساتھ لا کھڑا کیا ہے جو بقول اُن کے مستقبل میں انڈیا کے لیے بہت خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ مودی نے اپوزیشن کے اس نوعیت کے سبھی سوالوں کو 'پاکستان کا بیانیہ' قرار دیا۔ لیکن یہ سوال اب بھارت میں ہر طرف سے پوچھے جا رہے ہیں۔ امریکی صدر کی طرف سے جنگ بند کرانے کا بار بار دعویٰ بھارتی وزیر اعظم کی ساکھ کے لیے سنگین سوال بن چکا ہے۔ بھارتی حکومت یہ تسلیم کرنے میں ناکام ہے کہ اس نے پاکستان پر حملہ کرنے کی جلدی میں نہ اپنی عسکری صلاحیتوں کا درست جائزہ لیا

پاکستان میں مذہبی ریاست کا معاشی پہلو

تحریر: جنید الرحمان، پولینڈ

پاکستان میں مذہب کو ریاست اور سیاست سے علیحدہ کرنے کا چھوٹے سے چھوٹا نعرہ بھی ایک بڑے طبقے کی سماعتوں پر بہت ناگوار گزرتا ہے اور اس کی مخالفت میں وہ ہر حد تک جانے کے لئے تیار رہتے ہیں۔ اس کی ظاہری وجہ تو ان کا مذہبی لگاو? اور پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی جمہوریہ بنانا لگتا ہے لیکن اگر زیادہ غور کیا جائے تو اس طبقے کو ملنے والی وہ سب سرکاری مراعات، طاقت، اور اثر و رسوخ ہے جو کہ ریاست کی مذہب سے علیحدگی کی صورت میں ان کے ہاتھ سے نکلنے کا خوف ہے۔ یہی خوف اس طبقے کو ہر وقت ریاست کو کلمہ پڑھانے اور مسلسل اس پر مذہب طاری رکھنے کی ہر ممکن کوششوں میں لگایا رکھتا ہے۔ یہ مضمون ان ہی سب سرکاری وسائل میں سے ان کے معاشی حصے کا ایک مختصر خلاصہ ہے۔

یہی خوف اس طبقے کو ہر وقت ریاست کو کلمہ پڑھانے اور مسلسل اس پر مذہب طاری رکھنے کی ہر ممکن کوششوں میں لگایا رکھتا ہے۔ یہ مضمون ان ہی سب سرکاری وسائل میں سے ان کے معاشی حصے کا ایک مختصر خلاصہ ہے۔

پاکستانی وزارت خزانہ کی ویب سائٹ پر موجود، موجودہ مالی سال (2025-26) کے مجوزہ بجٹ میں جو رقم مختلف مذہبی سرکاری اداروں کے لئے رکھی گئی ہے اس کا کل تخمینہ 4.171 ارب پاکستانی روپے بنتا ہے۔ جس میں مذہبی امور کے لئے 209.4 کروڑ روپے، مختلف مذاہب کے درمیان ہم آہنگی کے لئے 65 کروڑ روپے، نیشنل رحمت اللعالمین و خاتم النبیین اتھارٹی کے لئے 11.1 کروڑ روپے، کونسل آف اسلامک آئیڈیالوجی کے لئے 25.7 کروڑ روپے، فیڈرل شریعت کورٹ کے لئے 105.9 کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔ پی ڈی ایس پی (public sector developmentprogram) میں مذہبی امور کی وزارت کے لئے 65 کروڑ روپے کی علیحدہ رقم بھی رکھی گئی ہے۔

جن اداروں کے لئے یہ رقم رکھی گئی ہے ان کی کارکردگی عوام کے سامنے ہے۔ وی پی این کے حرام ہونے کا فتوی بھی انہی میں سے ایک ادارے نے دیا تھا اور مختلف مذاہب کے درمیان ہم آہنگی تو دور کی بات، مختلف مسالک کے درمیان بھی دور دور تک کوئی ہم آہنگی نہیں ہے۔ ان اداروں میں موجود لوگ اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ہر ترقی پسند سوچ اور معاشرے میں موجود طاقتور اشرافیہ کے خلاف اٹھنے والی ہر معاشرتی سوچ اور تحریک کو دبانے میں اور اسے اسلامی تعلیمات اور نظریات سے متصادم قرار دینے میں سب سے آگے موجود ہوتے ہیں۔ اور اسی گٹھ جوڑ سے یہ اس معاشرے پہ اپنا اور اپنی ہم نوا اشرافیہ کا تسلط قائم رکھے ہوئے ہیں۔

قومی خزانے سے لگنے والے یہ چار ارب روپے صرف ایک مخصوص مذہبی طبقے کی عیاشیوں اور اثر و رسوخ کے لئے جانا اس قوم کی حالت کو ہر گزرتے سال کے ساتھ بد سے بدتر بناتا جا رہا ہے۔ اسی رقم سے معاشرے میں نفرت کے بیج بوئے جا رہے ہیں اور اسی سے جدید تعلیم، سوچ، اور مستقبل کے تمام علوم سے قوم کو دور رکھا جا رہا ہے۔ قومی خزانے سے لگنے والے یہ چار ارب روپے صرف ایک مخصوص مذہبی طبقے کی عیاشیوں اور اثر و رسوخ کے لئے جانا اس قوم کی حالت کو ہر گزرتے سال کے ساتھ بد سے بدتر بناتا جا رہا ہے۔

اگر اسی رقم کا استعمال بچوں کو موجودہ زمانے کی جدید تعلیم دینے کے لئے کیا جائے تو ایک محتاط اندازے کے مطابق تقریباً 205 جدید ترین پرائمری سکول بنا کر ان کو ایک سال کے لئے چلایا بھی جا سکتا ہے۔ ان پرائمری اسکولوں میں سالانہ تقریباً چالیس ہزار بچے ایک اعلی درجے کی معیاری تعلیم حاصل کر سکیں گیں۔ اور انہی بچوں کی وجہ سے اگلی دو دہائیوں میں ایک لاکھ سے زیادہ خاندانوں کی قسمت بدلی جا سکتی ہے۔ ابھی ایسا سوچنا محض ایک خام خیالی ہی لگتا ہے کیونکہ مذہبی مراعات یافتہ طبقہ کسی بھی طرح آسانی سے اپنی سرکاری عیاشیاں اور اثر و رسوخ چھوڑنے کو تیار نہیں ہو گا۔ لیکن ہمیں اس کے باوجود ان سب پہلوو?ں کے بارے میں مسلسل سوچتے رہنا ہو گا کیونکہ یورپ کے تاریک ترین دور میں بھی کسی نے ایسا ہی سوچا ہو گا کہ پادریوں کو ریاست اور سیاست سے جدا ہونے تک انسانی سماج کا ترقی کرنا ناممکن ہے۔ آہستہ آہستہ یہی سوچ مستحکم ہوئی اور آج اس کا نتیجہ سب کے سامنے ہے۔

بڑھاپے میں اولاد کا غم؛ اس دُنیا میں نہ ہو گا کم

تحریر: ایاز مورس

دادا سے زندگی کے تقریباً ہر موضوع پر گفتگو ہوتی تھی۔ اُن سے کوئی بھی سوال پوچھتے ہوئے کبھی یہ احساس نہیں ہوتا تھا کہ اُنہیں جواب نہ آتا ہو گا یا وہ ناراض ہو جائیں گے۔ آج ایسے ہی کئی سوال اپنے اساتذہ یا سینئرز سے پوچھتے ہوئے ڈر لگتا ہے کہ کہیں وہ بُرا نہ مان جائیں۔ میں نے ایک دن دادا سے پوچھا، آپ نے زندگی کے کئی رنگ دیکھے ہیں اور ہر قسم کے حالات سے واقف ہیں، دُنیا میں انسان کو سب سے زیادہ کس چیز کا غم مار دیتا ہے؟ دادا نے ایک لمبی آہ بھری، جیسے میں نے اُن کے دِل پر کوئی بھاری پتھر رکھ دیا ہو۔ پھر گلوگیر آواز میں کہا، ''بڑھاپے میں اُولاد کی اُولاد کا غم!'' میں نے وضاحت چاہی تو بولے۔

''انسان دُنیا کا ہر زخم اور نقصان برداشت کر لیتا ہے، لیکن بڑھاپے میں اپنی اُولاد کی اُولاد کے ناکام، نکمے یا تباہ حال ہونے کا غم اس دُنیا میں کسی دوا سے نہیں بھرتا ہے۔ انسان چاہے جتنا بھی طاقتور، با اثر، تعلیم یافتہ، مذہبی یا پرہیزگار ہو، یہ غم اُس کے لیے قیامت سے کم نہیں ہوتا ہے۔ جوانی میں بچے چھوٹے ہوتے ہیں، انسان کے پاس طاقت، وقت اور اُمید ہوتی ہے، لیکن بڑھاپا ایک ایسی قید ہے جہاں انسان پوری دُنیا میں تنہا ہوتا ہے۔ اپنی آنکھوں کے سامنے اولاد کے خواب ٹوٹتے دیکھنے کا دُکھ بیان سے باہر ہے۔ بڑھاپے میں انسان اپنے بچوں سے زیادہ اُن کے بچوں کو پیار کرتا ہے، یہ محبت فطری ہوتی ہے اور بڑھاپے کی ایک طاقت بھی۔''

اُس وقت دادا کی یہ باتیں صرف ایک بزرگ کی نصیحت یا عملی تجربے کا نچوڑ لگتی تھیں، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ ان الفاظ میں چھپی حکمت، انسانی جذبات اور اُولاد سے محبت کی گہرائی کا احساس ہوا۔ دادا کا انتقال یکم نومبر 2021 کو تقریباً 100 سال کی عمر میں ہوا۔ وہ اپنے پوتے پوتیوں کے بھی بچے دیکھ چکے تھے۔ دادا کے تین بیٹے تھے، میرے تایا، میرے والد اور میرے چچا۔ تایا سب سے بڑے اور مزاجاً خاندان سے الگ تھے۔ شادی کے جلد ہی بعد وہ دادا سے علیحدہ ہو گئے اور سیالکوٹ میں چمڑے کے کاروبار سے مالی طور پر خود کفیل ہو گئے۔

شہری طرزِ زندگی کی وجہ سے تائی کا انداز اور مزاج مختلف تھا، اس لیے اُنہوں نے الگ رہنے کا فیصلہ کیا۔ آج یہ معمولی بات ہے، لیکن چالیس سال پہلے گاو?ں میں یہ فیصلہ معیوب سمجھا جاتا تھا۔ دادا اور دادی کو اپنے پوتے جمیل، جو تایا کے بڑے بیٹے تھے، سے خاص انسیت تھی۔ بدقسمتی سے جمیل بھائی نوجوانی میں فالج کے باعث انتقال کر گئے۔ اس سانحے سے تایا اور باقی خاندان کے درمیان مزید دُوریاں پیدا ہو گئیں۔ تایا کا خاندان مالی طور پر سب سے زیادہ خوشحال تھا۔ اُنہوں نے سب سے پہلے پکے مکان، کلر ٹی وی، اور پی ٹی سی ایل فون لگوایا۔ لیکن تربیت کے فقدان اور دولت کی چکا چوند نے منفی اثرات دِکھائے۔

تایا کا سب سے چھوٹا بیٹا، جو میرا ہم عمر تھا، نشے کا شکار ہو گیا۔ ہم اکٹھے پڑھتے تھے، لیکن 2003 میں ہم کراچی آ گئے، اور وہ اپنی دُنیا میں مگن ہو گیا۔ میرے والد صاحب ہمیشہ دادا دادی کے قریب رہے، اس لیے ہمارا رشتہ اُن سے مضبوط تھا۔ چچا سب سے چھوٹے تھے، اور ہمارے کراچی آنے کے بعد اُنہوں نے دادا دادی کی خدمت سنبھالی، یوں دادا دادی ہم سے اور چچا کے بچوں سے مزید قریب ہو گئے۔ میرے ساتھ تو دادا کا تعلق ایک الگ ہی نوعیت کا تھا۔ یہ سارا پس منظر بیان کرنے کا مقصد یہ بتانا ہے کہ دادا، تایا کے فیصلوں سے خوش نہیں تھے۔ جس کی وجہ سے اُن سے تعلقات کبھی بحال نہ ہوئے۔

والد صاحب کچھ عرصے بعد کراچی سے گاو?ں واپس چلے گئے، اور میرا ابھی گاو?ں آنا جانا بڑھا تو اندازہ ہوا کہ دادا کو ہم اور چچا کے بچے بہت عزیز تھے۔ ہم نے تو کبھی یہ موازنہ نہ کیا لیکن لوگ ہماری کامیابیوں پر خوش ہوتے اور کہتے، بابا، موریس اور وارث کے بچے معاشرتی برائیوں سے بچ کر آگے نکل گئے، لیکن امین کے بچے۔۔۔ دادا ایک آہ بھرتے، اور اپنی بے بسی کا اظہار کرتے۔

2015 میں تائی کا انتقال ہو گیا۔ میں نے دادا اور دادی کے چہرے پر تائی کی موت سے زیادہ تایا کی تنہائی کا غم نمایاں دیکھا۔ تایا اب دادی کے پاس آتے، شاید ماں کو دُکھ سنانے، لیکن تب شاید بہت دیر ہو چکی تھی۔ مارچ 2016 میں دادی کا بھی انتقال ہو گیا۔ تایا کا چھوٹا بیٹا نشے کی آخری اسٹیج پر پہنچ چکا تھا۔ میں نے اُس کے علاج کی کوشش کی، لیکن معاشرتی اور روایتی بے حسی آڑے آ گئی۔

دادا اب ہم سے تایا کی باتیں چھپانے لگے۔ میں نے ایک مرتبہ پوچھا تو کہنے لگے۔ اس بڑھاپے کا دُکھ کس کو سناو?ں؟ ایک طرف تمہاری ترقی دیکھتا ہوں، تو خوشی ہوتی ہے؛ دوسری طرف تمہارے تایا کے بیٹے کا حال دیکھتا ہوں، تو دِل خون کے آنسو روتا ہے۔ باپ کے لئے تو سارے بچے برابر ہوتے ہیں، بلکہ کمزور اور نالائق بچوں کے لئے زیادہ نرم رویہ ہوتا ہے۔ جیسے جیسے تایا کی حالت بگڑتی گئی، دادا کا رویہ اُن کے لیے نرم ہوتا گیا۔ برسوں کی نفرت اور فاصلوں کے باوجود باپ کا دِل موم ہو گیا۔ میں نے تایا سے رشتہ بحال کرنے کی کوشش کی

چین امریکہ توازن اور پاکستان

تحریر: محمد مہدی

سرزمین فورم کے سربراہ صفدر خان کو یہ کمال حاصل ہے کہ وہ گاہے بگاہے پاکستان کو درپیش قومی مسائل کے حوالے سے فکری نشستوں کا اہتمام کرتے رہتے ہیں ابھی حالیہ نشست میں راقم الحروف کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی کے ڈاکٹر امجد مگسی، ڈاکٹر افتخار، ثروت کاظمی، ریٹائرڈ ڈی آئی جی نوید الٰہی، عرفان اطہر قاضی، نور الامین مینجر نیر شریک گفتگو تھے۔ خیر ویسے تو یہ موضوع ایک طویل عرصے سے زیر بحث ہے کہ پاکستان کے امریکہ اور چین سے تعلقات میں توازن کیسے قائم کیا جا سکتا ہے مگر مودی کی بے وقوفی کے بعد یہ مسئلہ اور زیادہ اہمیت اختیار کر گیا۔ سرزمین فورم پر اپنی گزارشات پیش کرتے ہوئے میں نے عرض کی کہ پاکستان کو مدنظر رکھتے ہوئے جب ان دونوں بڑے ممالک کے ساتھ تعلقات کا خاکہ مرتب کیا جاتا ہے تو اس میں کوئی دوسری رائے سرے سے قائم ہی نہیں کی جا سکتی ہے کہ دونوں سے پاکستان کے تعلقات کی نوعیت ہی مختلف ہے اور جب تعلقات کی نوعیت ہی مختلف ہے تو پھر ان دونوں سے تعلقات کو توازن دینا ممکن ہو جاتا ہے۔

ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ ہم ان دونوں کو ان مختلف نوعیت کے امور کا ادراک کروانے میں کامیاب ہو جائیں۔ جب ہم ایک خالص طور پر دو طرفہ معاشی سرگرمی سی پیک کو گیم چینجر اور ایک مقابلہ جاتی شے کے طور پر پیش کرتے ہیں تو اس کا منطقی نتیجہ یہ برآمد ہوتا ہے کہ ہم اس کا ایک مخالف فریق خود ہی تراش لیتے ہیں اور یہ خود تراشا ہوا فریق بہرحال اس پر نظریں ضرور گاڑ لیتا ہے کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور پھر وہ اپنے مفادات کا تعین کرتے ہوئے اقدامات بھی کر گزرتا ہے۔

اس بات کو اچھی طرح سے ذہن نشین کر لینا چاہیے کہ چین کی بھی یہ قطعی طور پر خواہش نہیں ہے کہ وہ پاکستان سے اپنے تعلقات کو امریکہ کے مد مقابل اقدام کے طور پر پیش کرے۔ ویسے بھی ابھی تک چین کی یہ حکمت عملی رہی ہے کہ وہ کسی سے بھی تصادم سے حتی المقدور حد تک اجتناب کرتا ہے۔ ماسوائے ''ایک چین'' پالیسی کے وہ کسی بھی معاملہ کو ٹھنڈا ہو کر ہی طے کرنا چاہتا ہے۔ ابھی جب پاک انڈیا تصادم ہوا تو شکست کے بعد انڈیا کی جانب سے جان بوجھ کر چین کو اس چار روزہ جنگ میں ایک متحرک فریق کے طور پر پیش کرنے کی کوشش کی گئی مگر چین نے اس سب شرارت کے باوجود ردعمل انتہائی محتاط ہو کر دیا۔

اور اب جب پانچ سالوں بعد انڈیا کے وزیر خارجہ، گلوان کی جھڑپوں اور پاک انڈیا تصادم کے بعد انڈیا کے وزیر خارجہ بیجنگ پہنچے تو اس پر انڈیا کے معروف پروفیسر پشپ ادھیکاری کا کہنا تھا کہ ''روس سے خبر آئی ہے کہ وہ روس، چین، انڈیا کے سہ فریقی اتحاد کو فعال کرنا چاہتا ہے۔ اب انڈیا کو کچھ جواب دینا ہی پڑے گا کیوں کہ دلی اس معاملے پر امریکہ کے قریب ہو رہا تھا۔ اب انڈیا کو اپنا پارٹنر منتخب کرنے کا چیلنج درپیش ہو گا''۔

ہمیں اس کا خیال رکھنا چاہیے کہ لاجسٹکس ایکسچینج میمورنڈم آف ایگریمنٹ (لیمو)، کیمونیکیشنز کمپیٹیبلٹی اینڈ سیکیورٹی ایگریمنٹ (کوم کاسا) اور بیسک ایکسچینج اینڈ کوآپریشن ایگریمنٹ (بیکا) جیسے معاہدوں کے ذریعے بھارت کی بڑھتی ہوئی اسٹریٹجک شراکت داری اس کی امریکہ کی قربت حاصل کرنے کی خواہش کو واضح کرتی ہے مگر پھر بھی انڈیا میں جان بوجھ کر بھی چین کے حوالے سے گفتگو ہو رہی ہے تاکہ امریکہ کو یہ باور کرایا جا سکے کہ اگر امریکہ انڈیا کو وہ حیثیت نہیں دیتا ہے جس کا انڈیا تقاضا کرتا ہے تو وہ اس نوعیت کے بھی کسی اتحاد میں جا سکتا ہے حالاں کہ دلائی لامہ کو استعمال کرنے جیسے اقدامات واضح کرتے ہیں کہ انڈیا خطے میں بھی ہر کسی سے پنگا لینے میں مشغول ہی رہتا ہے۔

اور بیجنگ کے شدہ دماغ اس سب کو اچھی طرح سے سمجھتے ہیں۔ اسی لئے یہ طے شدہ امر ہے کہ چین کسی بھی ملک سے جتنی مرضی قربت اختیار کر لے مگر اس سے اس کے پاکستان سے تعلقات کی حیثیت پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ امریکہ کے حوالے سے یہ ذہن میں رکھنا چاہیے کہ آرمی چیف سے ملاقات کے بعد دنیا بھر میں یہ تصور قائم ہو رہا ہے کہ امریکہ کی پاکستان پالیسی میں ایک شفٹ آ رہا ہے حالاں کہ یہ ذہن میں رہنا چاہیے کہ گزشتہ چند ماہ سے امریکہ کا سفیر تک موجود نہیں ہے۔ قائم قام سفیر اور پولیٹیکل قونصلر پاکستان کو بہت بہتر طرح سمجھتے ہیں مگر بہرصورت باقاعدہ سفیر کا ہونا از حد ضروری ہے۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ اگر پاکستان معاشی میدان میں بھی کوئی کامیابی حاصل کر لے تو امریکہ سے تعلقات کی حیثیت مزید بڑھتی چلی جائے گی۔ دونوں بڑے ممالک میں یہ تصور بہت تیزی سے قائم ہو رہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کے ساتھ مل کر سٹرکچرل ریفارمز تو کر لی ہیں مگر سرمایہ کاری لانے یا اندرون ملک اشیا کی قیمتوں پر کنٹرول کرنے میں ابھی تک کامیابی موجودہ سیٹ اپ کو حاصل نہیں ہو سکی ہے اور یہ بہت تشویش ناک بات ہے۔ اس وجہ سے ہی ان اطراف سے سیٹ اپ سے وابستگی میں کمی کی بھی خبریں تواتر سے آ رہی ہے جو کہ پاکستان کے آئینی نظام کے لئے نیک خبریں نہیں ہے۔ اس بات کا تو برملا اظہار کیا جا رہا ہے کہ پاکستان انڈیا سے جیتنے کے باوجود ابھی تک اس کو سندھ طاس معاہدے پر واپس نہیں لا سکا ہے اور اگر اکتوبر

انٹر نیشنل

امریکی ریاست ٹیکساس میں ایک کھیت میں تیل کا پمپ جیک نظر آرہا ہے

ایرانی فوجی ڈرون پروگرام کی معاونت کرنیوالے عالمی نیٹ ورکس پر پابندیاں عائد

تہران (این این آئی) ایران کے فوجی ڈرون پروگرام کی معاونت کرنے والے عالمی نیٹ ورکس پر پابندیاں عائد کردی گئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہانگ کانگ، تائیوان اور چین میں 5 اداروں اور ایک فرد پر پابندیاں لگائی گئی ہیں۔ اس حوالے سے امریکی محکمہ خارجہ کا کہنا تھا کہ ان کمپنیوں پر ایران ایئر کرافٹ مینوفیکچرنگ انڈسٹریل کمپنی کی معاونت کا الزام ہے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے کے مطابق امریکا میں ایرانی ڈرون پروگرام میں معاونت کرنے والی کمپنیوں کے تمام اثاثے منجمد کردیے گئے ہیں۔



مکہ کے علاقے منیٰ میں 17 جون 2024 کو لی گئی ایک تصویر

بھارت کا جواب میں امریکا سے ایف 35 طیارے نہ خریدنے کا فیصلہ

مودی کے وائٹ ہاؤس دورے کے دوران ٹرمپ نے طیارے فروخت کرنے کی پیشکش کی تھی، رپورٹ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے ٹیرف کے معاملے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دھمکی کے بعد ففتھ جنریشن ایف 35 اسٹیلتھ لڑاکا جیٹ خریدنے میں عدم دلچسپی ظاہر کردی۔ امریکی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے بھارتی درآمدات پر 25 فیصد ٹیرف کے اعلان کے بعد بھارتی حکومت نے امریکا کو مطلع کیا ہے کہ وہ امریکا سے ففتھ جنریشن ایف 35 اسٹیلتھ لڑاکا جیٹ خریدنے میں دلچسپی نہیں رکھتا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بھارتی حکومت امریکی صدر کو خوش کرنے کیلئے امریکا سے بعض اشیا کی خریداری بڑھانے پر غور کررہی ہے تاہم اس میں ایف 35 لڑاکا طیاروں سمیت دفاعی ساز و سامان کی خریداری شامل نہیں ہے۔ یہ بات قابل غور ہے کہ رواں سال کیا آغاز میں نریندر مودی کے وائٹ ہاؤس دورے کے دوران صدر ٹرمپ نے بھارت کو ففتھ جنریشن کے لڑاکا طیارے فروخت کرنے کی پیشکش کی تھی جس پر مودی کی جانب سے بھی غور کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ بھارت ٹرمپ ٹیرف کے خلاف فوری طور پر کوئی جوابی اقدام کرنے کی پوزیشن میں نہیں اور نہ ہی بھارت امریکا کو ناراض کرنا چاہتا ہے، بھارت امریکا کے ساتھ دوطرفہ تجارتی بات چیت جاری رکھنے کا بھی خواہش مند ہے۔ مودی کے وائٹ ہاؤس دورے کے دوران ٹرمپ نے طیارے فروخت کرنے کی پیشکش کی تھی، رپورٹ

امریکا کی بھارت کے مقابلے میں پاکستان کو رعایت، 19 فیصد ٹیرف عائد کردیا

جنوب ایشیا کے 3 بڑے ملکوں میں سے پاکستان کو سب سے زیادہ رعایت دی گئی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے بھارت کے مقابلے میں پاکستان کو رعایت دیتے ہوئے 19 فیصد ٹیرف عائد کردیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق ٹرمپ انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات پر 19 فیصد جوابی ٹیرف عائد کیا ہے جبکہ بھارت پر 25 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے۔ اس طرح جنوب ایشیا کے 3 بڑے ملکوں میں سے پاکستان کو سب سے زیادہ رعایت دی گئی ہے۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق جنوبی افریقا پر 30 اور سوئٹزرلینڈ پر 39 فیصد، ترکیے پر 15 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے جبکہ مشرق وسطیٰ میں امریکا کے انتہائی قریبی اتحادی اسرائیل پر 15 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ پالیسیوں پر اختلافات کے سبب امریکا نے کینیڈا پر ٹیرف 25 سے بڑھا کر 35 فیصد کردیا ہے۔ امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق جن ملکوں پر 10 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے ان میں برطانیہ، برازیل، فاکلینڈ آئی لینڈز شامل ہیں۔ جن ملکوں پر 15 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے ان میں ترکیہ، اسرائیل، افغانستان، انگولا، بولیویا، بوٹسوانا، کیمرون، چاڈ، کوسٹاریکا، آئیوری کوسٹ، کانگو، ایکواڈور، گنی، فجی، گھانا، گیانا، آئس لینڈ، اسرائیل، جاپان، اردن، لیسوتھو، مڈغاسکر، ملاوی، ماریشس، موزمبیق، نمیبیا، نورو، نیوزی لینڈ، نائجیریا، شمالی مقدونیہ، ناروے، پاپوانیوگنی، جنوبی کوریا، ٹرینیڈاڈ اینڈ ٹوباگو، یوگنڈا، وناوتو، وینزویلا، زیمبیا، زمبابوے شامل ہیں۔ امریکا کی جانب سے نکاراگوا پر 18 فیصد ٹیرف نافذ العمل کیا گیا ہے۔ پاکستان کی طرح جن دیگر ملکوں پر 19 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے ان میں انڈونیشیا، ملائیشیا، فلپائن، تھائی لینڈ اور کمبوڈیا شامل ہیں جبکہ بنگلا دیش کی طرح جن دیگر ملکوں پر 20 فیصد ٹیرف عائد کیا گیا ہے ان میں سری لنکا، ویتنام اور تائیوان شامل ہیں۔ بھارت کی طرح جن ملکوں پر 25 فیصد ٹیرف عائد

چین میں بزرگ شہریوں کیلئے قائم کیئر ہوم میں سیلاب سے 31 افراد ہلاک

کیئر سینٹر میں پانی کی سطح تقریبا 2 میٹر تک ریکارڈ، سبب بزرگ افراد نکل نہ سکے، غیر ملکی میڈیا

بیجنگ (این این آئی) چین کے دارالحکومت بیجنگ میں بزرگ افراد کیلئے قائم کیئر ہوم میں سیلاب سے درجنوں افراد ہلاک ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق چین میں شدید بارشوں اور سیلاب نے تباہی مچائی ہوئی ہے جس کے نتیجے میں متعدد افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ وسطی بیجنگ کے ضلع میون کے ٹان میں بزرگ افراد کیلئے ایلڈرلی کیئر سینٹر قائم ہے جو سیلاب سے متاثر ہوا، کیئر سینٹر میں تقریبا 77 بزرگ شہری مقیم تھے جن میں سے تقریبا 40 افراد سیلاب کی وجہ سے پھنس گئے۔ رپورٹس کے مطابق سینٹر میں پانی کی سطح تقریبا 2 میٹر (6 فٹ) تک ریکارڈ کی گئی جس کے سبب بزرگ افراد نکل نہ سکے اور 31 افراد ڈوب کر ہلاک ہوگئے۔ ایک چینی عہدیدار نے پریس کانفرنس میں اپنی خامیوں کو قبول کرتے ہوئے کہا کہ ایک طویل عرصے سے اس علاقے کو محفوظ سمجھا جارہا تھا، اس لیے اسے انخلا کے دائرہ کار میں شامل نہیں کیا گیا۔

وائٹ ہاؤس، ٹرمپ انتظامیہ کا 20 کروڑ ڈالر سے نیا بال روم تعمیر کرنے کا اعلان

تقریبا 650 مہمانوں گنجائش ہوگی جو وائٹ ہاؤس میں موجود مشہور ایسٹ روم سے تین گنا زیادہ ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی جانب سے وائٹ ہاس میں ایک نئے اور شاندار بال روم (رقص اور تقریبات کے لیے مخصوص ہال) کی تعمیر کے منصوبے کا اعلان کیا ہے جس پر 200 ملین ڈالر لاگت آئے گی۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس میں نئے بال روم کی تعمیر صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دیرینہ خواہش ہے جس کی تعمیر کا آغاز رواں سال ستمبر میں متوقع ہے۔ گزشتہ روز، وائٹ ہاس کی پریس سیکریٹری کیرولین لیویٹ نے میڈیا بریفنگ کے دوران نئے بال روم کی تعمیر سے متعلق بتایا کہ اس عظیم الشان منصوبے کے لیے فنڈز صدر ٹرمپ اور دیگر گمنام عطیہ دہندگان کی جانب سے فراہم کیے جائیں گے، انہوں نے مزید کہا کہ نیا بال روم وائٹ ہاس میں انتہائی ضروری اور خوبصورت اضافہ ہوگا، یہ وائٹ ہاس کے مشرقی حصے کے ساتھ تعمیر کیا جائے گا جہاں اس وقت خاتونِ اول میلانیا ٹرمپ کے آفس سمیت دیگر اہم دفاتر موجود ہیں۔ نئے بال روم میں تقریبا 650 مہمانوں گنجائش ہوگی جو وائٹ ہاؤس میں موجود مشہور ایسٹ روم سے تین گنا زیادہ ہے، ایسٹ روم میں تقریبا 200 افراد بیٹھ سکتے ہیں اور یہاں اکثر سرکاری تقاریب بھی منعقد کی جاتی ہیں۔ کیرولین لیویٹ نے مزید کہا کہ یہ نیا بال روم ان بڑے اور بدنما خیموں کی ضرورت کو ختم کردے گا جو عام طور پر ریاستی ضیافتوں اور بڑی تقریبات کے لیے لگائے جاتے ہیں۔ اس منصوبے کی تکمیل کی متوقع تاریخ صدر ٹرمپ کے موجودہ دورِ صدارت (جو جنوری

روسی اکیڈمی آف سائنسز کی جیوفزیکل سروس کی 30 جولائی کو جاری کردہ ویڈیو میں سے لی گئی تصویر جس میں زلزلے کے بعد روس میں سونامی کے مناظر دیکھے جاسکتے ہیں

غزہ میں بھوک کی شدت سے مزید 2 بچے شہید

غزہ (این این آئی) غزہ میں بھوک کی شدت سے مزید 2 بچے شہید ہوگئے جس کے بعد غذائی قلت سے شہید ہونے والے افراد کی تعداد 159 ہوگئی۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق غذائی قلت سے شہید ہونے والے ان افراد میں 90 بچے بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب اسرائیلی حملوں میں 50 سے زائد فلسطینی شہید ہوگئے جن میں امداد کے منتظر 20 فلسطینی بھی شامل ہیں جبکہ اقوام متحدہ کے کیمروں نے امداد کے لیے جمع فلسطینیوں پر اسرائیلی فوج کی فائرنگ کے مناظر بھی دکھا دیے۔ غزہ کے لوگوں کو فضا سے دیا جانے والا کھانا بھی پوری طرح نہیں مل پارہا اور لوگ مٹی ملے چاول کھانے پر مجبور ہیں۔

روس کے حملے کے بعد اپارٹمنٹ کی تباہی کا منظر

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

ٹیلر فرٹز امریکی مردوں کی نئی نسل میں شامل ہیں جو گرینڈ سلیم ٹائٹل جیتنے کے قریب پہنچ رہے ہیں

اسلامک گیمز، ایچ ای سی کے تین جوڈو پلیئرز شارٹ لسٹ ہوگئے

اسلام آباد (این این آئی) سعودی عرب میں رواں سال منعقد ہونیوالی اسلامک سلیڈرٹی گیمز کیلئے ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے تین جوڈو کھلاڑی میگا ایونٹ کیلئے شارٹ لسٹ ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق ریاض میں رواں سال نومبر میں منعقد ہونیوالی چھٹی اسلامی یکجہتی کھیلوں کے جوڈو مقابلوں کیلئے ایچ ای سی کے شارٹ لسٹ ہونیوالے جوڈو پلیئرز میں سیف اللہ، محمد طاہر شریف اور محمد حذیفہ شامل ہیں کا پاکستان جوڈو فیڈریشن نے باقاعدہ طور پر ان کا لیٹر بھی جاری کردیا ہے جو نہ صرف انفرادی سطح پر بلکہ قومی سطح پر بھی ہائیر ایجوکیشن کمیشن کی کاوشوں کا اعتراف ہے۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن پاکستان میں نوجوان یونیورسٹی کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر مواقع فراہم کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہے

ڈفنٹ: کھلاڑی چٹان پر چڑھ رہا ہے۔

پہلا ٹی 20، پاکستان نے ویسٹ انڈیز کو 14 رنز سے شکست دے دی

صائم ایوب آل راؤنڈ پرفارمنس پر مین آف دی میچ قرار پائے، پاکستان کو تین میچز کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہوگئی

فلوریڈا (این این آئی) دورہ ویسٹ انڈیز کے دوران پہلے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں پاکستان نے میزبان ٹیم کو 14 رنز سے شکست دے دی، صائم ایوب آل راؤنڈ پرفارمنس پر مین آف دی میچ قرار پائے، پاکستان کو تین میچز کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہوگئی۔ لاڈرہل اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کا فیصلہ کیا تو صاحبزادہ فرحان 14 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئے، جس کے بعد صائم ایوب نے ذمے داری سنبھالی اور 57 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی۔ فخر زمان 28 اور حسن نواز 24 رنز بنا کر نمایاں رہے، پاکستان نے 20 اوورز میں 6 وکٹوں پر 178 رنز کا مجموعہ ترتیب دیا۔ جواب میں ویسٹ انڈیز کے اوپنرز نے اچھا آغاز کیا تاہم اوپنرز کے آؤٹ ہونے کے بعد وکٹوں کی لائن لگ گئی۔ پاکستان کی طرف سے محمد نواز نے 3 اور صائم ایوب نے 2 وکٹیں حاصل کیں، صفیان مقیم اور شاہین آفریدی نے بھی ایک ایک شکار کیا، پاکستان کو تین میچز کی سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل ہوگئی۔ صائم ایوب کو آل راؤنڈ کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ پہلے ٹی 20 کے لیے پاکستانی ٹیم صاحبزادہ فرحان، صائم ایوب، فخر زمان، محمد حارث، کپتان سلمان علی آغا، حسن نواز، محمد نواز، فہیم اشرف، شاہین شاہ آفریدی، حارث رؤف اور صفیان مقیم پر مشتمل تھی۔ میزبان ٹیم جونسن چارلس، جیویل اینڈریو، کپتان شائے ہوپ، گداکیش موتی، شرفین ردرفورڈ، روسٹن چیز، روماریو شیپرڈ، جیسن ہولڈر، شمر جوزف، عقیل حسین اور جیدہ بلیڈز پر مشتمل تھی۔

کینیڈا سپر 60 کیلئے تاریخی اعلان، بی سی پلیس اسٹیڈیم میزبان مقرر

دنیا کے دوسرے سب سے زیادہ دیکھے جانے والے کھیل کو وینکوور میں خوش آمدید کہنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے

اس جدید فارمیٹ کا مقصد کرکٹ کو شمالی امریکہ میں فروغ دینا اور کینیڈین کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانا ہے

وینکوور (این این آئی) کینیڈا کی کرکٹ کی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل عبور کرتے ہوئے ''کینیڈا سپر 60'' لیگ نے اعلان کیا ہے کہ مردوں اور خواتین کے ابتدائی ٹورنامنٹ کے لیے بی سی پلیس اسٹیڈیم کو باضابطہ مقام کے طور پر منتخب کر لیا گیا ہے، یہ فیصلہ کرکٹ کے فروغ اور ترقی کے حوالے سے کینیڈا کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ وینکوور کے وسط میں واقع بی سی پلیس اسٹیڈیم اپنی جدید سہولیات، قابلِ حرکت چھت، اور عالمی معیار کے انفراسٹرکچر کے باعث کینیڈا کے نمایاں اسپورٹس وینیوز میں شمار ہوتا ہے۔ یہ وہی اسٹیڈیم ہے جہاں فیفا ورلڈ کپ 2026 سمیت کئی عالمی ایونٹس منعقد ہونے جا رہے ہیں۔ بھارتی کرکٹ اسٹار اور کینیڈا سپر 60 کے اسٹریٹجک پارٹنر یوراج سنگھ نے کہا کہ بی سی پلیس صرف ایک اسٹیڈیم نہیں بلکہ خوابوں کا میدان ہے۔ خواتین اور مردوں کے کرکٹرز کے لیے اس اسٹیڈیم میں کھیلنا ایک ناقابلِ فراموش تجربہ ہوگا۔ وینکوور ایک ایسا شہر ہے جو قدرت، ثقافت اور تنوع کا امتزاج ہے کرکٹ یہاں ایک نئے جذبے کے ساتھ پروان چڑھے گی۔" کرکٹ کینیڈا کے صدر امجد باجوہ کا کہنا تھا کہ ہمیں بی سی پلیس کو کرکٹ کے لیے متعارف کرانے پر فخر ہے۔ یہ شراکت داری اس عزم کی علامت ہے کہ ہم ملک بھر میں کرکٹ کے فروغ اور مقامی کھلاڑیوں کے لیے عالمی معیار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے سنجیدہ ہیں خاص طور پر جب ہم آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 کی تیاری کر رہے ہیں۔ بی سی پلیس کے جنرل منیجر کرس مے نے کہا کہ دنیا کے دوسرے سب سے زیادہ دیکھے جانے والے کھیل کو وینکوور میں خوش آمدید کہنا ہمارے لیے اعزاز کی بات ہے۔ ہم ہمیشہ ایسے ایونٹس کی تلاش میں رہتے ہیں جو ہماری صوبے کی ثقافتی اور کھیلوں کی نمائندگی کریں، اور کینیڈا سپر 60 اس سمت ایک زبردست قدم ہے۔'' کینیڈا سپر 60'' دنیا کی پہلی کرکٹ لیگ ہوگی جو اپنے ابتدائی سیزن سے ہی مردوں اور خواتین کے 10 اوور فی اننگز مقابلے یکساں طور پر پیش کرے گی۔ اس جدید فارمیٹ کا مقصد کرکٹ کو شمالی امریکہ میں فروغ دینا اور کینیڈین کھلاڑیوں کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرانا ہے۔ ٹورنامنٹ کی حتمی تاریخوں اور ٹکٹوں کی تفصیلات جلد جاری کی جائیں گی۔ یہ ایونٹ نہ صرف سنسنی خیز میچز فراہم کرے گا

ویسٹ انڈیز کیخلاف سیریز، ون ڈے اسکواڈ میں شامل قومی کھلاڑی امریکا روانہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے ون ڈے اسکواڈ میں شامل کھلاڑی امریکا روانہ ہوگئے۔ اسکواڈ میں بابر اعظم، محمد رضوان، نسیم شاہ اور عبداللہ شفیق امریکا میں اسکواڈ کو جوائن کریں گے۔ امریکا میں ٹی ٹوئنٹی سیریز کے بعد پاکستان ٹیم ویسٹ انڈیز جائے گی۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان 3 ون ڈے میچز کی سیریز ٹرینیڈاڈ میں کھیلی جائے گی۔ پاکستان اور ویسٹ انڈیز کے درمیان ون ڈے سیریز کا آغاز 8 اگست سے ہوگا۔

سابق ہاکی اولمپئنز نے پاکستان ہاکی ٹیم کی پرو لیگ میں شرکت کو ضروری قرار دے دیا

اگر اس وقت ٹاپ ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا موقع مل رہا ہے تو اس کا فائدہ اٹھانا چاہیے، توقیر ڈار، خواجہ جنید

اسلام آباد (این این آئی) سابق ہاکی اولمپئنز توقیر ڈار اور خواجہ جنید نے پاکستان ہاکی ٹیم کی پرو ہاکی لیگ میں شرکت کو ضروری قرار دے دیا۔ سابق اولمپئن توقیر ڈار نے پرو ہاکی لیگ کی پاکستان ہاکی کے لیے اہمیت کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کرکٹ ٹیم کے لیے چیمپئنز ٹرافی اور ورلڈ کپ کھیلنا ضروری ہے اسی طرح پرو ہاکی لیگ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی ٹیم اس وقت ورلڈ کپ اور اولمپکس میں شامل نہیں ہے، اب پرو ہاکی لیگ کا موقع ملا ہے، نیوزی لینڈ کے دستبردار ہونے سے جو موقع ملا ہے وہ بہت بڑا ہے۔ توقیر ڈار نے کہا کہ ہاکی کے لیے نہ ہی ڈومیسٹک سطح پر کچھ ہورہا ہے اور نہ ہی انٹرنیشنل سطح پر اس لیے یہ ہمارے کھلاڑیوں کے لیے بہت بڑی کامیابی ہے کہ وہ ٹاپ کی ٹیموں کے خلاف پورا سال کھیلیں گے۔ انہوں نے کہا کہ چند سال پہلے ہم پرو لیگ سے دستبردار ہوئے، بھارت نے جگہ لی اب وہ دو اولمپک براونز میڈل جیتا ہوا ہے، جن لوگوں نے پرو لیگ سے دستبرداری کا فیصلہ کیا وہ بھی مجرم ہیں، ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے اب ہمیں دوسرا موقع دیا، اس سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے، حکومت کو چھوڑیں میں تو کہتا ہوں محسن نقوی ہی ہاکی کو بھی سپورٹ کریں، پیسہ دیں تاکہ ہاکی ٹیم پرو لیگ میں شرکت کرے۔ دوسری جانب اولمپئن خواجہ جنید نے کہا کہ اگر اس وقت ٹاپ ٹیموں کے خلاف کھیلنے کا موقع مل رہا ہے تو اس کا فائدہ اٹھانا چاہیے، ہم کافی عرصے سے بڑی ٹیموں کے خلاف نہیں کھیل رہے لیکن اس کے لیے بڑے بجٹ کی ضرورت ہے جو کہ کسی کی سپورٹ کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی کو سپورٹ کرنا چاہیے، ہم خوش قسمت ہیں کہ نیوزی لینڈ دستبردار ہوئی ہے۔

Khiara Keating اور Alessia Russo، Lauren Hemp، Niamh Charles، Esme Morgan سوئٹزرلینڈ کے باسل میں 2025 یورپی چیمپئن بننے کے بعد جشن منارہے ہیں

بنگلا دیش میں لگا تھا کہ اسپن وکٹ ہوگی مگر وہاں فاسٹ بولرز کو مدد ملی، صائم ایوب

فلوریڈا (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے بیٹر صائم ایوب نے کہا ہے کہ بنگلا دیش میں لگا تھا کہ اسپن وکٹ ہوگی مگر وہاں فاسٹ بولرز کو مدد ملی۔ میچ کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لاڈرہل کی پچ خشک ہے، یہاں اسپنرز کو مدد ملی، اگلے میچز میں بھی اگر وکٹ ایسی رہی تو اسپنرز کو کافی مدد ملے گی۔ صائم ایوب نے کہا کہ اس طرح کی چیلنجنگ وکٹ پر تسلسل کے ساتھ شاٹس نہیں لگتے، نئے آنے والے بیٹرز کے لیے کھیلنا مشکل تھا۔ انہوں نے کہا کہ فخر زمان کے ساتھ یہی پلان کیا تھا کہ ٹائم لیں گے، پلان کیا کہ غیر ضروری شاٹس کھیلنے سے گریز کریں۔

مارک مارکیز (ر) 11 مئی کو چیک سرکٹ میں فرانس موٹو جی پی ریس کے دوران اپنے بھائی ایلیکس سے آگے نکل رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت
لاہور

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

قلعہ احمد آباد کے نواحی گاؤں بدو چیدہ سے تعلق رکھنے والے محمد کاظم پاک کوریا بزنس ایسوسی ایشن کے نائب صدر منتخب

محمد کاظم گزشتہ 22 سالوں سے جنوبی کوریا میں کامیابی کے ساتھ اپنا کاروبار کر رہے ہیں اور وہاں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے فعال رہنما سمجھے جاتے ہیں

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد کے نواحی گاؤں بدو چیدہ ضلع نارووال سے تعلق رکھنے والے ممتاز کاروباری شخصیت اور کوریا میں مقیم محمد کاظم کو پاک کوریا بزنس ایسوسی ایشن کا نائب صدر منتخب کرلیا گیا ہے ۔محمد کاظم گزشتہ 22 سالوں سے جنوبی کوریا میں کامیابی کے ساتھ اپنا کاروبار کر رہے ہیں اور وہاں مقیم پاکستانی کمیونٹی کے فعال رہنما سمجھے جاتے ہیں ۔ وہ نہ صرف کاروباری سطح پر سرگرم ہیں بلکہ کمیونٹی کے فلاحی اور سماجی مسائل کے حل کے لیے بھی ہمیشہ پیش پیش رہتے ہیں ۔ نائب صدر منتخب ہونے کے بعد محمد کاظم نے کہا، ”ہم کوریا میں مقیم پاکستانی بھائیوں کی فلاح و بہبود اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہیں ۔ ہمارا مقصد نہ صرف پاکستانی کمیونٹی کو مستحکم بنانا ہے بلکہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط کرنا بھی ہے ۔کمیونٹی کی جانب سے محمد کاظم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا گیا ہے اور امید ظاہر کی گئی ہے کہ وہ اپنی نئی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں گے ۔

پتوکی محمد شعیب گولڑوی فنانس سیکرٹری امن ڈویژن لاہور، محمد اشفاق گولڑوی صدر امن تحصیل پتوکی، شوکت علی گولڑوی سینئر نائب صدر امن ضلع قصور نے تحصیل پتوکی کے مختلف یونٹس کا وزٹ کیا

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی محمد شعیب گولڑوی فنانس سیکرٹری امن ڈویژن لاہور، محمد اشفاق گولڑوی صدر امن تحصیل پتوکی، شوکت علی گولڑوی سینئر نائب صدر امن ضلع قصور نے تحصیل پتوکی کے مختلف یونٹس کا وزٹ کیا۔ جس میں یونٹ امن دینا ناتھ میں صدر عبد المجید ثاقب گولڑوی، حاجی غلام فرید گولڑوی، محمد خالد گولڑوی شامل ہیں ۔ یونٹ پھولنگر میں صدر انعام اللہ گولڑوی، نائب صدر ڈاکٹر مرتضیٰ گولڑوی، فنانس سیکرٹری کلیم اللہ گولڑوی شامل ہیں۔ یونٹ واں آدھن میں محمد اسلم گولڑوی، یاسین گولڑوی، محمد نصیر گولڑوی شامل ہیں ۔تمام یونٹس کے عہدیداران کو آستانہ عالیہ گولڑہ شریف میں 12 / 13 اگست کو منعقد ہونے والے سالانہ عرس مبارک کے حوالے سے مکمل بریفنگ دی گئی تشہیری مہم اور قافلوں کی مینجمنٹ پر محمد شعیب گولڑوی نے انتظامیہ کو خصوصی ہدایات جاری کی ۔ میٹنگ کا اہتمام حضور سید پیر نصیر الدین نصیر جیلانی گیلانی رحمتہ کے شعر پر ہوا۔ توں کیا ہے اور کیا ہے تیرے علم کی بساط، تجھ پر کرم نصیر یہ سارا علی علیہ السلام کا ہے۔

پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر محمد صادق، کونسل ممبر پریس کلب محمد ساجد صادق، محمد ریحان کی عمرہ روانگی سے قبل پریس کلب فیصل آباد میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کے صدر محمد صادق کونسل ممبر پریس کلب محمد ساجد صادق محمد ریحان کی عمرہ روانگی سے قبل پریس کلب فیصل آباد میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس کا اہتمام پر پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن نے کیا تھا تقریب کے مہمانان خصوصی پریس کلب کے صدر جی اے تنویر، کاشف اعجاز نوری تھے جنہوں نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ خوش قسمت ہیں وہ لوگ جن کو اللہ پاک عمرہ پاک کی سعادت کا شرف عطا فرماتا ہے، ہم دعا گو ہیں کہ اللہ پاک سب دوستوں کو حج و عمرہ کی سعادت نصیب فرمائے انہوں نے کہا کہ سینئر فوٹو جرنلسٹ محمد صادق نے ہمیشہ مثبت صحافت کو فروغ دیا یہی وجہ ہے کہ پریس کلب میں ان کی خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے محمد صادق کی عمرہ روانگی سے قبل پریس کلب میں ان کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد قابل ستائش اقدام ہے انہوں نے محمد صادق سے کہا کہ عمرہ ادائیگی کے دوران کارکن صحافیوں کو بھی اپنی دعاں میں ضرور یاد رکھیں اس موقع خطاب کرتے ہوئے صدر محمد صادق نے پروقار تقریب کے انعقاد پر پروفیشنل فوٹو جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں و ممبران کا شکریہ ادا کیا اور کہا جرنلسٹس کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر کے والہانہ محبت کی مثال قائم کی ہے شکریہ تقریب میں شرکت کرنے پر صدر پریس کلب جی اے تنویر ،کاشف اعجاز نوری کا بھی شکریہ ادا کیا تقریب میں سعید سوہی، محمد امین چوہدری، شوکت سلطان بٹ، محمد اشرف چوہدری، افتخار بھٹی، رانا نعیم محمد اشفاق ہاشمی، بصار سرور، عزیز بٹ، آصف غوری محمد دستگیر، نادر مان، جاوید عبدالحق خادم حسین، رفعت انور، رانا ارشد، شاہد و دیگر نے شرکت کی۔

جہلم اور اس کے گردونواح میں موجود ہوٹلوں میں مضر صحت اور ملاوٹ شدہ ناقص کھانوں کی فروخت عروج پر پہنچ گئی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم اور اس کے گردونواح میں موجود ہوٹلوں میں مضر صحت اور ملاوٹ شدہ ناقص کھانوں کی فروخت عروج پر پہنچ گئی ، شہری پیٹ کی بیماریوں میں مبتلا ہونے لگے ، شہریوں نے اعلیٰ حکام سے اصلاح و احوال کا مطالبہ ۔تفصیلات کے مطابق شہر اور اس کے گرد و نواح میں واقع ہوٹلوں میں ناقص اور مضر صحت کھانوں کی فروخت جاری ہے

ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راجہ زبیر احمد سے معروف سماجی شخصیت چوہدری نعیم طاہر کمبوہ نے ملاقات کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر راجہ زبیر احمد سے معروف سماجی شخصیت چوہدری نعیم طاہر کمبوہ نے ملاقات کی جنہیں ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ کروایا گیا اور مریضوں کو دی جانے والی طبی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی چوہدری نعیم طاہر کمبوہ نے ڈاکٹر راجہ زبیر احمد کے اقدامات و فرض شناسی کو سراہتے ہوئے انہیں شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ایم ایس ڈاکٹر راجہ زبیر احمد نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے صحت مند پنجاب وژن کو عملی جامہ پہنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی گئی ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں روزانہ ہزاروں مریض علاج معالجہ کی غرض سے لائے جاتے ہیں جنہیں فوری طبی امداد کی فراہمی کیلئے موثر لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے ہسپتال کے تمام انتظامی امور فعال ہیں اور ڈاکٹرز و عملہ اپنے فرائض تندہی و مستعدی سے انجام دے رہا ہے اپنی تعیناتی کے بعد سے ہسپتال کے وارڈز و دیگر حصوں کا وزٹ کرتے سمیت مریضوں و لواحقین سے ملاقاتیں کرنا میرا معمول ہے تاکہ ڈاکٹرز و عملہ کی کارکردگی جانچی جاسکے میرے آفس کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں کسی طرح کی شکایت کی صورت میں شہری آگاہ کریں فوری کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

کرپشن کا خاتمہ اولین ترجیح ہے: محمد افضل منشاء

وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے عہد کیا ہے کہ کرپشن اور کمیشن کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہوگا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/ نمائندہ خصوصی) محمد افضل منشاء نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق کرپشن کے خاتمہ کے لیے اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے حلقہ سے مسائل کا خاتمہ اولین ترجیح ہے عوام کا پیسہ اب عوام پر شہر کی فلاح بہبود کے لیے خرچ ہوگا وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے عہد کیا ہے کہ کرپشن اور کمیشن کا دروازہ ہمیشہ کے لیے بند ہوگا شہریوں نے وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق کو خراج تحسین کیا کہ جنہوں نے میاں محمد نواز شریف کے جانثار سپاہی فرزند ڈسکہ محمد افضل منشاء کو عوامی خدمت کے لیے اپنے کیمپ آفس کی ذمہ داری سونپی یہاں روزانہ سینکڑوں افراد اپنے علاقائی مسائل کے حل کے لیے جاتے ہیں اور ان کے مسائل کا فوری حل ہوتا ہے

پریس کلب ڈسکہ (رجسٹرڈ) کے منتخب عہدیداران و ممبران کو شہر کی مختلف سیاسی، سماجی، فلاحی شخصیات کی طرف سے مبارک باد کا سلسلہ جاری

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/ نمائندہ خصوصی) پریس کلب ڈسکہ (رجسٹرڈ) کے منتخب عہدیداران و ممبران کو شہر کی مختلف سیاسی، سماجی، فلاحی شخصیات کی طرف سے مبارک باد کا سلسلہ جاری تنظیم الاخوان پاکستان کے ڈویژنل صدر عبد الحمید چھینہ ایڈووکیٹ، ضلعی جنرل سیکرٹری عارف رفیق، ضلعی سیکرٹری اطلاعات و نشریات ڈاکٹر ندیم ملک، تحصیل سیکرٹری اطلاعات وقاص ریاض اور تحصیل صدر ڈسکہ محمد ریحان نے چیئرمین پریس کلب ڈسکہ محمد افضل، سینئر وائس چیئرمین امین رضا مغل، جنرل سیکرٹری سید رضوان مہدی، انفارمیشن سیکرٹری رانا افضل و دیگر کو مبارک باد پیش کی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر پریس کلب کے ایگزیکٹو و دیگر ممبران بھی موجود تھے

جہلم ضلع بھر میں غیر قانونی طریقے سے مقیم افغانی باشندوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر میں غیر قانونی طریقے سے مقیم افغانی باشندوں کیخلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا گیا ہے اور ضلع کے مختلف تھانوں میں کی جانے والی کارروائیوں میں گزشتہ روز تک تین سو سے زائد افغانیوں کو حراست میں لیکر ہولڈنگ سنٹر میں منتقل کردیا گیا تھا یہ ہولڈنگ سنٹر گورنمنٹ ڈگری کالج جی ٹی روڈ جہلم البیرونی کالج پنڈدادنخان گورنمنٹ کالج دینہ شامل ہیں جہاں سے سرکاری تحویل میں لیے گئے افغانی باشندوں کو افغانستان روانہ کیا جائے گا۔ضلع جہلم کی پولیس نے سرچ آپریشن کے دوران تھانہ سٹی، تھانہ صدر، تھانہ سول لائن، چوٹالہ، تھانہ پنڈدادنخان، تھانہ للہ، تھانہ کالا گجراں، تھانہ دینہ، تھانہ منگلا کینٹ، تھانہ ڈومیلی، اور تھانہ سوہاوہ سے غیر قانونی مقیم باشندوں کو تحویل میں لیکر ہولڈنگ کیمپس میں منتقل کیا گیا ہے جہاں پر انتظامیہ نے افغانی باشندوں کے قیام و طعام کا بہترین بندوبست کر رکھا ہے

جہلم شہر میں مہنگائی کا طوفان اشیائے خوردونوش سبزیاں اور پھل مہنگے فروخت ہونے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر میں مہنگائی کا طوفان اشیائے خوردونوش سبزیاں اور پھل مہنگے دوکانداروں نے مہنگے داموں فروخت کرنے شروع کر رکھے ہیں، بااثر دکانداروں نے ڈپٹی کمشنر کے احکامات کو بھی نظر انداز کردیا شہری سراپاء احتجاج گران فروشوں کے خلاف سخت کارروائیاں کرنے کا مطالبہ ۔تفصیلات کے مطابق جہلم شہر اور گردو نواح میں اشیائے خوردونوش پھل اور سبزیاں فروخت کرنے والے دوکانداروں نے قیمتوں میں من مانا اضافہ کر کے مہنگائی کا طوفان برپا کر رکھا ہے

ساہیوال پولیس کی جانب سے ضلع بھر کے گرجا گھروں پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات

140 گرجا گھروں پر 335 سے زائد پولیس اہلکار تعینات

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال پولیس کی جانب سے ضلع بھر کے گرجا گھروں پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات،140 گرجا گھروں پر 335 سے زائد پولیس اہلکار تعینات۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمٰن خان کی ہدایت اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کو فول پروف بنایا گیا۔ضلع بھر کے 140 چرچز پر 335 سے زائد افسران و اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ داخلی مقامات پر واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور سی ٹی وی کیمرے مکمل فعال ہیں جبکہ گاڑیوں اور افراد کی سخت چیکنگ جاری ہے چرچز کے اطراف پارکنگ کے لیے علیحدہ مقامات مختص کیے گئے ہیں اور خواتین کی چیکنگ کے لیے لیڈیز پولیس تعینات کی گئی ہیں تمام ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو الرٹ رہنے اور سیکیورٹی معاملات کی خودنگرانی کی ہدایت کی گئی ہے ڈی پی او رانا طاہر رحمٰن خان نے کہا کہ اقلیتوں کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور سیکیورٹی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام (Birth and Death) Rules 2025 کی آگاہی کے حوالے سے گورنمنٹ اسلامیہ کالج میں سیمینار کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے زیر اہتمام (Birth and Death) Rules 2025 کی آگاہی کے حوالے سے گورنمنٹ اسلامیہ کالج سیمینار کا انعقاد کیا گیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) مہر واثق عباس ہرل اس موقع پر مہمان خصوصی تھے ۔ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ غلام شبیر چھچھو ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ ملک باسط پچھی ،ملک ظفر عباس گلوتر اور مہر عاطف ہرل بھی موجود تھے ۔سیمینار میں ضلع بھر سے سیکرٹریز لوکل گورنمنٹ اور نکاح رجسٹرار نے شرکت کی اس موقع پر بتایا گیا کہ سیکرٹری یونین کونسل کے پاس ایک سال تک پیدائش سرٹیفکیٹ و وفات سرٹیفکیٹ کے اندراج کا اختیار ہوگا۔اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کے پاس 1 تا 7 سال تک پیدائش سرٹیفکیٹ کے اندراج کا اختیار ہوگا جبکہ 7 سال سے زائد عرصہ گزر جانے پر اندراج پیدائش سرٹیفکیٹ کے لئے ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ کے دفتر جانا ہوگا۔ 1 تا 7 سال عرصہ گزر جانے پر وفات سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ و عملہ نادرا سے اجازت لینا پڑے گی۔

حکومتِ پاکستان کے فیصلہ کے مطابق ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی پانچ اگست کو یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا جائیگا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) حکومتِ پاکستان کے فیصلہ کے مطابق ملک بھر کی طرح ضلع چکوال میں بھی پانچ اگست کو یوم استحصال کشمیر بھرپور انداز میں منایا جائیگا اور اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام سول سوسائٹی کے اشتراک سے منعقد ہونے والی ریلیوں اور سیمینارز میں مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا جائے گا جبکہ کشمیر میں قابض بھارتی افواج کے مسلسل چھ سال سے محاصرہ ،بدترین مظالم اور جبر و تشدد کی شدید مذمت کی جائے گی ۔ضلع میں یوم استحصال کشمیر کے موقع پر مظلوم کشمیری عوام کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کے سلسلہ میں منعقد ہونے والی ریلیوں ، سیمینارز اور دیگر تقریبات میں اقوام متحدہ سمیت عالمی برادری سے بھرپور مطالبہ کیا جائے گا کہ کشمیر پر قابض سفاک بھارتی افواج کے بدترین مظالم اور جبر و استبداد سے نہتے مظلوم کشمیریوں کو نجات دلائی جائے اور انہیں ان کا حق خودارادیت دلایا جائے تاکہ کشمیری عوام سفاک بھارت کے غاصبانہ قبضہ سے جلد آزادی حاصل کر کے اپنی مرضی سے زندگی بسر کرسکیں #

حافظ آباد میں بھی چینی کی شدید بحران پیدا ہوگیا۔ شہری چینی کی تلاش میں مارے مارے پھرنے لگے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں بھی چینی کی شدید بحران پیدا ہوگیا۔شہری چینی کی تلاش میں مارے مارے پھرنے لگے ۔ضلع بھر میں سرکاری زخوں پر چینی کسی جگہ پر بھی دستیاب نہیں ۔تفصیلات کے مطابق حکومت کی جانب سے چینی کی قیمت 173 روپے کلو مقرر کیے جانے کے بعد ڈیلرز اور دوکانداروں نے چھاپوں کے خوف سے چینی غائب کر دی ہے اور شہری چینی کی تلاش میں مارے مارے پھرنے لگے ہیں اور اگر چینی کسی جگہ پر دستیاب ہے تو وہ 190 روپے سے 200 روپے کلو بلیک میں فروخت کی جارہی ہے، جس سے حکومت کی جانب سے عوام کو چینی سستے ریٹ پر فراہم کرنے کے تمام دعوے ملیا میٹ ہو گئے ہیں ۔

عوام الناس کو معیاری علاج معالجے کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں: ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر نے بنیادی مرکز صحت بینکسن آباد کی ری ویمپنگ کا جائزہ لیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے عوامی منصوبوں کی تکمیل اور عوام الناس کو معیاری علاج معالجے کی فراہمی کے لیے کوشاں ہیں۔تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کا جائزہ اور سرکاری اداروں کی جانب سے عوام الناس کو دی جانے والی سروسز کا جائزہ لینے کے لیے تحصیل شاہکوٹ اور تحصیل سانگلہ ہل کا تفصیلی دورہ کیا۔دوران وزٹ اسسٹنٹ کمشنر شاہکوٹ شاہ شرافت، اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اسامہ امانت، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ حماد یوسف، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر کامران واجد سمیت ہائی وے کے افسران و دیگر بھی ہمراہ ہیں۔ڈپٹی کمشنر نے بنیادی مرکز صحت بینکسن آباد کی ری ویمپنگ کا جائزہ لیا۔انہوں نے بلڈنگ میں استعمال ہونے والے میٹریل کو چیک کیا اور متعلقہ حکام کو جلد از جلد ری ویمپنگ کے عمل کو مکمل کرنے کے احکامات جاری کیے ۔ڈپٹی کمشنر نے تحصیل شاہکوٹ میں جشن آزادی معرکہ حق کے حوالے سے جاری کھیلوں کے مقابلہ جات کے ونر اور رنر اپ کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے۔انہوں نے شاہکوٹ کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ہائی وے اور دیگر محکمہ جات کے افسران نے منصوبوں کی پیش رفت بارے ڈی سی کو تفصیلی بریفنگ بھی دی۔ڈپٹی کمشنر نے شاہکوٹ سٹی کے مختلف علاقوں میں صفائی ستھرائی کے جائزہ سمیت لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی نئی مشینری کو بھی چیک کیا۔تحصیل انتظامیہ سانگلہ کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو سانگلہ ہل کے جاری ترقیاتی منصوبوں بارے بھی بریفنگ دی گئی۔ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے سیون سٹار شوگر مل کا دورہ کیا

سعودی عرب میں پاکستانی بزنس کمیونٹی پاکستان میں انویسٹمنٹ کر کے پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنائے گی

(سی سی ڈی) اور (او پی ایف) کی جانب سے اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کا تحفظ کے لیے ہونے والے معاہدے پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں

سرگودھا (عبدالمنان چوہدری سے) سعودی عرب میں پاکستانی بزنس کمیونٹی پاکستان میں انویسٹمنٹ کر کے پاکستان کی معیشت کو مضبوط بنائے گی۔(سی سی ڈی) اور (او پی ایف) کی جانب سے اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کا تحفظ کے لیے ہونے والے معاہدے پر حکومت پاکستان کا شکریہ ادا کرتے ہیں جو اوورسیز پاکستانیوں کی مشکلات کو دور کرنے کے لیے بہت اہم قدم ہے۔ان خیالات کا اظہار سعودی عرب کی معروف سماجی اور کاروباری شخصیت مرکزی چیئرمین پاک سعودی فرینڈشپ فورم ناصر حبیب نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی دفعہ کسی حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کو بھرپور حقوق اور تحفظ دینے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں جس کے لیے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے مزید کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کو جو مسائل ہیں ان میں اہم مسئلہ ان کی جائیدادوں پر قبضہ تھا اوورسیز پاکستانی جب ملک واپس اتے ہیں تو ایئر پورٹس پر ان کے ساتھ ناروا سلوک ہوتا تھا جو ناقابل قبول تھا لیکن اب اوورسیز پاکستانیوں کو عزت مل رہی ہے جو قابل تحسین ہے پاکستان کی معیشت میں اوورسیز پاکستانیوں کا ہمیشہ اہم کردار رہا ہے۔ ناصر حبیب کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان مشکلات سے نکل چکا ہے اب انشاءاللہ اوورسیز پاکستانی بزنس کمیونٹی پاکستان میں بھرپور انویسٹمنٹ کر کے پاکستان کو عظیم سے عظیم تر بنائے گی ۔ہم پاکستان میں روزگار فراہم کر کے پاکستان کی ترقی کو مثالی بنائیں گے ۔سی سی ڈی اور اوورسیز پاکستان فاؤنڈیشن اوورسیز پاکستانیوں کے حقوق کے لیے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لائے گی پاکستان کی ترقی میں اوورسیز پاکستانی ہمیشہ پیش پیش رہے ہیں اور آئندہ بھی پاکستان کی خدمت کرتے رہیں گے پہلی بار کسی حکومت نے اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل کو حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے ہیں ۔

سماجی کارکن وصحافی مرزا افضال بیگ انتقال کر گئے

نماز جنازہ میں سیاسی ،سماجی ،صحافتی شخصیات سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/ قوت) سماجی کارکن وصحافی مرزا افضال بیگ انتقال کر گئے ،نماز جنازہ میں سیاسی ،سماجی ،صحافتی شخصیات سمیت سینکڑوں افراد کی شرکت ،کوٹ امیر علی شاہ قبرستان میں سپرد خاک ۔تفصیلات کے مطابق سماجی کارکن وصحافی مرزا افضال بیگ انتقال کر گئے وہ کئی سالوں سے گردوں کے مرض میں مبتلا تھے ۔ان کی نماز جنازہ کوٹ امیر علی شاہ جنازگاہ جی ٹی روڈ اوکاڑہ میں ادا کی گئی نماز جنازہ میں پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری مہر عبدالستار، مسلم لیگ (ن) کے رہنما منظور احمد سپرا، پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما راؤ محمد رفیق، سیکرٹری جنرل ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان عابد حسین مغل ،سابق صدر سٹی پریس کلب اوکاڑہ مہر ساجد علی ، سینئر صحافی حافظ حسنین رضا ،میاں کاشف منیر ،محمد عاشق مغل ،مرزا جاوید ایڈووکیٹ ،مرزا رضوان بیگ ایڈووکیٹ ،مرزا بابر بیگ سمیت مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور سینکڑوں افراد نے شرکت کی ۔مرحوم کو کوٹ امیر علی شاہ قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔مرزا افضال بیگ سٹی پریس کلب اوکاڑہ کے رکن رہے اور کئی عہدوں پر ذمہ داریاں سرانجام دیتے رہے ہیں وہ پاکستان پیپلز پارٹی سمیت کئی سماجی تنظیموں سے بھی وابستہ تھے ۔

جرم و سزا

CRIME
& COURT

شہر میں اندرونی اور بیرونی ناکہ بندیاں بھی کی گئیں

شہری چکوال کو محفوظ بنانے کے لیے چکوال پولیس کا ساتھ دیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن ،آئی جی پنجاب پولیس ڈاکٹر عثمان انور اور آر پی او راولپنڈی ریجن بابر سرفراز الپا کے احکامات کے مطابق لیفٹیننٹ ریٹائرڈ احمد محی الدین ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کی ہدایات پر ضلع بھر میں کرسچین کمیونٹی کی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ۔شہر میں اندرونی اور بیرونی ناکہ بندیاں بھی کی گئیں ۔شہری چکوال کو محفوظ بنانے کے لیے چکوال پولیس کا ساتھ دیں. ڈی پی او تمام ایس ڈی پی اوز ※ ایس ایچ اوز نے اپنے علاقہ میں موجود کرسچین کمیونٹی کی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی چیک کی اور ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران و جوانوں کو موجودہ ملکی حالات کے پیش نظر بریف کر رہے ہیں ۔پارکنگ ایریا مناسب فاصلہ پر رکھیں اور اپنی ڈیوٹی الرٹ ہو کر کریں تاکہ کوئی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ ہوسکے ۔

عامر نامی جم انسٹرکٹر نے نوجوان پر چمڑے کی بیلٹ سے مبینہ تشدد کیا

ایس ایچ او اگوکی نعمان بٹر نے فوری کاروائی کرتے ملزمان گرفتار کر لئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) تھانہ اگوکی کے علاقہ فتح گڑھ میں واقع جم کے عامر نامی انسٹرکٹر نے دو ساتھیوں سمیت موبائل چوری کے شبہ میں سرعام اپنی عدالت لگائی اور موبائل چوری کے الزام میں شہری پر چمڑے کی بیلٹ کے ساتھ بہیمانہ تشدد و گالی گلوچ شروع کر دی جس کی ویڈیو وائرل ہوئی تو شہریوں میں ہراسگی پھیل گئی ۔ویڈیو وائرل ہونے پر ایس ایچ او تھانہ اگوکی محمد نعمان بٹر نے فوری قانونی کاروائی کرتے ہوئے شہری پر بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے والے ملزم کو ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا ۔فرض شناس انسپکٹر محمد نعمان بٹر کا کہنا ہے کہ وقوعہ کوئی بھی ہو کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لیکر سرعام سزا دینے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی ۔ملزمان کو گرفتار کر کے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بی ایچ یو بھوپال والہ کی ایل ایچ وی کی مبینہ غفلت سے زچہ بچہ کی حالت تشویشناک

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے لواحقین کی منزہ نامی ایل۔ایچ۔وی کیخلاف ایکشن کی اپیل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سمبڑیال کے بنیادی مرکز صحت بھوپالوالہ میں منزہ نامی ایل ایچ وی کی غفلت سے بچے کی حالت تشویشناک ۔ زچگی کا کیس ٹھیک کہ وہ ٹھیک ہو جائے ڈاکٹروں کا کہنا ہے کہ بچے کے سر میں پانی ہے اور پیشاب سے خون بھی آ رہا ہے۔سمبڑیال بنیادی مرکز صحت بھوپالوالہ میں نوکری سے فارغ ایل ایچ وی منزہ لوگوں کی زندگیوں سے کھیلنے لگی۔مصدقہ ذرائع کے مطابق سمبڑیال کے موضع بھوپالوالہ میں واقع بی ایچ یو ہسپتال میں منزہ نامی ایل ایچ وی جو کہ محکمہ صحت کی نوکری سے 30 جون کی فارغ ہو چکی ہے لیکن افسران بالا سے اچھے تعلقات ہونے کی وجہ سے اس نے نہ سرکاری کوارٹر خالی کیا اور نہ متعلقہ ہسپتال میں کام کرنا چھوڑا بلکہ اسی ہسپتال کے کوارٹر میں الٹرا ساؤنڈ مشین لگا کر مریضوں کا پرائیوٹ چیک اپ کرتی ہے اور مبینہ طور پر ڈیلیوریاں بھی جو کہ قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے گزشتہ رات بھی ڈھلم بلکن کے رہائشی ابراہیم ولد ارشد سکنہ ڈھلم بلکن نے اپنی بیوی کو ہسپتال چیک اپ کیلئے لیکر گیا تو منزہ نے انکی الٹرا ساؤنڈ کرنے کے بعد انہیں نارمل ڈیلیوری کا کہ کر پیسے طے کیے اور ہسپتال کے اندر ہی دوائیاں انجیکشن لگانے شروع کر دیے اور باہر سے کسی دائی کو بھی بلوا کر ڈیلیوری کرنے کی کوشش کرتے رہے ساری رات گزرنے کے بعد جب زچہ بچہ نیم مردہ حالت میں ہو گئے تو منزہ نے انہیں کسی اور ہسپتال لیجانے کا کہ کر خود غائب ہو گئی۔ابراہیم نے اپنی بیوی کو اس حالت میں دیکھ کر چیخ و پکار شروع کر دی اور فوری اسے سمبڑیال پرائیوٹ ہسپتال میں لے گیا جہاں اسکا آپریشن کرنے کے بعد بچے کو آکسیجن لگا کر تشویشناک حالت میں سیالکوٹ ہسپتال منتقل کیا گیا ۔ابراہیم عرف شیبی نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز اور محکمہ صحت کے افسران سے اس منزہ نامی ایل ایچ وی کیخلاف نوٹس لیتے ہوئے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔تاکہ آنے والے دنوں میں لوگوں کی زندگیاں داؤ پر نہ لگیں

روڈ کراس کرتے ہوئے 50 سالہ نامعلوم شخص مزدا ڈالے کی زد میں آ کر جاں بحق ہوگیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) روڈ کراس کرتے ہوئے 50 سالہ نامعلوم شخص مزدا ڈالے کی زد میں آکر جاں بحق ہوگیا، شیل پٹرول پمپ کے قریب سڑک عبور کرتے ہوئے 50 سالہ نامعلوم شخص قصور سے آنے والے تیز رفتار مزدا ڈالے کی ٹکر سے موقع پر جاں بحق ہوگیا ،پولیس نے غفلت اور لاپرواہی سے ڈالہ چلانے والے ڈرائیور کو گرفتار کر کے لاش کو پوسٹ مارٹم کیلئے بلھے شاہ ڈسٹرکٹ ہسپتال قصور روانہ کر دیا۔

حافظ آباد میں گذشتہ روز بھی نامعلوم چور ڈی ایچ کیو ہسپتال کے باہر سے شہری کا موٹر سائیکل چرالے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں گذشتہ روز بھی نامعلوم چور ڈی ایچ کیو ہسپتال کے باہر سے شہری کا موٹر سائیکل چرالے گئے ۔ہسپتال کے باہر سے اب تک سینکڑوں موٹر سائیکلیں چرائی جا چکی ہیں لیکن پولیس نہ تو ملزمان کا سراغ لگا سکی ہے اور نہ ہی موٹر سائیکلیں برآمد کی جا سکی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ساگر روڈ محلہ کریم آباد کا رہائشی ارسلان علی ولد صابر علی ڈی ایچ کیو ہسپتال میں مریض کی تیمارداری کے لئے آیا تو وہ اپنی موٹر سائیکل ہسپتال کے باہر کھڑی کر کے اندر چلا گیا ۔اس دوران نامعلوم چور اسکی موٹر سائیکل چرا کر فرار ہوگئے ۔ پولیس تھانہ سٹی نے مقدمہ درج کرلیا تاحال ملزمان کو گرفتار نہ کیا جاسکا ہے۔

حافظ آباد شہر کے سنگم فوارہ چوک میں واقع ہارڈ ویئر کی ایک دوکان میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد شہر کے سنگم فوارہ چوک میں واقع ہارڈ ویئر کی ایک دوکان میں شارٹ سرکٹ کے باعث آگ بھڑک اٹھی جس سے لاکھوں روپے مالیت کا سامان جل گیا ۔ریسکیو کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر نہایت ہی تگ و دو کر کے آگ پر قابو پایا اور دوسری دوکانوں کو آگ کی زد میں آنے سے بچا لیا۔

ڈسکہ چونگی نمبر 6 تیز رفتار خاتون کار سوار نے 14 افراد کچل ڈالے

افسوسناک واقعہ میں موٹر سائیکل سوار فیملی و 3 رکشے روند ڈالے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) کچھ عرصے قبل کم سن بچے نے لاہور میں اسی قسم کے حادثہ میں سڑک کنارے کھڑے رکشوں و موٹر سائیکل سواروں کو روند ڈالا جس کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق جبکہ پانچ زخمی ہوئے اسی طرز کا حادثہ ڈسکہ چونگی نمبر 6 میں اسوقت رونما ہوا جب ایک خاتون کار سوار ڈرائیور نے تیز رفتاری میں کار چلاتے سڑک کنارے کھڑے موٹر سائیکل سوار و کھڑے رکشوں پر گاڑی چڑھا دی حادثے کے نتیجے میں 14 افراد شدید زخمی ہوئے جن میں موٹر سائیکل سوار میاں، بیوی اور بیٹی شامل ہیں جن کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔عینی شاہدوں کے مطابق تیز رفتار کار سڑک کنارے کھڑے رکشوں سے ٹکرائی اور انہیں کچلنے کے بعد خاتون کار ڈرائیور موقع سے فرار ہوگئی۔ ڈسکہ پولیس نے خاتون کی گاڑی قبضہ میں لے کر تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ ریسکیو ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے تمام زخمیوں کو سول اسپتال منتقل کر دیا۔

شہر میں ایک ایسا جرائم پیشہ گروہ متحرک ہے جو حراسمنٹ ،زیادتی سمیت دیگر سنگین نوعیت کے جھوٹے مقدمات کا اندراج کروا کر عزتدار شہریوں کو بلیک میل کر رہا ہے

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت محمد ندیم مصطفائی، چوہدری تنویر حسین، سید سبط حسن نقوی، شیخ ماشاء اللہ و دیگر کا کہنا ہے کہ شہر میں ایک ایسا جرائم پیشہ گروہ متحرک ہے جو حراسمنٹ ،زیادتی سمیت دیگر سنگین نوعیت کے جھوٹے مقدمات کا اندراج کروا کر عزتدار شہریوں کو بلیک میل کر رہا ہے ۔جس سے دنیا بھر میں پتوکی شہر سمیت پورے ضلع کی بدنامی ہو رہی ہے ۔ یہ گروہ حراسمنٹ اور زیادتی کے معاملات میں بنا تفتیش اور چھان بین مقدمات کے اندراج کا فائدہ اٹھا کر شریف شہریوں کو بلیک میل کرتا نظر آتا ہے ایسے مقدمات میں بے گناہ اور عزتدار شہری گرفتاری اور سست نظام انصاف کے خوف سے اس بلیک میلر گروہ کے چنگل میں پھنس کر منہ مانگی رقم ادا کرنے کو مجبور ہوتا ہے اور بعد ازاں صلح کے نام پر معاملہ رفع دفعہ ہو جاتا ہے ۔انکا مزید کہنا تھا کہ قانون کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے ایسے جرائم پیشہ عناصر جہاں معاشرے کے لئے بدنما داغ ہیں وہیں کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کے خلاف اداروں کو سخت کاروائی عمل میں لانی چاہیے ۔جس پر انہوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف سمیت دیگر حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ حراسمنٹ اور زیادتی کے مقدمات کے اندراج سے قبل چھان بین کا نظام شفاف اور مضبوط بنایا جائے تاکہ کسی بے گناہ پر ایسا سنگین مقدمہ درج نہ ہو پائے اور حراسمنٹ اور زیادتی کے قانون کا ناجائز فائدہ اٹھانے والوں کے خلاف سخت کاروائی کا قانون بنا کر صوبہ بھر میں فوری نافذ کیا جائے ۔

اینٹی کرپشن کا بڑا ایکشن، کرپٹ پریکٹس میں ملوث افراد گرفتار

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن پنجاب کی خصوصی ہدایات اور ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل آباد کی براہ راست نگرانی میں اینٹی کرپشن ٹیم نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے ڈاکٹر شعیب احمد وہلہ (سابق میڈیکل آفیسر، بی پی ایس 18، ڈی ایچ کیو ہسپتال فیصل آباد) کو گرفتار کر لیا۔کارروائی سرکل آفیسر عمران عباس کی قیادت میں جنرل ہسپتال غلام محمد آباد فیصل آباد میں کی گئی، جہاں ملزم کو عدالتی منظوری کے بعد حراست میں لیا گیا۔ترجمان اینٹی کرپشن کے مطابق ملزم کے خلاف ایف آئی آر نمبر 13 / 22 درج ہے، جو تعزیرات پاکستان کی دفعات 471،468،420 اور 5(2)47 پی سی اے کے تحت قائم کی گئی ہے۔ ان دفعات کے تحت ملزم پر جعل سازی، دھوکہ دہی اور بدعنوانی کے سنگین الزامات عائد ہیں ۔ حکام کا کہنا ہے کہ گرفتاری کے بعد مزید تحقیقات جاری ہیں اور توقع ہے کہ مزید شواہد سامنے آنے پر مزید قانونی کارروائی کی جائے گی ۔اینٹی کرپشن حکام نے واضح کیا ہے کہ کرپشن کے خاتمے کے لیے صوبے بھر میں بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی اور کسی بھی بااثر شخصیت کو رعایت نہیں دی جائے گی ۔اس موقع پر ریجنل ڈائریکٹر اینٹی کرپشن فیصل آباد نے ٹیم کی کامیاب کارروائی پر شاباش دی اور کہا کہ کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل جاری رہے گا۔



افغانیوں کے خلاف کریک ڈاؤن !80 گرفتار! مزید گرفتاریاں جاری!

ضلع بھر بالخصوص چکوال شہر میں غیر قانونی طور پر مقیم بالخصوص افغانیوں کے خلاف سرچ آپریشن کے دوران 80 سے زائد گرفتار

چکوال (ایم ایوب سلطانی) پاکستان بھر میں غیر قانونی طور پر مقیم افغانی پٹھانوں کو ملک چھوڑنے کی 31 جولائی کی ڈیڈ لائن گزرنے کے بعد ضلع بھر بالخصوص چکوال شہر میں غیر قانونی طور پر مقیم بالخصوص سٹیزن کارڈ (نادرہ سے جاری شدہ نیلے افغان رجسٹریشن کارڈ) رکھنے والے افغانیوں کے خلاف سرچ آپریشن کے دوران 80 سے زائد افغانی پٹھان گرفتار ۔جن کو گورنمنٹ بوائز سکول چھوڑہ میں قائم کردہ ہولڈنگ سنٹر منتقل کر دیا گیا۔ اور احکامات کی روشنی میں مختلف علاقوں سے افغانی پٹھانوں کو حراست میں لیا جا رہا ہے انے والے دنوں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغانی پٹھانوں کے خلاف جاری کاروائی میں شدت انے کا امکان ہے ۔وزارت داخلہ کے احکامات کے تناظر میں غیر قانونی طور پر چکوال ※ ونہار ※ چوآسیدن شاہ ※ ڈھڈیال اور تلہ گنگ میں مقیم افغانی پٹھانوں کو گرفتار کر کے ہولڈنگ سینٹر میں منتقل کیا جا رہا ہے۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وزارت داخلہ نے 31 جولائی 2025 کو پی او آر کارڈ ہولڈرز کی وطن واپسی کی ڈیڈ لائن دی تھی اعداد و شمار کے مطابق اب تک 10 لاکھ سے زائد افغانی پٹھانوں کو پاکستان سے ڈیپورٹ کیا جا چکا ہے جن میں سے دو لاکھ صرف اپریل 2025 کے بعد واپس گئے ہیں۔اس مہم میں ان 8 لاکھ سے زائد افغان شہریوں کو ہدف بنایا جا رہا ہے جو عارضی اجازت نامے پر پاکستان میں مقیم تھے، جن میں کئی ایسے بھی ہیں جو یہاں پیدا ہوئے یا کئی دہائیوں سے مقیم ہیں ۔

اوکاڑہ پولیس نے ناکہ بندی کر کے سات افراد سے ناجائز اسلحہ اور بھاری مقدار میں شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/ قوت) اوکاڑہ پولیس نے ناکہ بندی کر کے سات افراد سے ناجائز اسلحہ اور بھاری مقدار میں شراب برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے ۔تفصیلات کے مطابق تھانہ منڈی احمد آباد اوکاڑہ کے ایس ایچ او عدنان رفیق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ناکہ بندی کر کے نواحی قصبہ تغریل A کے رہائشی معظم علی ولد مجید سے 30 بور پسٹل، نواحی قصبہ حاجی چاند کے رہائشی محمد رمضان ولد محمد یسین سے رائفل 12 بور، نواحی قصبہ حاجی چاند کے رہائشی منظور احمد ولد نور احمد سے رائفل 244 بور، نواحی قصبہ حاجی چاند کے رہائشی منیر احمد ولد محمد امین سے پسٹل 9 ایم ایم، نواحی قصبہ حاجی چاند کے رہائشی محمد عابد ولد محمد عاشق سے 30 بور پسٹل، نواحی قصبہ طغریل کے رہائشی زمان بیگ ولد رشید بیگ سے 20 لیٹر شراب اور ذوالفقار سے ناجائز اسلحہ برآمد کر کے ان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لئے ہیں ۔

آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی ایک اور لاوارث میت کی وارث بنی جس کی تکفین و تدفین کی گئی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی ایک اور لاوارث میت کی وارث بنی جس کی تکفین و تدفین کی گئی گزشتہ روز کیو بی لنک نہر ٹھٹھیاں پل کے قریب سے یہ 45 سالہ نامعلوم شخص کی نعش ملی تھی جس کی اطلاع راہگیروں نے تھانہ بھکھی پولیس کو دی جس نے نعش تحویل میں لیکر آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی کے فنانس سیکرٹری حاجی رانا محمد الیاس کو بذریعہ فون رابطہ کر کے کفن و تدفین کے حوالے سے معاونت طلب کی، نعش کی تکفین و تدفین کے موقع پر آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی کے سرپرست اعلیٰ حاجی غلام سرور، چیئرمین رانا محمد اخلاق، صدر رانا محمد اشرف، سیکرٹری جنرل رانا محمد اکرم، سینئر نائب صدر رانا محمد اقبال ایڈووکیٹ اور سیکرٹری نشرو اشاعت رانا نجم الثاقب و دیگر عہدیداران موجود تھے جنہوں کے اہل علاقہ کے ہمراہ نماز جنازہ ادا کی

جہلم شہر اور گردونواح میں لاغر بیمار جانوروں کا پانی ملے گوشت کی فروخت دیدہ دلیری کے ساتھ جاری

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح میں لاغر بیمار جانوروں کا پانی ملے گوشت کی فروخت دیدہ دلیری کے ساتھ جاری ہے جبکہ گائے کے گوشت اور بکرے کے گوشت کی قیمتیں بھی آسمان سے باتیں کرنے لگیں ہیں چھوٹا بڑا گوشت عام آدمی کی پہنچ سے دور ہے ، مضافاتی علاقوں کے بااثر قصاب بغیر کسی مہر کے من مرضی کے نرخ مقرر کر کے گوشت فروخت کر رہے ہیں جو مضر صحت بھی ہوتا ہے، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں

اوکاڑہ خاتون منشیات فروش گرفتار لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/ قوت) اوکاڑہ خاتون منشیات فروش گرفتار لاکھوں روپے مالیت کی ہیروئن برآمد۔تھانہ راوی پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، ایس ایچ او اقبال زاہد کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی۔ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش منظوراں بی بی گرفتار قبضہ سے 1020 گرام ہیروئن برآمد۔ پولیس نے گرفتار ملزمہ کیخلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی، ڈرگ فری پنجاب مہم کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

چوری ڈکیتی کی دو مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور طلائی زیورات سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/ نمائندہ خصوصی) چوری ڈکیتی کی دو مختلف وارداتوں میں شہری نقدی اور طلائی زیورات سے محروم ڈھولیوالی کی نبیلہ اختر کے گھر تین نامعلوم مرد اور عورتیں بیرون ملک سے آیا سامان لینے کے بہانے آئیں نبیلہ اختر بوتل لینے گئی تو ملزمان نے سیف کا تالا توڑ کر طلائی زیورات 4 عدد طلائی چوڑیاں، دو عدد طلائی کڑے اور دو عدد طلائی انگوٹھیاں چوری کر لیں کاشف نواز بوتلیں سپلائی کر کے آ رہا تھا کہ محلہ اسلام آباد کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 22 ہزار روپے چھین لئے پولیس نے مقدمات درج کر لئے، جبکہ پانچ مختلف واقعات میں شہری موٹر سائیکلوں سے محروم سول ہسپتال ایمرجنسی کے باہر سے عثمان حیدر کی موٹر سائیکل چوری، سٹیڈیم روڈ شاہد فاروق ہسپتال کے باہر سے محمد شبیر کی موٹر سائیکل چوری، پسرور روڈ علی سویٹ گلے کے سامنے سے سنبل یونس کا رکشہ چوری، جامکے روڈ مسجد کے سامنے سے نعیم اسلام کی موٹر سائیکل چوری، بوڑیکے عزیزوں کے گھر کے باہر سے محمد اقبال کی موٹر سائیکل چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

تشدد کرنے پر بیٹی نے نشئی باپ کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا

مصطفی آباد للیانی (نامہ نگار) تشدد کرنے پر بیٹی نے نشئی باپ کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا محلہ بابا مٹھو شاہ کی رہائشی 26 سالہ لڑکی (ط) نے پولیس کو بتایا کہ میرا والد غلام صابر نشے کا عادی ہے جو اکثر میری والدہ سمیت فیملی کے ارکان کو بلا جواز مارتا تھا، گزشتہ روز میرا والد نشے میں دھت ہو کر گھر آیا اور معمولی تکرار پر میری والدہ کو مارنا شروع کر دیا ، میں اور میری بہنوں نے چھڑوانے کی کوشش کی تو میرے باپ نے ڈنڈے اور مکوں کیساتھ ہمیں شدید تشدد کا نشانہ بنایا ،جس پر اہل محلہ شور سن کر اکھٹے ہو گئے اور بمشکل ہماری جان چھڑوائی ۔پولیس نے لڑکی (ط) کی درخواست پر ملزم صابر کے خلاف مقدمہ درج کر کے حوالات میں بند کر دیا۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

کی جانب سے مؤثر جوابی کارروائی میں 3 دہشت گرد مارے گئے، باقی فرار ہوگئے۔ڈی آئی جی بنوں کا کہنا ہے کہ پولیس دہشتگردی کے خلاف فرنٹ لائن پر ڈٹ کر کھڑی ہے، ہمارے جوان دشمن کے بزدلانہ حملوں کا بھرپور جواب دینا جانتے ہیں، دہشتگرد اس طرح کی کارروائیوں سے ہمارے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ادھر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بنوں کے قریب پولیس چوکی فتح خیل پر فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کی اور دہشتگردوں کا بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے شہید ہونے والے پولیس اہلکار کو خراج عقیدت پیش کیا۔محسن نقوی نے کہا کہ پولیس نے تاریکی میں حملہ کرنے والے بھارتی حمایت یافتہ دہشت گردوں کا جوانمردی سے مقابلہ کیا، پولیس نے جرات سے حملہ ناکام بنایا اور 3 دہشت گردوں کو عبرتناک انجام تک پہنچایا۔

بقیہ بقیہ جات 2

مطابق، صنعتوں اور ہاؤسنگ سوسائٹیز سے نکلنے والے زہریلے صنعتی فضلے کو نہروں اور نالوں میں پھینکنے پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔زہریلا کچرا شہریوں میں مہلک بیماریوں جیسے ہیضہ، ٹائیفائیڈ اور کینسر کی بنیادی وجہ قرار دیا گیا ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز نے ہڈیارہ ڈرین میں زہریلے مواد کی موجودگی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے تمام متعلقہ اداروں کو 10 اگست تک صفائی مکمل کرنے کی ڈیڈلائن دے دی ہے۔وزیراعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں 28 ہاؤسنگ سوسائٹیز اور صنعتی یونٹس کو نوٹس جاری کیے گئے اور ان کے خلاف فوری کارروائی کا فیصلہ کیا گیا۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ویسٹ ٹریٹمنٹ کے بغیر کام کرنے والی سوسائٹیز بند کر دی جائیں گی۔اجلاس میں بتایا گیا کہ فیصل آباد، شیخوپورہ اور سیالکوٹ کے صنعتی نالوں کی سٹڈی مکمل ہو چکی ہے، جبکہ آلودگی پھیلانے پر جرمانوں کی قانون سازی بھی مکمل کر لی گئی ہے جس پر فوری عملدرآمد کیا جائے گا۔حکومت نے صنعتوں کو ویسٹ ٹریٹمنٹ پلانٹس لگانے کے لیے بلاسود قرضے دینے کا فیصلہ کیا ہے۔سیکرٹری انڈسٹری کو قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ میں ویسٹ واٹر پلانٹ فوری لگانے کی ہدایت بھی دی گئی ہے۔مریم اورنگزیب نے اجلاس میں حکم دیا کہ 31 اگست تک مکمل ہیلتھ سروے کی رپورٹ پیش کی جائے اور اس پر سختی سے عمل درآمد یقینی بنایا جائے۔انہوں نے واضح کیا کہ 10 اگست سے فیصلہ کن کارروائی کا آغاز ہوگا، جس میں ضلعی انتظامیہ، محکمہ آبپاشی، واسا اور دیگر ادارے مل کر مربوط آپریشن کریں گے تاکہ عالمی ماحولیاتی معیار کے مطابق نہروں اور نالوں کو صاف کیا جا

بقیہ بقیہ جات 3

ندہ بھوک کے تجربات کے طور پر استعمال کر رہی ہے۔ایفیتار ڈیوڈ کی ایک ویڈیو جو حماس نے جاری کی اور اس کے اہل خانہ کی اجازت سے نشر کی گئی، میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ نہایت کمزور ہو چکا ہے۔قیدیوں کی رہائی اور جنگ کے خاتمے کا باعث بنے۔مظاہرے صرف تل ابیب تک محدود نہیں رہے بلکہ اسرائیل کے دیگر شہروں میں بھی لوگ سڑکوں پر نکل آئے۔انہوں نے اسرائیلی حکومت اور عالمی رہنماؤں خصوصاً امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے مطالبہ کیا کہ وہ کسی بھی ممکنہ طریقے سے قیدیوں کی رہائی یقینی

بقیہ بقیہ جات 4

ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایران ہمارا انتہائی برادر اور دوست ملک ہے، ایران پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف پاکستان کے عوام نے بھرپور مذمت کی۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، جنگ میں شہید ہونے والوں کے بلندی درجات کی دعا کرتے ہیں، جنگ میں زخمی ایرانی بہن بھائیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاگو ہوں۔شہباز شریف نے کہا کہ جنگ میں ایرانی فوج اور عوام نے ثابت قدم کا مظاہرہ کیا، ایرانی قیادت اور فوج نے بہادری سے اسرائیلی حملوں کا مقابلہ کیا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان پرامن مقاصد کیلئے ایران کے جوہری پروگرام کی حمایت کرتا ہے، پاکستان ایران کے حق کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہے، مفاہمتی یادداشتیں جلد معاہدوں میں تبدیل ہوں گی، 10 ارب ڈالر تجارتی ہدف جلد حاصل کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کیخلاف پاکستان اور ایران کی سوچ یکساں ہے، خطے میں امن اور ترقی کی شاہراہیں کھولنی ہیں، خطے میں ترقی اور خوشحالی پائیدار امن سے ہی ممکن ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل فلسطینیوں کے لیبچو راک کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے، غزہ میں فوری طور پر سیز فائر ہونا چاہیے، ایرانی قیادت نے فلسطین اور غزہ کیلئے بھرپور آواز اٹھائی، دنیا کو مظلوم فلسطینیوں کے لیے متحد ہونا ہوگا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال بھی غزہ سے مختلف نہیں، کشمیر کی وادی مظلوم کشمیریوں کے خون سے سرخ ہو چکی ہے۔اس موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسرائیل خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، غزہ، لبنان اور شام میں جارحیت اسرائیلی مذموم عزائم کا حصہ ہیں، امن کے لیے مسلمان ممالک کو متحد ہونا چاہیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ سلامتی کونسل کو اسرائیلی مظالم کا نوٹس لینا چاہیے، اسرائیلی جارحیت کے خلاف پاکستان کی حمایت پر دل سے شکر گزار ہیں، عصر حاضر میں امت مسلمہ کے اتحاد کی سخت ضرورت ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات مشترکہ ثقافت اور مذہب پر مبنی ہیں، علامہ اقبال کی شاعری ہمارے لیے بھی مشعل راہ ہے، علامہ اقبال کی شاعری کی اساس امت مسلمہ کا اتحاد ہے۔مہمان صدر نے کہا کہ پاکستان کیساتھ اچھے تعلقات ایران کی خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہے، دوطرفہ تعلقات کو مختلف جہتوں میں آگے بڑھا رہے ہیں، سیاسی، اقتصادی، ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ ترجیح ہے، مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ اہمیت کا حامل ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ روابط برقرار رکھنے اور مفاہمتی یادداشتوں کو حتمی شکل دینے کے لیے پرعزم ہیں، انہوں نے کہا کہ علاقائی امن اور ترقی کا آپس میں گہرا تعلق ہے، سرحدی سیکیورٹی کو بہتر بنانے کیلئے دوطرفہ تعاون جاری ہے۔قبل ازیں پاکستان اور ایران کے درمیان معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویزات کا تبادلہ ہوا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی شرکت کی۔سائنس و ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں علیحدہ علیحدہ معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا جبکہ سیاحت، ثقافت، ورثہ، میٹرالوجی، موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے شعبے میں معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا۔دونوں ملکوں کے درمیان میری ٹائم سیفٹی اینڈ فائر فائٹنگ، عدالتی معاونت اور اصلاحات سے متعلق مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویز کا بھی تبادلہ ہوا۔اس موقع پر ایئر سیفٹی معاہدے کے ذیلی ایم او یو کی دستاویز کا تبادلہ بھی کیا گیا جبکہ دونوں ملکوں میں طے پانے والے معاہدوں میں مصنوعات کے معیارات پر عملدرآمد اور فری ٹریڈ ایگریمنٹ پر عمل کے لیے مشترکہ اسٹیٹمنٹ کی تیاری کے معاہدوں کا بھی تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 5

ے کا بنیادی مقصد سرمایہ کاری کا فروغ اور باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون کو آگے بڑھانا ہے۔اس کے تحت امریکی منڈیوں میں پاکستانی برآمدات پر عائد محصولات میں کمی آئے گی۔اس اہم پیشرفت کے باعث توانائی، معدنیات، آئی ٹی اور کرپٹو کرنسی میں اقتصادی تعاون کی راہیں ہموار ہوں گی۔پاکستانی کمپنی کی یومیہ ریفائنری پروسیسنگ صلاحیت ایک لاکھ 56 ہزار بیرل ہے جبکہ اگلے پانچ سال میں ریفائنری اپ گریڈ کرنے اور دوسرا آف شور ٹرمینل لگانے کا منصوبہ بھی زیر غور ہے۔ایس آئی ایف سی کی مؤثر کاوشوں سے کیا گیا معاہدہ اہم شعبوں میں اشتراک اور معاشی ترقی کا ذریعہ بنے گا۔

بقیہ بقیہ جات 6

کوٹہ مکمل نہ ہونے کا خدشہ ہے اس لیے وزارت مذہبی امور نے کم درخواستوں کے خدشے پر غیر رجسٹرڈ عازمین کو موقع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کا بتانا ہے کہ رجسٹرڈ عازمین سے حج درخواستوں کی وصولی (آج) پیر سے شروع کی جائیگی، رجسٹرڈ عازمین سرکاری اسکیم کے تحت درخواستیں 4 سے 9 اگست تک جمع کرا سکتے ہیں۔ذرائع کا کہنا ہے کہ غیر رجسٹرڈ عازمین سے درخواستوں کی وصولی 11 سے 16 اگست تک جاری رہے گی، درخواستیں پہلے آیئے پہلے پایئے کی بنیاد پر وصول کی جائیں گی۔ذرائع کے مطابق حج درخواستوں کے لیے موقع رجسٹرڈ عازمین کو دیا جائے گا، 38 سے 42 روزہ حج کے لیے 5 لاکھ روپے جمع کرانا ہوں گے جبکہ 20 سے 25 روزہ مختصر حج کی پہلی قسط کے طور پر ساڑھے 5 لاکھ روپے جمع کرانا ہوں

بقیہ بقیہ جات 7

بھر میں تحصیل، ضلع اور ڈویژن کی سطح پر رنگا رنگ تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔پنجاب کے تمام شہروں، گلیوں، بازاروں، چوراہوں اور راستوں کو قومی پرچموں، جھنڈیوں اور برقی قمقموں سے خوبصورتی سے سجا دیا گیا ہے۔گجرات، خانیوال، ساہیوال، خوشاب، جھنگ، وہاڑی، جہلم، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گوجرانوالہ، چنیوٹ، سرگودھا اور چکوال سمیت دیگر شہروں میں جشن آزادی کی تقریبات کا سلسلہ بھرپور انداز میں جاری ہے۔جہلم میں وزیراعلیٰ پنجاب کے مشیر برائے صحت اظہر کیانی نے جشن آزادی کی خصوصی تقریب میں شرکت کی اور پاکستان کی سالگرہ کا کیک بھی کاٹا۔تقریب میں کئی میٹر طویل قومی پرچم بھی لہرایا گیا، جس میں مقامی شہریوں، طلباء اور عمائدین شہر نے شرکت کی۔سرکاری عمارتوں پر پرچم کشائی کی تقریبات کے ساتھ ساتھ عوام نے اپنے گھروں کو جھنڈیوں اور قومی پرچموں سے سجا لیا ہے۔سرکاری و نجی عمارتوں پر چراغاں کیا جا رہا ہے جبکہ اسکولوں میں ملی نغموں، تقاریر، تصویری مقابلوں اور ٹیبلو کی رنگا رنگ تقریبات جاری ہیں۔عوام کی بڑی تعداد سجاوٹ سے لطف اندوز ہونے کے لیے سڑکوں پر نکل آئی ہے جبکہ بچے خصوصی طور پر تیار کردہ لباس، بیجز اور پرچموں کے ساتھ جشن آزادی کی تقریبات میں جوش و جذبے سے شریک ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

جن میں امداد کے منتظر 38 فلسطینی بھی شامل ہیں جو غزہ ہیومینیٹرین فاؤنڈیشن کے امدادی مراکز کے گردونواح میں گولیوں کا نشانہ بنے۔غزہ کی وزارتِ صحت نے بتایا کہ اکتوبر 2023 سے لے کر اب تک غزہ میں بھوک اور غذائی کمی کا شکار ہو کر 169 فلسطینی جاں بحق ہو چکے ہیں، جن میں 93 بچے بھی شامل ہیں۔غزہ کی حکومت کے میڈیا آفس کی جانب سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ روز غزہ انکلیو میں 36 امدادی ٹرک داخل ہوئے جو 600 ٹرکوں کی ضرورت کو ہرگز پورا نہیں کر سکتے۔اسرائیل نے عالمی دباؤ پر فضا سے امدادی سامان گرانے کی اجازت دی ہے مگر اس حوالے سے اقوام متحدہ کی امدادی ایجنسی انروا نے بتایا ہے کہ فضائی راستے سے غزہ میں گرائی جانے والی امداد ناکافی ہے، انروا نے اسرائیل سے زمینی راستے سے امداد کی زیادہ فراہمی پر زور دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

سخت مذمت کی ہے۔ان مہمات میں اردنی سفارت خانوں اور سفارتی مشنز پر بیرونِ ملک حملے بھی شامل ہیں۔وزارت خارجہ کے ترجمان سفیان القضات نے سرکاری خبر رساں ایجنسی کو بتایا کہ اردن کی فلسطینی عوام کی حمایت میں تاریخی اور اصولی پالیسی اور غزہ پر جاری حملے اور اس کے باعث پیدا ہونے والی انسانی تباہی کو ختم کرنے کی کوششوں کو کسی منظم پروپیگنڈا یا اس کے پس پردہ عناصر نقصان نہیں پہنچا سکتے۔القضات نے مزید کہا کہ وزارت خارجہ نے ان ممالک کی وزارتوں سے باقاعدہ رابطہ کیا ہے جہاں یہ حملے پیش آئے اور ان ممالک کے اردن میں موجود سفیروں سے بھی بات کی گئی ہے۔اردن نے مطالبہ کیا ہے کہ ان ممالک کو ویانا کنونشن 1961 کے تحت اردنی سفارتی مشنز اور عملے کی مکمل حفاظت یقینی بنانی چاہیے۔انہوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ وزارت متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر ان واقعات کی تحقیقات اور ذمہ داروں کے احتساب پر کام کر رہی ہے تاکہ مستقبل میں ایسے حملے نہ دہرائے جا

بقیہ بقیہ جات 10

''(Nudging) نوٹسز جاری کر دیے ہیں، اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے، بینک اکاؤنٹس منجمد کرنا اور کاروباری مراکز کو سیل کرنا شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق یہ نوٹسز گزشتہ ماہ اس وقت جاری کیے گئے جب کاروباری برادری اور حکومت کے درمیان ٹیکس اصلاحات پر مذاکرات جاری تھے۔چیئرمین ایف بی آر رشید لنگڑیال نے موجودہ ٹیکس دہندگان کی کم ادائیگیوں پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے ٹیکس گوشواروں کی جانچ کیلئے جدید رسک مینجمنٹ سسٹم متعارف کروایا ہے جو پچھلے پانچ سال کے ریکارڈ کا تجزیہ کرتا ہے، پہلے مرحلے میں کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے کارپوریٹ ٹیکس دفاتر سے یہ نوٹسز بھیجے گئے ہیں، کراچی اور لاہور کے تاجروں نے ایف بی آر کو گرفتاری کے اختیارات دینے اور 2 لاکھ روپے سے زائد کی نقد ادائیگیوں کو دوبارہ ٹیکس میں شامل کرنے کے خلاف ہڑتال بھی کی تھی۔ایف بی آر نے واضح کیا کہ یہ نوٹسز قانونی طور پر پابند نہیں لیکن ان کا مقصد ٹیکس دہندگان میں سماجی و معاشی رویوں میں تبدیلی لانا ہے۔نوٹس میں کہا گیا کہ براہ کرم اپنی سیلز ٹیکس ریٹرن میں موجود بے قاعدگیوں کو درست کریں، بصورت دیگر اسے نافرمانی سمجھا جائے گا۔ایف بی آر نے انتباہ دیا کہ اگر آئندہ بھی بے قاعدگیاں برقرار رہیں تو بھاری مالی جرمانے، کاروباری جگہوں پر ایف بی آر کے افسران کی تعیناتی اور کمشنر کی جانب سے بہترین تخمینے پر مبنی تشخیص جیسے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔جدید ڈیٹا اینالیسز نظام کے ذریعے ٹیکس دہندگان کی سیلز ٹیکس ریٹرن کا دیگر اداروں اور ہم منصب کاروباروں سے موازنہ کیا گیا، جس میں 2024 کے ریٹرن میں متعدد بے قاعدگیاں سامنے آئیں۔بے قاعدگیوں میں سب سے نمایاں یہ تھیں کہ بہت سی فروختیں معاف شدہ یا کم شرح والے زمروں میں ظاہر کی گئیں جبکہ اصل میں وہ قابل ٹیکس تھیں۔مزید یہ کہ خرید و فروخت کے موازنے سے کاروبار کی ویلیو ایڈیشن نہایت کم ظاہر ہوئی۔کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی نے ایف بی آر کے اقدام پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بغیر کسی آگاہی مہم کے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ایف بی آر نے دعویٰ کیا ہے کہ ان نوٹسز کی وجہ سے جولائی میں سیلز ٹیکس ریٹرن کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، تاہم حتمی تجزیہ 4 اگست کو ڈیڈ لائن مکمل ہونے کے بعد ہوگا۔نوٹسز کے مطابق بعض کاروباری افراد نے غیر معمولی حد تک ریفنڈ کلیمز، کریڈٹ و ڈیبٹ نوٹسز جمع کروائے ہیں، جن کی بنیاد پر ایف بی آر نے انہیں سخت کارروائی سے خبردار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 11

تفاق کیا گیا، باہمی سرحدی تعاون بڑھانے پر زور دیا گیا جبکہ مشترکہ اقتصادی کمیشن کے آئندہ اجلاس کو تیز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔وفاقی وزیر جام کمال نے کہا کہ ایران کے ساتھ تجارتی تعلقات میں تیزی لانے کا وقت آ گیا ہے، جغرافیائی قربت کو تجارتی فائدے میں بدلنا وقت کی ضرورت ہے، علاقائی تجارت وقت کی ضرورت ہے اور ہمسایہ ممالک کے ساتھ روابط اہم ہیں، تجارت صرف کاروبار نہیں بلکہ عوامی روابط کی علامت ہے۔ایرانی وزیر نے کہا کہ برادرانہ تعلقات کو مضبوط بنانے کے لیے تجارتی تعاون ناگزیر ہے، دونوں ممالک کے درمیان قریبی روابط خطے میں استحکام کا باعث بنیں گے، پاکستان اور ایران کے تاجر ایک دوسرے پر مکمل اعتماد کرتے ہیں۔پاکستان اور ایران کا دوطرفہ تجارت و سرحدی تعاون بڑھانے پر اتفاق ہوا جبکہ ایران سے پاکستانی برآمدات بڑھانے کے لیے عملی اقدامات پر زور دیا گیا۔اسی طرح، B2B اجلاسوں اور تجارتی وفود کے تبادلے پر دوطرفہ اتفاق کیا گیا۔زراعت، توانائی، مویشی پالنا اور لاجسٹکس شعبوں میں تعاون پر بات چیت ہوئی جبکہ ایران میں پاکستانی آئی ٹی اور پیشہ ورانہ خدمات کو فروغ دینے کا عندیہ دیا گیا۔سرحدی سہولیات کے بہتر استعمال اور تجارتی راہداریوں پر زور دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 12

۔غیر ملکی میڈیا کے مطابق یوکرین نے بحیرہ اسود کے کنارے روس کی ایک آئل ریفائنری پر ڈرون حملہ کیا۔روسی حکام کے مطابق 127 فائر فائٹرز آگ بجھانے میں مصروف ہیں جبکہ ایئر سیفٹی کے پیش نظر سوچی ایئر پورٹ پر پروازیں معطل کر دی گئی ہیں۔روسی وزارت دفاع کے حکام کا کہنا تھا کہ ایئر ڈیفنس یونٹس نے 93 یوکرینی ڈرون مار گرائے۔دوسری جانب یوکرین کے جنوبی شہر میکولائیو میں روسی میزائل حملے سے 7 شہریوں کے زخمی ہونے کی اطلاعات

بقیہ بقیہ جات 13

دہ غیر قانونی تارکین کو گرفتار کر لیا گیا۔سعودی وزارت داخلہ کے مطابق 13 ہزار 835 افراد کو اقامہ قانون کی خلاف ورزی پر گرفتار کیا گیا۔4 ہزار 772 افراد کو غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش اور 3 ہزار 540 تارکین کو قانون محنت کی خلاف ورزی پر گرفتار کیا گیا۔سعودی عرب میں جولائی 2025 کے دوران بدعنوانی کے کیسز میں 425 سرکاری ملازمین کے خلاف تحقیقات کی گئیں۔بدعنوانی کے الزام میں 142 افراد کو حراست میں لیا گیا جبکہ کچھ ضمانت پر رہا

بقیہ بقیہ جات 14

حوالے سے ہنگامی بنیادوں پر سروے کا آغاز کر دیا گیا، صنعتوں سے نکلنے والے زہریلے کچرے اور مواد کو نہروں اور نالوں میں پھینکنے پر مکمل پابندی ہوگی، زہریلا کچرا عوام میں مہلک بیماریاں پھیلانے کی بنیادی وجہ ہے۔اجلاس میں ویسٹ ٹریٹمنٹ کے بغیر ہاؤسنگ سوسائٹیاں بند کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا، 28 ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور صنعتوں کو نوٹس جاری کر دیے گئے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہڈیارہ ڈرین میں زہریلا اور انسانی صحت کے لیے خطرناک کچرا ڈالنے کا سخت نوٹس لے کر کارروائی کا حکم دیا تھا، وزیراعلیٰ نے اداروں کو 10 اگست تک ہڈیارہ ڈرین کی صفائی کی ڈیڈلائن دے دی۔اجلاس کے دوران بریفنگ میں بتایا گیا کہ زہریلے صنعتی کچرے سے ہیضہ، ٹائیفائیڈ، پھیپھڑوں کے کینسر سمیت دیگر مہلک بیماریاں بڑھ رہی ہیں، فیصل آباد، شیخوپورہ، سیالکوٹ، قصور کے صنعتی نالوں کی سٹڈی مکمل کر لی گئی، آلودگی پھیلانے پر جرمانوں کی قانون سازی مکمل کر لی گئی، جس پر فوری عمل درآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔حکومت نے ویسٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ لگانے کے لئے صنعتوں کو بلاسود قرضے دینے کا فیصلہ کیا ہے، سیکرٹری انڈسٹری کو قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ میں فوری ویسٹ واٹر پلانٹ لگانے کی ہدایت کی گئی ہے۔سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے ہدایت کی ہے کہ 31 اگست تک مکمل ہیلتھ سروے پیش کیا جائے، رپورٹ پر عمل یقینی بنایا جائے، 10 اگست سے فیصلہ کن کارروائی کا آغاز کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 15

نے تل ابیب میں اسرائیلی اسیران کے خاندانوں کے نمائندوں سے ملاقات کے دوران مزید کہا کہ تمام مغویوں کی واپسی کے بغیر کوئی فتح نہیں ہے۔انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ بین الاقوامی اور انسانی تنظیموں کی تمام تر یقین دہانیوں کے باوجود محصور پٹی میں کوئی قحط نہیں ہے۔انہوں نے زور دے کر کہا کہ کوئی بھی غزہ میں جنگ کو وسعت نہیں دینا چاہتا اور ہر کوئی اس کا خاتمہ چاہتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 16

نے کی کوئی جلدی نہیں۔انہوں نے امریکی پالیسی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ امریکہ جب دیگر ممالک کی پرامن نیوکلیئر تنصیبات پر حملے کی بات آتی ہے، تو کوئی سرخ لکیر تسلیم نہیں کرتا۔انہوں نے خبردار کیا کہ واشنگٹن کو سمجھنا چاہیے کہ وہ اس طرح کی جارحانہ روش اپنا کر دوسروں کی خودمختاری اور سالمیت پر حملہ نہیں کر سکتا۔خطیب زادہ نے ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق کہا کہ 60 فیصد تک افزودہ یورینیم مکمل طور پر بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کی نگرانی میں ہے۔ایجنسی کے معائنہ کار جلد دوبارہ ایران کا دورہ کریں

بقیہ بقیہ جات 17

فراہم کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے میں گورننس بہتر بنانے اور جدید نظام متعارف کرانے کیلئے متعدد اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ایک نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے حنیف عباسی نے بتایا کہ پنجاب حکومت 350 ارب روپے کی سرمایہ کاری کرے گی، جس کے تحت صوبے بھر میں ریلوے کے آٹھ برانچ روٹس کو اپ گریڈ کیا جائے گا۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب کے ریلوے اسٹیشنز کو مفت انٹرنیٹ سروسز سے لیس کرنے کا مقصد مسافروں کو معیاری اور جدید سہولیات فراہم کرنا ہے۔اس حوالے سے سندھ حکومت سے بھی مختلف ریلوے روٹس کی اپ گریڈیشن کے لیے تعاون پر بات چیت جاری ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ ایک بار ایم ایل ون (ML-1) آپریشنل ہو گیا تو اس سے ریلوے نظام میں بڑی تبدیلی آئے گی اور عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی۔اسی طرح ایم ایل ٹو (ML-2) میں سرمایہ کاری کی تیاریاں بھی جاری

بقیہ بقیہ جات 18

نے ایکس پر مزید کہا کہ محصور غزہ کی پٹی میں صورتحال مزید خراب ہو گئی ہے، جس کی وجہ سے گزشتہ 5 مہینوں سے کوئی امداد غزہ میں داخل نہیں ہو سکی۔موجودہ امدادی نظام سیاسی محرکات پر مبنی ہے اور غزہ میں تقریباً 1400 بھوکے لوگوں کی ہلاکت کا ذمہ دار ہے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ غزہ میں قحط ایک دانستہ کوشش کا نتیجہ ہے جس کا مقصد اقوام متحدہ کے نظام کو نام نہاد غزہ ہیومینیٹیرین فاؤنڈیشن سے تبدیل کرنا ہے۔انہوں نے کہا کہ غزہ میں نام نہاد امدادی نظام تقریباً 1400 بھوکوں کی ہلاکت کا ذمہ دار

بقیہ بقیہ جات 19

اگست کو پوری پاکستانی قوم کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرے گی اور اس دن کو یوم سیاہ کے طور پر منایا جائے گا تاکہ دنیا کو یہ پیغام جائے کہ پاکستانی قوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیر اور فلسطین کے دیرینہ تنازعات کا منصفانہ اور فوری حل عالم اسلام کے استحکام اور اتحاد کا ذریعہ بن سکتا ہے۔اگر ان تنازعات کو مزید طول دیا گیا تو عالمی امن کو شدید خطرات لاحق رہیں گے۔لیاقت بلوچ نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے حالیہ دورہ پاکستان کو بھی خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی قوم انہیں دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتی ہے۔ایران اور پاکستان کے تعلقات میں مزید بہتری اور خطے میں تعاون کے نئے راستے کھولنے کی ضرورت

بقیہ بقیہ جات 20

چھٹا سپیل پہلے سے موجود سیلابی صورت حال کو مزید سنگین بنا سکتا ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق اس وقت ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں کمزور مون سون ہوائیں داخل ہو رہی ہیں، جن کی شدت چار اگست سے بڑھنے کا امکان ہے، اس کے علاوہ ایک مغربی ہوا کا سلسلہ بھی پانچ اگست تک مضبوط ہونے کی توقع ہے، جو متاثرہ علاقوں میں بارش برسانے والے نظام کو مزید تقویت دے گا۔آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں چار سے سات اگست کے دوران کہیں کہیں بارشیں اور چند مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے، مظفرآباد، راولاکوٹ، وادی نیلم، دیامر، سکردو اور گلگت جیسے اہم مقامات پر شدید بارشیں متوقع ہیں، جن کے باعث خاص طور پر پہاڑی علاقوں میں اچانک سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کا خدشہ ہے۔خیبر پختونخوا میں بھی مون سون کے نئے سلسلے کے لیے الرٹ جاری کر دیا گیا ہے، جہاں سوات، مانسہرہ، کوہستان، ایبٹ آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان سمیت مختلف اضلاع میں چار سے سات اگست کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارشیں متوقع ہیں۔وفاقی دارالحکومت اسلام آباد، لاہور، راولپنڈی، گوجرانوالہ، مری اور سیالکوٹ جیسے شہروں میں شدید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، جو نشیبی علاقوں میں شہری سیلاب کا سبب بن سکتی ہیں۔جنوبی پنجاب کے اضلاع، جیسے ڈیرہ غازی خان اور ملتان میں بھی چھ اگست تک معمولات زندگی متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے، چھ اگست کو سندھ کے ساحلی علاقوں اور شمال مشرقی و جنوبی بلوچستان کے بعض حصوں خضدار، بارکھان اور ژوب میں ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارشیں خیبر پختونخوا، شمال مشرقی پنجاب، آزاد کشمیر اور مری و گلیات جیسے پہاڑی علاقوں میں ندی نالوں میں طغیانی اور فلیش فلڈنگ کا سبب بن سکتی ہیں، لینڈ سلائیڈنگ، سڑکوں کی بندش اور کمزور ڈھانچوں جیسے کچے گھروں اور بل بورڈز کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہے۔عوام، سیاحوں اور مسافروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ احتیاط برتیں، غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور موسم کی تازہ ترین صورتحال سے باخبر رہنے کے لیے محکمہ موسمیات کی سرکاری ویب سائٹس یا پاک ویدر ایپ کا استعمال کریں۔محکمہ موسمیات کی یہ پیش گوئی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب حالیہ مسلسل مون سون بارشوں کے سلسلوں سے ملک بھر میں بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا ہے اور کئی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔دوسری طرف نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے ہائی الرٹ پر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

ہ کیا گیا۔ایرانی صدر نے پاکستان کی حمایت کو سراہا اور مشترکہ دلچسپی کے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو بہتر بنانے کے ایران کے عزم کا اعادہ کیا۔ترجمان کے مطابق مسعود پزشکیان نے دونوں دوست ممالک کے درمیان سیاسی اور اقتصادی تعلقات کو مزید تقویت دینے کے لئے پاکستانی رہنماؤں کے ساتھ بامعنی بات چیت کا بھی عندیہ دیا۔علاوہ ازیں گزشتہ روز وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بھی ملاقات کی تھی، دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ایران کے تعلقات کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا، جبکہ علاقائی استحکام، تجارت اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز کرنے پر اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر مسلسل مشاورت اور رابطے کے مؤثر نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 22

ہے کہ متاثرہ لڑکی بشریٰ فاطمہ کو فوری اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس کے علاج میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے۔وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے، اور ملزمان کو قانون کے مطابق سخت ترین سزا دلوانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے اور مقدمے کی روزانہ کی بنیاد پر نگرانی کی

بقیہ بقیہ جات 23

کروڑ روپے کی بے قاعدگیاں سامنے آگئیں۔ای پی آئی بلوچستان کی جانب سے وفاقی ڈائریکٹریٹ کو ویکسین اور ٹول کٹ کی خریداری کے لیے دی گئی ایک ارب چھیاسٹھ کروڑ کی ادائیگی کا کوئی ریکارڈ دستیاب نہیں۔کورونا کے دوران ٹریننگ کے نام پر ایک کروڑ ستتر لاکھ روپے کی مشتبہ ادائیگی کی

بقیہ بقیہ جات 24

عدالتی کارروائی کے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا۔سندھ بار کونسل کے مطابق نامزد ملزم کی جانب سے قتل کا اعتراف کیے جانے کے باوجود اس کی گرفتاری نہ ہونا قابل افسوس ہے۔خواجہ شمس الاسلام کے اہل خانہ کو بھی سنگین نتائج کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں، قاتل کی عدم گرفتاری سے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بے حسی عیاں ہوتی ہے۔سندھ بار کونسل نے آئی جی سندھ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کو فوری طور پر گرفتار کر کے عدالت میں پیش کریں۔

بقیہ بقیہ جات 25

مطابق کمپنیوں کے نمائندے آج (پیر) سے پی آئی اے ہیڈ آفس کراچی کا دورہ کریں گے، پی آئی اے حکام کو کمپنیوں کے نمائندے کے دورے کا شیڈول موصول ہو گیا۔پی آئی اے ہیڈ آفس کراچی اور اصفہانی ہینگر میں طیاروں کا دورہ کروایا جائے گا، ایئر بلیو اور عارف حبیب کنسورشیم کو طیاروں کا دورہ کروایا جائے گا۔کمپنیوں کے نمائندوں کو فوجی فرٹیلائزرز، لکی گروپ کنسورشیم کو بھی دورہ کروایا جائے گا، ایئر سروس ایگریمنٹ، روٹس آمدنی اور ملازمین سے متعلق بریفنگ دی جائے

بقیہ بقیہ جات 26

کمیٹی کے 2022-23 کے آڈٹ کے دوران لاہور کی فضاء کے حوالے سے سنسنی خیز انکشافات سامنے آئے ہیں۔پی اے سی تھری کے چیئرمین احمد اقبال نے کہا کہ ترک کمپنیاں البراک اور غوث کمپنیوں کارکردگی بہت اچھی رہی ترک کمپنیاں البراک اور اوز پاک کمپنیوں کا ٹھیکہ 2021 ختم ہوئے تو ان میں توسیع نہ کی گئی، تحریک انصاف کی حکومت نے ٹھیکے کو توسیع دی نہ ہی متبادل انتظام کیا گیا تحریک انصاف کے دور حکومت میں کمپنیوں کا ٹھیکہ ختم کر کے نجی ٹھیکہ داروں کو سامنے لایا گیا، نجی ٹھیکیداروں کو مارکیٹ سے زیادہ ادائیگی کی گئی اور ان کی کارکردگی بھی ناقص رہی، سابق حکومت میں نااہل مقامی کمپنیوں کو ٹھیکہ دیا گیا، غیر تجربہ کار نجی کمپنیوں کو ٹھیکے دے کر معاملہ مزید خراب کیا گیا۔انہوں نے کہا کہ لاہور سمیت پنجاب کے کسی شہر میں کوڑا ٹھکانے لگانے کا موثر نظام موجود نہیں، کوڑے سے میتھین گیس جنم لے رہی ہے، سیٹلائٹ سے لی گئی تصاویر سے معلوم ہوتا ہے کہ لاہور پر ہر وقت میتھین گیس کے بادل چھائے رہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

نے کیے گئے۔دوران چیکنگ 760 لٹر ناقص آئل، 534 کلوگرام ایکسپائر اشیاء اور 106 لٹر غیر معیاری کولڈ ڈرنکس و جوسز تلف کیے گئے۔ڈی جی فوڈ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ 2 ہزار 686 ریسٹورنٹس کو بہتری کے لیے اصلاحی نوٹس جاری کیے گئے۔متعدد جگہوں پر کچن ایریاز میں کاکروچ، مکھیوں اور مچھروں کی بھرمار پائی گئی، جبکہ نان فوڈ گریڈ سرف سے برتن دھونے، فوڈ ہینڈلرز کے میڈیکل سرٹیفکیٹس، ٹریننگ کی عدم موجودگی اور فریزرز کی خراب حالت بھی سامنے آئی۔عاصم جاوید نے واضح کیا کہ سابقہ ہدایات پر عمل نہ کرنے والوں پر بھاری جرمانے کیے گئے اور خوراک کے کاروبار کو قوانین کا پابند بنانا اتھارٹی کی اولین ترجیح ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ غیر معیاری اور غیر محفوظ خوراک کی فروخت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ بقیہ جات 28

ریکارڈ کی گئی۔دیگر علاقوں میں بارش کی تفصیل کچھ یوں رہی۔گلبرگ 49 ملی میٹر، لکشمی چوک 72، اپر مال 29، مغلپورہ 30، تاجپورہ 47، نشتر ٹاؤن 40، چوک ناخدا 57، فرخ آباد 45، قرطبہ چوک 43، گلشن راوی، جوہر ٹاؤن، اقبال ٹاؤن میں 3،3 ملی میٹر اور سمن آباد میں 2 ملی میٹر بارش کے بعد شملہ پہاڑی اور اس کے گردونواح مکمل طور پر پانی میں ڈوب گئے۔کئی سڑکوں پر پانی کھڑا ہو گیا ہے، جس سے ٹریفک کی روانی بھی شدید متاثر ہوئی۔پی ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے اور فوری نکاسی آب کے لیے احکامات جاری کر دیے ہیں۔فیروزوالہ اور گردونواح میں بھی بادل خوب جم کر برسے، جس سے موسم خوشگوار ہو گیا اور حبس کا خاتمہ ہو گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

ایکسپو جیسے عالمی ایونٹ میں پاکستان کی موجودگی اور تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ سرمایہ کاروں کیلئے اُمید کی نئی کرن ہے جبکہ اس پویلین کے ذریعے بین الاقوامی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ کاری کی جانب راغب ہوں گے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز عالم شاہ نے ورلڈ ایکسپو کے تھیم ''ہماری زندگیوں کیلئے مستقبل کی سوسائٹی کو ڈیزائن کرنا'' کو ایک منفرد تھیم قرار دیتے ہوئے کہا کہ اوساکا، کانسائی میں 13 اپریل سے شروع ہو کر 13 اکتوبر 2025 تک جاری رہنے والی ورلڈ ایکسپو سے ایک محفوظ سوسائٹی کی تشکیل سمیت امن، محبت، بھائی چارے اور رواداری کا پیغام اُجاگر ہو رہا ہے، ورلڈ ایکسپو کا تھیم دنیا بھر کے لوگوں کیلئے نہ صرف دلچسپی کا باعث بنا ہوا ہے بلکہ اس کے ذریعے پہلی بار دنیا کو معلوم ہوا ہے کہ یہ منفرد تھیم پاکستان کی تخلیق ہے۔صدارتی ایوارڈ یافتہ شخصیت سید فیروز عالم شاہ کا کہنا تھا کہ ورلڈ ایکسپو 2025 میں پاکستان کے پویلین کو بے حد سراہا جا رہا ہے، جہاں پاکستان کی ثقافت، معیشت اور ٹیکنالوجی کے پہلوؤں کو نہایت خوبصورتی سے پیش کیا گیا ہے، ایسے اقدامات پاکستان کے سافٹ امیج کو دنیا کے سامنے بہتر انداز میں پیش کرنے کا ذریعہ بن رہے ہیں، اوساکا ورلڈ ایکسپو میں پاکستانیوں کی شرکت سے پاکستان اور جاپان کے تعلقات مزید مستحکم ہوں

بقیہ بقیہ جات 30

امات کی مکمل توثیق کرتے ہوئے ڈاکٹر قرۃ العین کی خدمات بطور کنسلٹنٹ حاصل کرنے اور پی سی ایس آئی آر کی لیبارٹریز جنوبی پنجاب خاص طور پر ملتان میں قائم کرنے کی سفارش کی ہے۔قائمہ کمیٹی برائے سائنس و ٹیکنالوجی کا اجلاس پاکستان کونسل آف سائنٹفک اینڈ انڈسٹریل ریسرچ لیبارٹریز کمپلیکس لاہور میں خواجہ شیراز محمود کی صدارت میں ہوا۔اجلاس میں ڈاکٹر سید حسین امام عابدی، چیئرمین پی سی ایس آئی آر سمیت ایڈیشنل سیکرٹری رضوان احمد شیخ، ممبر ٹیکنالوجی سہیل امیر مروت، ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر قرۃ العین سید اور سیکرٹری پی سی ایس آئی آر تنویر احمد خان نے شرکت کی۔ڈاکٹر قرۃ العین سید نے ٹیکنالوجی کی ترقی، در آمدات و برآمدات بڑھانے، کوالٹی کنٹرول اور انسانی وسائل کی ترقی کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے بتایا کہ کوالٹی کنٹرول کے بارے میں لاہور کی لیبارٹریوں کو عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔ارکان نے لاہور کی لیبارٹریوں کے تجزیے کے بارے میں ڈائریکٹر جنرل کی کوششوں کو سراہا اور عالمی اداروں کی طرف سے اس کی حیثیت تسلیم کیے جانے کی تعریف کی۔ڈائریکٹر جنرل نے لاہور لیبارٹریز کی پروفیشنسی ٹیسٹنگ سکیم میں سالانہ شرکت کے بارے میں بتایا جس سے اس کے تجزیے مزید معتبر ہو گئے۔کمیٹی ارکان نے جنوبی پنجاب ترجیحاً ملتان میں پی سی ایس آئی آر لیبارٹریز قائم کرنے کی سفارش کی تاکہ بائیوٹیک، کپاس کے بیجوں کی چھٹی جنریشن اور تیل کے بیجوں وغیرہ پر تحقیق کی جا سکے۔کمیٹی نے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی پر زور دیا کہ وہ پی سی ایس آئی آر کے جمع کرائے گئے پی سی ون کو منظوری کیلئے منصوبہ بندی کمیشن میں پیش کرے۔کمیٹی نے اپلائیڈ ریسرچ کلچر کے فروغ کیلئے اقدامات کو سراہا تاکہ پاکستان کی اقتصادی ترقی کو آگے بڑھایا جا سکے۔انہوں نے تحقیق، تعلیم اور صنعتی اداروں کے قریبی رابطے پر زور دیا تاکہ مطلوبہ نتائج حاصل کیے جا سکیں اور قومی ترقی کو بڑھایا جا سکے۔کمیٹی نے صنعتی ترقی، پیداوار میں بہتری اور عالمی مارکیٹ میں پاکستان کی مسابقت کی صلاحیت بڑھانے کیلئے اقدامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔بریفنگ کے بعد کمیٹی ارکان نے پی سی ایس آئی آر کی مختلف لیبارٹریوں کو دورہ کیا اور وہاں مختلف شعبوں کی جدید ترین تحقیقی سہولیات کا جائزہ لیا۔کمیٹی نے ہیمپ کلٹیویشن سائٹ کا بھی دورہ کیا اور قومی معیشت میں اس بروقت کام کو سراہا۔اجلاس میں ارکان قومی اسمبلی شہناز سلیم ملک، سیما محی الدین جمالی، عثمان علی، محمد امیر سلطان، خرم شہزاد ورک اور محمد شبیر علی قریشی نے شرکت کی۔وزارت سائنس و ٹیکنالوجی اور پی سی ایس آئی آر کے اعلیٰ حکام بھی شریک ہوئے۔

بقیہ بقیہ جات 31

کے اپنے بوجھ سے اس بوسیدہ نظام کی چولیں ہل رہی ہیں اور ان کے اقتدار کی عمارت جلد زمین بوس ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 32

یار کلر لائسنس کی تجدید کروائی۔ 6 ہزار 100 سے زائد شہریوں کو انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ جاری کیے گئے۔ٹریفک پولیس حکام کا کہنا ہے کہ عوام کو مزید بہتر اور جدید سہولیات کی فراہمی کے لیے لائسنس مراکز کی کارکردگی کو مسلسل مانیٹر کیا جا رہا ہے، جبکہ ضلعی سطح پر بھی لائسنسنگ سہولت مراکز میں اضافہ زیر غور

بقیہ بقیہ جات 33

قائم کیے گئے لیکن سیلاب متاثرین منتقل نہ ہوئے تھے۔انتظامیہ کے مطابق کچے کے مکین اپنا گھر اور سامان چھوڑنے پر آمادہ نہیں ہیں۔ادھر حافظ آباد کے بعد مختلف دیہاتوں میں حالیہ بارش کے بعد پانی کی نکاسی نہ ہو سکی جس سے وبائی امراض پھیلنے لگے ہیں۔اس کے علاوہ گلگت بلتستان میں شاہراہ بابوسر پر لاپتا سیاحوں کی تلاش تیرھویں روز بھی جاری ہے، نجی ٹی وی کی خاتون اینکر اور ان کا خاندان اب تک لاپتا ہیں۔ترجمان گلگت بلتستان حکومت کے مطابق وزیراعظم پاکستان جلد گلگت بلتستان کا دورہ کریں گے۔یاد رہے کہ ملک میں بارشوں اور سیلاب سے 24 گھنٹوں میں 4 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

حکومت نے غیر رجسٹرڈ عازمین سے بھی حج درخواستیں وصولی کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ذرائع کے مطابق ساڑھے 4 لاکھ رجسٹرڈ عازمین سے سوا لاکھ کا حج کوٹہ مکمل نہ ہونے کا خدشہ ہے، وزارت مذہبی امور نے کم درخواستوں کے خدشے پر غیر رجسٹرڈ عازمین کو موقع دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ذرائع کے مطابق رجسٹرڈ عازمین سے حج درخواستوں کی وصولی آج (پیر) سے شروع کی جائے گی، رجسٹرڈ عازمین سرکاری اسکیم کے تحت درخواستیں 4 تا 9 اگست تک جمع کروا سکتے ہیں۔ذرائع نے بتایا کہ غیر رجسٹرڈ عازمین سے درخواستوں کی وصولی 11 اگست سے 16 اگست تک جاری رہے

بقیہ بقیہ جات 35

نے کہا کہ قیادت کی مشاورت سے آگے بڑھیں گے، انصاف کی فراہمی کے لئے بنچ اور بار کے تعلقات میں مزید بہتری لائی جائے گی، ہر ضلع و تحصیل بار اور وکلاء کی آواز بنیں گے، ان کے کندھے سے کندھا ملا کر چلیں گے۔انہوں نے کہا کہ وکالت ایک معتبر پیشہ ہے، وکلاء کو پروفیشنل انداز میں اپنا آپ منوانا ہے، وکیل کو فروغ دینا ہے۔انہوں نے کہا کہ وکلاء کا جمہوریت کی بحالی اور اس کی مضبوطی میں بھی کلیدی کردار ہے اور ان شاءاللہ اپنا یہ کردار نبھاتے رہیں گے۔ملاقات کے لئے آنے والے وفود نے چوہدری محمد اشفاق احمد کھوٹ کو وائس چیئرمین اور ذبیح اللہ ناگرہ کو چیئرمین ایگزیکٹو بار کونسل منتخب ہونے پر مبارکباد پیش

بقیہ بقیہ جات 36

پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ فرض کی راہ میں جانیں قربان کرنے والے شہدائے پولیس ہمارا فخر اور اعزاز ہیں۔انہوں نے کہا کہ 4 اگست کا دن شہدائے پولیس کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ لاہور پولیس کی تاریخ جوانوں کی قربانیوں سے مزین ہے۔انہوں نے کہا کہ لاہور پولیس کے 342 شہداء نے وطن پر اپنی جانیں نچھاور کی ہیں۔سی سی پی او لاہور نے کہا کہ لاہور پولیس شہریوں کے تحفظ میں فرنٹ لائن محافظ ہے۔انہوں نے کہا کہ شہداء کی یادیں ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ آج شہداء کے اہل خانہ کے ساتھ تجدید عہد کا دن ہے، پولیس شہداء کی قربانیاں کبھی فراموش نہیں کرے گی اور پولیس ہیروز کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔سی سی پی او لاہور نے کہا کہ محکمہ پولیس نے شہداء کے ورثاء کی دیکھ بھال کو ہمیشہ اولیت دی ہے، شہداء کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔بلال صدیق کمیانہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہمارا ہر جوان عوام کی جان، مال اور عزت کی حفاظت کیلئے شوق شہادت سے سرشار ہر وقت تیار ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ ملک کے شہداء کو اپنی دعاؤں میں ہمیشہ یاد

بقیہ بقیہ جات 37

اور لوگ زمین پر لیٹ کر جانیں بچانے لگے۔پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے شاہ بی بی کو اس کے ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا ہے۔پولیس حکام کے مطابق ملزمان کے خلاف مزید تفتیش جاری ہے اور ان سے مزید اہم انکشافات کی توقع ہے۔پولیس نے واقعے کو سنگین جرم قرار دیتے ہوئے عدالتوں کی سکیورٹی مزید سخت کرنے کا عندیہ بھی دیا

بقیہ بقیہ جات 38

سی سی ڈی ذرائع کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں زاہد نامی ملزم مارا گیا، اجتماعی زیادتی کے کیس میں ملوث چوتھے ملزم کی تلاش جاری ہے۔چوہنگ کے قریب 4 افراد نے خاوند کے سامنے بیوی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کی تھی۔علاوہ ازیں نارنگ منڈی کے علاقہ پنڈوری پل کے قریب سی سی ڈی اور ڈاکوؤں میں مبینہ پولیس مقابلہ سے درجنوں وارداتوں میں مختلف اضلاع کی پولیس کو مطلوب خطرناک ڈاکو طاہر عرف بورا سکنہ چھوٹا ننگل ہلاک جبکہ اس کے ساتھی ڈاکو فائرنگ کرتے فرار ہو گئے۔سی سی ڈی کی گاڑی متعدد قتل اقدام قتل ڈکیتیوں میں مطلوب 302 کے اشتہاری ملزم نصیر عرف چھیدہ اولد رفیق سکنہ گھڑیال خورد کی گرفتاری کے لیے تھانہ نارنگ جا رہی تھی کہ آہدیاں روڈ پنڈوری پل کے قریب ڈاکو ناکہ لگائے لوٹ مار کر رہے تھے، پولیس کو دیکھ کر ڈاکوؤں نے فائرنگ شروع کر دی جس پر سی سی ڈی نے بھی جوابی فائرنگ کی اس دوران ڈاکوؤں کی شدید فائرنگ کی زد میں آ کر ان کا اپنا ساتھی زخمی ہو گیا۔پولیس کے تعاقب پر ڈاکو زخمی ساتھی کو وہی چھوڑ کر اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔بعد ازاں دریافت کرنے پر شدید زخمی ڈاکو نے اپنا نام طاہر ولد حنیف سکنہ چھوٹا ننگل نارنگ بتایا جو موقع پر دم توڑ گیا، ہلاک ہونے والا ڈاکو 392 کا اشتہاری اور ضلع گوجرانوالہ نارووال شیخوپورہ کا ریکارڈ یافتہ درجن سے زائد ایف آئی آر میں پولیس کو مطلوب تھا۔

بقیہ بقیہ جات 39

اہلکاروں پر ملزمان سے برآمد کی گئی ریکوری میں مبینہ خورد برد کا الزام تھا، جس پر محکمانہ انکوائری کی گئی اور انکوائری میں الزامات ثابت ہونے پر معطلی کا حکم دیا گیا۔پولیس ترجمان نے تصدیق کی کہ یہ کارروائی شفاف تحقیقات کے بعد عمل میں لائی گئی ہے اور متعلقہ اہلکاروں کے خلاف مزید تادیبی اقدامات بھی متوقع

بقیہ بقیہ جات 40

میں پولیس اہلکار اور ان کی گاڑیاں مکمل طور پر محفوظ رہیں۔سی سی ڈی ماڈل ٹاؤن کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ ہلاک ہونے والا ملزم زاہد چوہنگ گینگ ریپ کیس میں نامزد تیسرا ملزم تھا۔واقعے کے بعد علاقے میں سکیورٹی سخت کر دی گئی اور لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 41

پراونشیوں کو مارا۔دوسری جانب ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ تین روز قبل پیش آیا ہے۔ملزمان نے قبل از گرفتاری عبوری ضمانت کروا رکھی ہے، واقعے کی تفتیش کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

جاری ہے۔چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے کہا کہ واقعے پر فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی پی او سے رپورٹ طلب کر لی گئی، غیر قانونی طبی عمل ناقابل برداشت ہے۔حنا پرویز بٹ نے کہا کہ پولیس کو شفاف تحقیقات اور سخت کارروائی کی ہدایت جاری کر دی گئی، متاثرہ خاندان کو مکمل قانونی مدد فراہم کی جائے گی۔چیئرپرسن پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی کا کہنا تھا کہ خواتین کے لیے محفوظ پنجاب وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا وژن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

لاہور پریس کلب کے نثار عثمانی آڈیٹوریم میں ایک اہم پریس کانفرنس کریں گے۔پریس کانفرنس کا وقت صبح 11 بجے مقرر کیا گیا ہے۔پریس کانفرنس میں 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کی خصوصی حیثیت کے خاتمے کے خلاف احتجاج، کشمیری عوام سے یکجہتی اور پاکستان کی کشمیر پالیسی پر تفصیلی گفتگو کی جائے گی۔لاہور پریس کلب میں ہونے والی اس پریس کانفرنس کے لیے میڈیا کے نمائندگان، رپورٹرز، فوٹو گرافرز اور کیمرہ مینوں کو کوریج کی درخواست کی گئی ہے تاکہ کشمیریوں کی آواز مؤثر انداز میں اجاگر کی جا

بقیہ بقیہ جات 44

دیا ہے کہ قادیانیت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے فی الفور ہٹا کر اس ملک کو امن کا گہوارہ بنایا جائے قادیانیوں کی اسلام دشمنی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں یہ اسلام اور ملک دونوں کے غدار ہیں مولانا محمد خالد عابد نے کہا کہ یکم اگست کے کنونشن کے سلسلہ میں شہر میں مختلف مقامات پر 13 اجلاس بلا کر کارکنان کو متحرک کیا جا رہا انہوں نے کہا کہ 14 اگست کو استحکام پاکستان ریلی بعد نماز لکڑ منڈی سے شروع ہو کر چوک بلاک 12 پہنچ کر اختتام پذیر ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 45

ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایران ہمارا انتہائی برادر اور دوست ملک ہے، ایران پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف پاکستان کے عوام نے بھرپور مذمت کی۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، جنگ میں شہید ہونے والوں کے بلندی درجات کی دعا کرتے ہیں، جنگ میں زخمی ایرانی بہن بھائیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاگو ہوں۔شہباز شریف نے کہا کہ جنگ میں ایرانی فوج اور عوام نے ثابت قدم کا مظاہرہ کیا، ایرانی قیادت اور فوج نے بہادری سے اسرائیلی حملوں کا مقابلہ کیا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان پرامن مقاصد کیلئے ایران کے جوہری پروگرام کی حمایت کرتا ہے، پاکستان ایران کے حق کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہے، مفاہمتی یادداشتیں جلد معاہدوں میں تبدیل ہوں گی، 10 ارب ڈالر تجارتی ہدف جلد حاصل کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کیخلاف پاکستان اور ایران کی سوچ یکساں ہے، خطے میں امن اور ترقی کی شاہراہیں کھولنی ہیں، خطے میں ترقی اور خوشحالی پائیدار امن سے ہی ممکن ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل فلسطینیوں کے لیبچو راک کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے، غزہ میں فوری طور پر سیز فائر ہونا چاہیے، ایرانی قیادت نے فلسطین اور غزہ کیلئے بھرپور آواز اٹھائی، دنیا کو مظلوم فلسطینیوں کے لیے متحد ہونا ہوگا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال بھی غزہ سے مختلف نہیں، کشمیر کی وادی مظلوم کشمیریوں کے خون سے سرخ ہو چکی ہے۔اس موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسرائیل خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، غزہ، لبنان اور شام میں جارحیت اسرائیلی مذموم عزائم کا حصہ ہیں، امن کے لیے مسلمان ممالک کو متحد ہونا چاہیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ سلامتی کونسل کو اسرائیلی مظالم کا نوٹس لینا چاہیے، اسرائیلی جارحیت کے خلاف پاکستان کی حمایت پر دل سے شکر گزار ہیں، عصر حاضر میں امت مسلمہ کے اتحاد کی سخت ضرورت ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات مشترکہ ثقافت اور مذہب پر مبنی ہیں، علامہ اقبال کی شاعری ہمارے لیے بھی مشعل راہ ہے، علامہ اقبال کی شاعری کی اساس امت مسلمہ کا اتحاد ہے۔مہمان صدر نے کہا کہ پاکستان کیساتھ اچھے تعلقات ایران کی خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہے، دوطرفہ تعلقات کو مختلف جہتوں میں آگے بڑھا رہے ہیں، سیاسی، اقتصادی، ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ ترجیح ہے، مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ اہمیت کا حامل ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ روابط برقرار رکھنے اور مفاہمتی یادداشتوں کو حتمی شکل دینے کے لیے پرعزم ہیں، انہوں نے کہا کہ علاقائی امن اور ترقی کا آپس میں گہرا تعلق ہے، سرحدی سیکیورٹی کو بہتر بنانے کیلئے دوطرفہ تعاون جاری ہے۔قبل ازیں پاکستان اور ایران کے درمیان معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویزات کا تبادلہ ہوا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی شرکت کی۔سائنس و ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں علیحدہ علیحدہ معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا جبکہ سیاحت، ثقافت، ورثہ، میٹرالوجی، موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے شعبے میں معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا۔دونوں ملکوں کے درمیان میری ٹائم سیفٹی اینڈ فائر فائٹنگ، عدالتی معاونت اور اصلاحات سے متعلق مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویز کا بھی تبادلہ ہوا۔اس موقع پر ایئر سیفٹی معاہدے کے ذیلی ایم او یو کی دستاویز کا تبادلہ بھی کیا گیا جبکہ دونوں ملکوں میں طے پانے والے معاہدوں میں مصنوعات کے معیارات پر عملدرآمد اور فری ٹریڈ ایگریمنٹ پر عمل کے لیے مشترکہ اسٹیٹمنٹ کی تیاری کے معاہدوں کا بھی تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 46

''(Nudging) نوٹسز جاری کر دیے ہیں، اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے، بینک اکاؤنٹس منجمد کرنا اور کاروباری مراکز کو سیل کرنا شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق یہ نوٹسز گزشتہ ماہ اس وقت جاری کیے گئے جب کاروباری برادری اور حکومت کے درمیان ٹیکس اصلاحات پر مذاکرات جاری تھے۔چیئرمین ایف بی آر رشید لنگڑیال نے موجودہ ٹیکس دہندگان کی کم ادائیگیوں پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے ٹیکس گوشواروں کی جانچ کیلئے جدید رسک مینجمنٹ سسٹم متعارف کروایا ہے جو پچھلے پانچ سال کے ریکارڈ کا تجزیہ کرتا ہے، پہلے مرحلے میں کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے کارپوریٹ ٹیکس دفاتر سے یہ نوٹسز بھیجے گئے ہیں، کراچی اور لاہور کے تاجروں نے ایف بی آر کو گرفتاری کے اختیارات دینے اور 2 لاکھ روپے سے زائد کی نقد ادائیگیوں کو دوبارہ ٹیکس میں شامل کرنے کے خلاف ہڑتال بھی کی تھی۔ایف بی آر نے واضح کیا کہ یہ نوٹسز قانونی طور پر پابند نہیں لیکن ان کا مقصد ٹیکس دہندگان میں سماجی و معاشی رویوں میں تبدیلی لانا ہے۔نوٹس میں کہا گیا کہ براہ کرم اپنی سیلز ٹیکس ریٹرن میں موجود بے قاعدگیوں کو درست کریں، بصورت دیگر اسے نافرمانی سمجھا جائے گا۔ایف بی آر نے انتباہ دیا کہ اگر آئندہ بھی بے قاعدگیاں برقرار رہیں تو بھاری مالی جرمانے، کاروباری جگہوں پر ایف بی آر کے افسران کی تعیناتی اور کمشنر کی جانب سے بہترین تخمینے پر مبنی تشخیص جیسے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔جدید ڈیٹا اینالیسز نظام کے ذریعے ٹیکس دہندگان کی سیلز ٹیکس ریٹرن کا دیگر اداروں اور ہم منصب کاروباروں سے موازنہ کیا گیا، جس میں 2024 کے ریٹرن میں متعدد بے قاعدگیاں سامنے آئیں۔بے قاعدگیوں میں سب سے نمایاں یہ تھیں کہ بہت سی فروختیں معاف شدہ یا کم شرح والے زمروں میں ظاہر کی گئیں جبکہ اصل میں وہ قابل ٹیکس تھیں۔مزید یہ کہ خرید و فروخت کے موازنے سے کاروبار کی ویلیو ایڈیشن نہایت کم ظاہر ہوئی۔کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی نے ایف بی آر کے اقدام پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بغیر کسی آگاہی مہم کے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ایف بی آر نے دعویٰ کیا ہے کہ ان نوٹسز کی وجہ سے جولائی میں سیلز ٹیکس ریٹرن کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، تاہم حتمی تجزیہ 4 اگست کو ڈیڈ لائن مکمل ہونے کے بعد ہوگا۔نوٹسز کے مطابق بعض کاروباری افراد نے غیر معمولی حد تک ریفنڈ کلیمز، کریڈٹ و ڈیبٹ نوٹسز جمع کروائے ہیں، جن کی بنیاد پر ایف بی آر نے انہیں سخت کارروائی سے خبردار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

''(Nudging) نوٹسز جاری کر دیے ہیں، اصلاح نہ کرنے پر بھاری جرمانے، بینک اکاؤنٹس منجمد کرنا اور کاروباری مراکز کو سیل کرنا شامل ہیں۔ذرائع کے مطابق یہ نوٹسز گزشتہ ماہ اس وقت جاری کیے گئے جب کاروباری برادری اور حکومت کے درمیان ٹیکس اصلاحات پر مذاکرات جاری تھے۔چیئرمین ایف بی آر رشید لنگڑیال نے موجودہ ٹیکس دہندگان کی کم ادائیگیوں پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے ٹیکس گوشواروں کی جانچ کیلئے جدید رسک مینجمنٹ سسٹم متعارف کروایا ہے جو پچھلے پانچ سال کے ریکارڈ کا تجزیہ کرتا ہے، پہلے مرحلے میں کراچی، لاہور اور اسلام آباد کے کارپوریٹ ٹیکس دفاتر سے یہ نوٹسز بھیجے گئے ہیں، کراچی اور لاہور کے تاجروں نے ایف بی آر کو گرفتاری کے اختیارات دینے اور 2 لاکھ روپے سے زائد کی نقد ادائیگیوں کو دوبارہ ٹیکس میں شامل کرنے کے خلاف ہڑتال بھی کی تھی۔ایف بی آر نے واضح کیا کہ یہ نوٹسز قانونی طور پر پابند نہیں لیکن ان کا مقصد ٹیکس دہندگان میں سماجی و معاشی رویوں میں تبدیلی لانا ہے۔نوٹس میں کہا گیا کہ براہ کرم اپنی سیلز ٹیکس ریٹرن میں موجود بے قاعدگیوں کو درست کریں، بصورت دیگر اسے نافرمانی سمجھا جائے گا۔ایف بی آر نے انتباہ دیا کہ اگر آئندہ بھی بے قاعدگیاں برقرار رہیں تو بھاری مالی جرمانے، کاروباری جگہوں پر ایف بی آر کے افسران کی تعیناتی اور کمشنر کی جانب سے بہترین تخمینے پر مبنی تشخیص جیسے اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔جدید ڈیٹا اینالیسز نظام کے ذریعے ٹیکس دہندگان کی سیلز ٹیکس ریٹرن کا دیگر اداروں اور ہم منصب کاروباروں سے موازنہ کیا گیا، جس میں 2024 کے ریٹرن میں متعدد بے قاعدگیاں سامنے آئیں۔بے قاعدگیوں میں سب سے نمایاں یہ تھیں کہ بہت سی فروختیں معاف شدہ یا کم شرح والے زمروں میں ظاہر کی گئیں جبکہ اصل میں وہ قابل ٹیکس تھیں۔مزید یہ کہ خرید و فروخت کے موازنے سے کاروبار کی ویلیو ایڈیشن نہایت کم ظاہر ہوئی۔کراچی چیمبر کے صدر جاوید بلوانی نے ایف بی آر کے اقدام پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ بغیر کسی آگاہی مہم کے نوٹس جاری کیے گئے ہیں۔ایف بی آر نے دعویٰ کیا ہے کہ ان نوٹسز کی وجہ سے جولائی میں سیلز ٹیکس ریٹرن کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے، تاہم حتمی تجزیہ 4 اگست کو ڈیڈ لائن مکمل ہونے کے بعد ہوگا۔نوٹسز کے مطابق بعض کاروباری افراد نے غیر معمولی حد تک ریفنڈ کلیمز، کریڈٹ و ڈیبٹ نوٹسز جمع کروائے ہیں، جن کی بنیاد پر ایف بی آر نے انہیں سخت کارروائی سے خبردار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایران ہمارا انتہائی برادر اور دوست ملک ہے، ایران پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف پاکستان کے عوام نے بھرپور مذمت کی۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، جنگ میں شہید ہونے والوں کے بلندی درجات کی دعا کرتے ہیں، جنگ میں زخمی ایرانی بہن بھائیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاگو ہوں۔شہباز شریف نے کہا کہ جنگ میں ایرانی فوج اور عوام نے ثابت قدم کا مظاہرہ کیا، ایرانی قیادت اور فوج نے بہادری سے اسرائیلی حملوں کا مقابلہ کیا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان پرامن مقاصد کیلئے ایران کے جوہری پروگرام کی حمایت کرتا ہے، پاکستان ایران کے حق کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہے، مفاہمتی یادداشتیں جلد معاہدوں میں تبدیل ہوں گی، 10 ارب ڈالر تجارتی ہدف جلد حاصل کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کیخلاف پاکستان اور ایران کی سوچ یکساں ہے، خطے میں امن اور ترقی کی شاہراہیں کھولنی ہیں، خطے میں ترقی اور خوشحالی پائیدار امن سے ہی ممکن ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل فلسطینیوں کے لیبچو راک کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے، غزہ میں فوری طور پر سیز فائر ہونا چاہیے، ایرانی قیادت نے فلسطین اور غزہ کیلئے بھرپور آواز اٹھائی، دنیا کو مظلوم فلسطینیوں کے لیے متحد ہونا ہوگا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال بھی غزہ سے مختلف نہیں، کشمیر کی وادی مظلوم کشمیریوں کے خون سے سرخ ہو چکی ہے۔اس موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسرائیل خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، غزہ، لبنان اور شام میں جارحیت اسرائیلی مذموم عزائم کا حصہ ہیں، امن کے لیے مسلمان ممالک کو متحد ہونا چاہیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ سلامتی کونسل کو اسرائیلی مظالم کا نوٹس لینا چاہیے، اسرائیلی جارحیت کے خلاف پاکستان کی حمایت پر دل سے شکر گزار ہیں، عصر حاضر میں امت مسلمہ کے اتحاد کی سخت ضرورت ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات مشترکہ ثقافت اور مذہب پر مبنی ہیں، علامہ اقبال کی شاعری ہمارے لیے بھی مشعل راہ ہے، علامہ اقبال کی شاعری کی اساس امت مسلمہ کا اتحاد ہے۔مہمان صدر نے کہا کہ پاکستان کیساتھ اچھے تعلقات ایران کی خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہے، دوطرفہ تعلقات کو مختلف جہتوں میں آگے بڑھا رہے ہیں، سیاسی، اقتصادی، ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ ترجیح ہے، مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ اہمیت کا حامل ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ روابط برقرار رکھنے اور مفاہمتی یادداشتوں کو حتمی شکل دینے کے لیے پرعزم ہیں، انہوں نے کہا کہ علاقائی امن اور ترقی کا آپس میں گہرا تعلق ہے، سرحدی سیکیورٹی کو بہتر بنانے کیلئے دوطرفہ تعاون جاری ہے۔قبل ازیں پاکستان اور ایران کے درمیان معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویزات کا تبادلہ ہوا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی شرکت کی۔سائنس و ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں علیحدہ علیحدہ معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا جبکہ سیاحت، ثقافت، ورثہ، میٹرالوجی، موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے شعبے میں معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا۔دونوں ملکوں کے درمیان میری ٹائم سیفٹی اینڈ فائر فائٹنگ، عدالتی معاونت اور اصلاحات سے متعلق مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویز کا بھی تبادلہ ہوا۔اس موقع پر ایئر سیفٹی معاہدے کے ذیلی ایم او یو کی دستاویز کا تبادلہ بھی کیا گیا جبکہ دونوں ملکوں میں طے پانے والے معاہدوں میں مصنوعات کے معیارات پر عملدرآمد اور فری ٹریڈ ایگریمنٹ پر عمل کے لیے مشترکہ اسٹیٹمنٹ کی تیاری کے معاہدوں کا بھی تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 49

ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ ایران ہمارا انتہائی برادر اور دوست ملک ہے، ایران پر اسرائیلی جارحیت کیخلاف پاکستان کے عوام نے بھرپور مذمت کی۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا کوئی جواز نہیں تھا، جنگ میں شہید ہونے والوں کے بلندی درجات کی دعا کرتے ہیں، جنگ میں زخمی ایرانی بہن بھائیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعاگو ہوں۔شہباز شریف نے کہا کہ جنگ میں ایرانی فوج اور عوام نے ثابت قدم کا مظاہرہ کیا، ایرانی قیادت اور فوج نے بہادری سے اسرائیلی حملوں کا مقابلہ کیا، ایرانی قیادت نے دلیرانہ انداز میں دشمن کیخلاف مضبوط فیصلے کیے۔وزیراعظم نے واضح کیا کہ پاکستان پرامن مقاصد کیلئے ایران کے جوہری پروگرام کی حمایت کرتا ہے، پاکستان ایران کے حق کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہے، مفاہمتی یادداشتیں جلد معاہدوں میں تبدیل ہوں گی، 10 ارب ڈالر تجارتی ہدف جلد حاصل کریں گے، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ دہشت گردی کیخلاف پاکستان اور ایران کی سوچ یکساں ہے، خطے میں امن اور ترقی کی شاہراہیں کھولنی ہیں، خطے میں ترقی اور خوشحالی پائیدار امن سے ہی ممکن ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ اسرائیل فلسطینیوں کے لیبچو راک کو ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے، غزہ میں فوری طور پر سیز فائر ہونا چاہیے، ایرانی قیادت نے فلسطین اور غزہ کیلئے بھرپور آواز اٹھائی، دنیا کو مظلوم فلسطینیوں کے لیے متحد ہونا ہوگا۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال بھی غزہ سے مختلف نہیں، کشمیر کی وادی مظلوم کشمیریوں کے خون سے سرخ ہو چکی ہے۔اس موقع پر ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ اسرائیل خطے کو عدم استحکام کا شکار کرنے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، غزہ، لبنان اور شام میں جارحیت اسرائیلی مذموم عزائم کا حصہ ہیں، امن کے لیے مسلمان ممالک کو متحد ہونا چاہیے۔ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا کہ سلامتی کونسل کو اسرائیلی مظالم کا نوٹس لینا چاہیے، اسرائیلی جارحیت کے خلاف پاکستان کی حمایت پر دل سے شکر گزار ہیں، عصر حاضر میں امت مسلمہ کے اتحاد کی سخت ضرورت ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تعلقات مشترکہ ثقافت اور مذہب پر مبنی ہیں، علامہ اقبال کی شاعری ہمارے لیے بھی مشعل راہ ہے، علامہ اقبال کی شاعری کی اساس امت مسلمہ کا اتحاد ہے۔مہمان صدر نے کہا کہ پاکستان کیساتھ اچھے تعلقات ایران کی خارجہ پالیسی کا اہم جزو ہے، دوطرفہ تعلقات کو مختلف جہتوں میں آگے بڑھا رہے ہیں، سیاسی، اقتصادی، ثقافتی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کا فروغ ترجیح ہے، مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں کا تبادلہ اہمیت کا حامل ہے۔ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ روابط برقرار رکھنے اور مفاہمتی یادداشتوں کو حتمی شکل دینے کے لیے پرعزم ہیں، انہوں نے کہا کہ علاقائی امن اور ترقی کا آپس میں گہرا تعلق ہے، سرحدی سیکیورٹی کو بہتر بنانے کیلئے دوطرفہ تعاون جاری ہے۔قبل ازیں پاکستان اور ایران کے درمیان معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویزات کا تبادلہ ہوا، تقریب میں وزیراعظم شہباز شریف اور ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی شرکت کی۔سائنس و ٹیکنالوجی اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں علیحدہ علیحدہ معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا جبکہ سیاحت، ثقافت، ورثہ، میٹرالوجی، موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات سے نمٹنے کے شعبے میں معاہدوں کی دستاویز کا تبادلہ ہوا۔دونوں ملکوں کے درمیان میری ٹائم سیفٹی اینڈ فائر فائٹنگ، عدالتی معاونت اور اصلاحات سے متعلق مفاہمتی یادداشتوں کی دستاویز کا بھی تبادلہ ہوا۔اس موقع پر ایئر سیفٹی معاہدے کے ذیلی ایم او یو کی دستاویز کا تبادلہ بھی کیا گیا جبکہ دونوں ملکوں میں طے پانے والے معاہدوں میں مصنوعات کے معیارات پر عملدرآمد اور فری ٹریڈ ایگریمنٹ پر عمل کے لیے مشترکہ اسٹیٹمنٹ کی تیاری کے معاہدوں کا بھی تبادلہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 50

سخت مذمت کی ہے۔ان مہمات میں اردنی سفارت خانوں اور سفارتی مشنز پر بیرونِ ملک حملے بھی شامل ہیں۔وزارت خارجہ کے ترجمان سفیان القضات نے سرکاری خبر رساں ایجنسی کو بتایا کہ اردن کی فلسطینی عوام کی حمایت میں تاریخی اور اصولی پالیسی اور غزہ پر جاری حملے اور اس کے باعث پیدا ہونے والی انسانی تباہی کو ختم کرنے کی کوششوں کو کسی منظم پروپیگنڈا یا اس کے پس پردہ عناصر نقصان نہیں پہنچا سکتے۔القضات نے مزید کہا کہ وزارت خارجہ نے ان ممالک کی وزارتوں سے باقاعدہ رابطہ کیا ہے جہاں یہ حملے پیش آئے اور ان ممالک کے اردن میں موجود سفیروں سے بھی بات کی گئی ہے۔اردن نے مطالبہ کیا ہے کہ ان ممالک کو ویانا کنونشن 1961 کے تحت اردنی سفارتی مشنز اور عملے کی مکمل حفاظت یقینی بنانی چاہیے۔انہوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ وزارت متعلقہ اداروں کے ساتھ مل کر ان واقعات کی تحقیقات اور ذمہ داروں کے احتساب پر کام کر رہی ہے تاکہ مستقبل میں ایسے حملے نہ دہرائے جائے

پاکستان کا بچہ بچہ حرمت رسول ﷺ پر کٹ مرنے کے لیے تیار ہے علمائے کرام

قادیانیوں کی اسلام دشمنی کسی سے ڈھکی چھپی نہیں یہ اسلام اور ملک دونوں کے غدار ہیں، انہیں کلیدی عہدوں سے ہٹایا جائے

ناموس رسالت کی حفاظت مسلمانوں کے ایمان کا لازمی جز ہے آج کا اجتماع نے ثابت کر دیا ہے کہ قادیانیت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے

سرگودھا (این این آئی) تحفظ ختم نبوت و استحکام پاکستان کنونشن میں مولانا عبدالجبار چوکیروی، مولانا اشرف علی اور مولانا مفتی حبیب اللہ، مولانا خبیب احمد گھمن، مولانا نور محمد ہزاروی، مفتی محمد شاہد مسعود، مولانا عبدالرشید، مولانا حیدر علی حیدر اور دیگر نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت اسلام کی اساس ہے۔ پاکستان کا بچہ بچہ حرمت رسول پر کٹ مرنے کے لیے تیار ہے ناموس رسالت کی حفاظت مسلمانوں کے ایمان کا لازمی جز ہے آج کا اجتماع نے ثابت کر دیا ہے کہ قادیانیت کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔ مقررین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ قادیانیوں کو کلیدی عہدوں سے فی الفور ہٹا کر اس ملک کو امن کا گہوارہ بنایا جائے (بقیہ نمبر 44)

شوہر کے سامنے بیوی سے مبینہ اجتماعی زیادتی کا تیسرا ملزم بھی پولیس مقابلے میں ہلاک

4 میں سے 2 ملزمان اویس، ارشاد پہلے ہی مقابلے میں مارے جا چکے ہیں، تیسرا ملزم زاہد بھی مارا گیا، چوتھے ملزم کی تلاش جاری

نارنگ منڈی میں سی سی ڈی سے مبینہ پولیس مقابلے میں درجنوں وارداتوں میں خطرناک ڈاکو طاہر عرف بورا سکنہ چھوٹا ننگل ہلاک

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے چوہنگ میں خاوند کے سامنے بیوی سے مبینہ زیادتی کا ایک اور ملزم پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں مارا گیا۔ پولیس کے مطابق خاتون سے مبینہ اجتماعی زیادتی میں ملوث 4 میں سے 2 ملزمان اویس اور ارشاد پہلے ہی سی سی ڈی کے ساتھ ہونے والے مقابلے میں مارے جا چکے ہیں۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی سی ڈی ماڈل ٹاؤن اور ملزمان میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کا تبادلہ چوہنگ تھانہ کی حدود میں ہوا، سی سی ڈی ذرائع کے مطابق فائرنگ کے تبادلے میں زاہد نامی ملزم مارا گیا، اجتماعی زیادتی کے کیس میں ملوث چوتھے ملزم کی تلاش جاری ہے۔ چوہنگ کے (بقیہ نمبر 38)

سوات: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن ودودیہ ہال سیدوشریف میں کانوکیشن سے خطاب کر رہے ہیں

SERIES
PostGraduate Medical Institute
Ameer ud Din Medical College
Lahore General Hospital

لاہور پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر فاروق افضل ممتاز میڈیکل ٹیچر پروفیسر محمود شوکت کو یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

چوہنگ میں سی سی ڈی کا مبینہ پولیس مقابلہ، گینگ ریپ کیس کا تیسرا ملزم ہلاک

سی سی ڈی ماڈل ٹاؤن اور ملزمان میں فائرنگ کا تبادلہ، پولیس اہلکار اور گاڑیاں محفوظ رہیں، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) سی سی ڈی ماڈل ٹاؤن کی ٹیم اور ملزمان کے درمیان چوہنگ تھانے کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ ہوا، جس میں زاہد نامی ملزم ہلاک ہو گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق سی سی ڈی ماڈل ٹاؤن کی ٹیم کو مشتبہ افراد کی موجودگی کی اطلاع پر کارروائی کی گئی، اس دوران فریقین کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ سی سی ڈی ذرائع کے مطابق فائرنگ کے دوران زاہد نامی ملزم مارا گیا، جبکہ مقابلے (بقیہ نمبر 40)

سندھ پولیس کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے لیے ریس کا انعقاد

یہ 5 کلومیٹر طویل ریس ''بورن ٹو رن پاکستان'' کے زیر اہتمام شہر کے معروف مقام ''دو دریا'' پر منعقد کی گئی

کراچی (این این آئی) سندھ پولیس کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے کراچی میں ایک خصوصی ریس کا انعقاد کیا گیا، جس میں شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ یہ 5 کلو میٹر طویل ریس ''بورن ٹو رن پاکستان'' کے زیر اہتمام شہر کے معروف مقام ''دو دریا'' پر منعقد کی گئی، جس میں خواتین اور مردوں سمیت تقریباً ایک ہزار افراد نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا۔

لاہور: ٹریفک وارڈنز ون وے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جا رہے ہیں

لاہور: مڈوائف کا حاملہ کو سرکاری اسپتال سے گھر لیجا کر آپریشن، خاتون جاں بحق

پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مڈوائف منزہ کو گرفتار کر لیا' مزید تفتیش جاری

لاہور (این این آئی) رینالہ خورد میں مڈوائف نے لالچ میں آکر خاتون کو سرکاری اسپتال سے گھر لے جا کر غیر قانونی آپریشن کیا تاہم حالت بگڑنے پر خاتون جاں بحق جبکہ مڈوائف فرار ہوگئی۔ نجی کلینک میں ارم بی بی کی ہلاکت پر علاقے میں افسوس کی لہر ہے۔ پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مڈوائف منزہ کو گرفتار کر کے ملزمہ کے خلاف مقدمہ بجرم 302 درج کر لیا جس پر مزید تفتیش (بقیہ نمبر 42)

کراچی پہنچنے کے بعد پاک بزنس ایکسپریس ٹرین واشنگ لائن کے قریب پٹڑی سے اتر گئی

لاہور (زیڈ این این) وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے چند روز قبل لاہور سے روانہ کی جانے والی پاک بزنس ایکسپریس ٹرین کراچی پہنچنے کے بعد واشنگ لائن کے قریب حادثے کا شکار ہوگئی۔ ریلوے ذرائع کے مطابق حادثہ ہفتے کے روز اس وقت پیش آیا جب ٹرین کی ایک اکانومی کلاس کی بوگی واشنگ لائن کی طرف جاتی ہوئی اچانک پٹڑی سے اتر گئی۔ خوش قسمتی سے اس وقت ٹرین خالی تھی اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

نیشنل ویمن جرنلسٹ فورم کے زیر اہتمام صحافی اسامہ خان شیروانی کے ایصالِ ثواب کے لیے قرآن خوانی کا انعقاد

لاہور (زیڈ این این) نیشنل ویمن جرنلسٹ فورم کے زیر اہتمام معروف صحافی اسامہ خان شیروانی کی وفات پر ان کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی کا اہتمام کیا گیا۔ نجف نیشنل ویمن جرنلسٹ فورم کی صدر سینئر صحافی فرزانہ چوہدری نے نوجوان صحافی کی خدمات کو سراہا۔ اسامہ خان کی ناگہانی رحلت کے شعبے میں ناقابل تلافی نقصان ہے۔ ان کی صحافتی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔

خاندانی رشتے ہی اصل سکون ہیں

،زارا نور عباس

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ زارا نور عباس نے مشترکہ خاندانی نظام (جوائنٹ فیملی سسٹم) کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمیں پھر سے اس روایت کو اپنانے کی ضرورت ہے، یہی تنہائی، عدم تحفظ اور معاشرتی خلا کا بہترین حل ہے۔ زارا نور عباس نے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ شیئر کرتے ہوئے کہا کہ ہماری زندگی میں جوائنٹ فیملی کا کردار بہت اہم رہا ہے

اسلام آباد کے سیکٹر ایچ 13 سے غیر ملکی شہری کی لاش برآمد

شہری کی موت گرنے اور سر پر چوٹ لگنے سے ہوئی، متوفی جوئیل وکٹر کی لاش قانونی کارروائی اور پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے سیکٹر ایچ-13 میں تھانہ شمس کالونی کی حدود سے نائجیرین شہری کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق متوفی کی شناخت نائجیریا سے تعلق رکھنے والے جوئیل وکٹر کے نام سے ہوئی ہے جو اپنے کمرے میں مردہ حالت میں پایا گیا۔ پولیس حکام کے

مسلم لیگ (ن) سندھ کا یوم آزادی اور معرکہ حق کا جشن شایان شان طریقے سے منانے کا فیصلہ

یوم آزادی کے ساتھ ساتھ پاک افواج کے ساتھ بھی بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا جائے گا، بشیر میمن کا اجلاس سے خطاب

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) سندھ کا یوم آزادی اور معرکہ حق کے جشن منانے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت مسلم لیگ ن سندھ کے صدر بشیر میمن نے کی۔ اجلاس صوبائی، ڈویژنل اور ن لیگ کے ضلعی تنظیم کے رہنما شریک ہوئے۔ ترجمان مسلم

لاہور: موسلا دھار بارش کے بعد نشیبی علاقے میں پانی کھڑا ہونے کی وجہ سے شہریوں کی موٹر سائیکل بند ہیں

خودکشی اور ٹریفک حادثات میں 3 افراد جاں بحق، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

آصف اقبال نے خود کو گولی مار کر خودکشی کر لی، ایل ڈی اے چوک و شاہدرہ میں موٹر سائیکل حادثات

پولیس نے تینوں واقعات کی تحقیقات کا آغاز کر دیا، لاشیں پوسٹ مارٹم کیلئے مردہ خانہ منتقل، ذرائع

لاہور (زیڈ این این) شہر کے مختلف علاقوں میں خودکشی اور ٹریفک حادثات کے نتیجے میں 3 افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ایدھی ذرائع کے مطابق 33 سالہ آصف اقبال نے اپنے آپ کو گولی مار کر خودکشی کر لی۔ دوسری جانب کاہنہ کے علاقے ایل ڈی اے چوک میں ایک موٹر سائیکل سوار ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہو گیا۔ ایک اور واقعے میں شاہدرہ کے مقام پر موٹر سائیکل سوار ایک شخص ٹریلر کے پچھلے ٹائر میں پھنس کر موقع پر دم توڑ گیا۔ ذرائع کے مطابق پولیس نے تینوں واقعات کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ موقع پر پہنچنے والی پولیس اور تحقیقاتی اداروں نے ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کر دیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعات کی نوعیت، محرکات اور ممکنہ شواہد کی جانچ جاری ہے، جبکہ متاثرہ خاندانوں کے بیانات بھی قلمبند کیے جا رہے ہیں۔ پولیس نے تینوں واقعات کی تحقیقات کا آغاز کر دیا۔

رحیم یار خان: فصلوں میں گھسنے پر زمیندار نے 2 اونٹنیوں کو کلہاڑیوں کے وار سے مار دیا

واقعہ 3 روز قبل پیش آیا، پولیس نے 11 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا، ملزمان نے ضمانت کروالی

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان میں چولستان کے علاقے میں فصلوں میں گھسنے پر مبینہ طور پر مقامی زمیندار نے دو اونٹنیوں کو کلہاڑیوں کے وار کر کے مار دیا۔ واقعہ 3 روز قبل پیش آیا، پولیس نے 11 افراد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ہیڈ فرید چولستان کے رہائشی عبدالخالق نے الزام لگایا کہ علاقہ کے بااثر افراد نے اس کی دو اونٹنیوں کو کلہاڑی کے وار کر کے مار ڈالا ہے، ملزمان نے فصل اجاڑنے (بقیہ نمبر 41)

پاکستان کی مسلح افواج نے کامیاب آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعہ بھارت کو حالیہ جنگ میں تاریخی شکست دی، ڈاکٹر عشرت العباد

کراچی (این این آئی) میری پہچان پاکستان پارٹی کے سربراہ اور سابق گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج نے کامیاب آپریشن بنیان مرصوص کے ذریعہ بھارت کو حالیہ جنگ میں تاریخی شکست دی۔ اس کامیاب جنگ کے بعد عالمی سطح پر پاکستان کی دفاعی، سفارتی اور تجارتی اہمیت کو پوری دنیا تسلیم کر رہی ہے ہم متحد قوم ہیں فیلڈ مارشل عاصم منیر سمیت پوری افواج کو سلام پیش کرتے ہیں۔

آزاد فلسطینی ریاست کے قیام تک ہتھیار نہیں ڈالیں گے، حماس

غزہ (این این آئی) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے امریکی نمائندے اسٹیو وٹکوف کے گلوبل ہیومنٹیرین فاؤنڈیشن (جی ایچ ایف) کے امدادی مرکز کے دورے کو ڈرامہ قرار دیتے ہوئے ان کے بیان پر ردعمل دیا۔ اسرائیل کے دورے پر موجود امریکی نمائندے اسٹیو وٹکوف کے بیان پر حماس نے کہا کہ آزاد فلسطینی ریاست کے قیام تک ہتھیار نہیں ڈالیں گے، دارالحکومت بیت المقدس کے ساتھ خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام تک مزاحمت جاری رہے گی۔

بھارت کا تیل کی روس سے خریداری جاری رکھنے کا اعلان

نئی دہلی (این این آئی) امریکی دھمکیوں کے باوجود بھارت تیل کی روس سے خریداری جاری رکھے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق صدر ٹرمپ کے بیانات کے بعد بھی بھارتی پالیسی میں تبدیلی نہیں لائی گئی، بھارت میں تیل کی کمپنیوں سے نہیں کہا گیا ہے کہ وہ روسی تیل خریدنا بند کر دیں۔ بھارتی کمپنیوں کے روس سے معاہدے طویل المیعاد ہیں، ممکن نہیں بھارت ایک ہی رات میں روسی تیل لینا بند کر دے۔

فیڈرل پبلک سروس کمیشن نے سی ایس ایس 2026 کے امتحانی شیڈول کا اعلان

سی ایس ایس امتحانات 2026 دو مراحل میں ہوں گے، ایم پی ٹی کا نوٹس 10 اگست کو جاری ہوگا

پہلے مرحلے میں ایم سی کیوز پر مبنی ایم پی ٹی ٹیسٹ، دوسرے مرحلے میں تحریری امتحان لیا جائیگا، حکام

لاہور (زیڈ این این) فیڈرل پبلک سروس کمیشن (ایف پی ایس سی) نے سی ایس ایس امتحانات 2026 کے شیڈول کا ایڈوانس پبلک نوٹس جاری کر دیا ہے۔ کمیشن کے مطابق، یہ امتحانات دو مراحل میں منعقد کیے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں ایم سی کیوز پر مبنی ابتدائی ٹیسٹ (ایم پی ٹی) لیا جائے گا، جو تمام امیدواروں کے لیے لازمی ہوگا۔ ایم پی ٹی کا پبلک نوٹس 10 اگست 2025 (اتوار) کو جاری کیا جائے گا، جس کے بعد آن لائن درخواستیں جمع کرانے کا عمل شروع ہوگا۔ دوسرے مرحلے میں ان امیدواروں کا تحریری امتحان لیا جائے گا جو ابتدائی ایم پی ٹی میں کامیاب ہوں گے۔

لاہور، قطب الدین ایبک کے مزار کے احاطے میں بارش کا پانی کھڑا ہے

لاہور: بارش سے دیوار اور چھتیں گرنے کے واقعات، ایک شخص جاں بحق

چائنہ سکیم میں بورڈ گرنے سے شہری جان سے گیا، بادامی باغ میں چھت گرنے سے شخص زخمی

لاہور (زیڈ این این) چائنہ سکیم کے علاقے میں سائن بورڈ گرنے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا جبکہ بادامی باغ میں گھر کی چھت گرنے سے ایک شخص زخمی ہو گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق چائنہ سکیم میں اچانک ایک سائن بورڈ گر گیا جس سے ایک شخص موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو ایمرجنسی وہیکلز فوراً جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد منتقل کر دیا گیا۔ ادھر بادامی باغ کے علاقے میں ایک پرانے مکان کی چھت گرنے کا واقعہ پیش آیا، جہاں مٹی اور لکڑی کے بالوں سے بنی چھت اچانک منہدم ہو گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے زخمی شخص کو ملبے سے نکالا اور ابتدائی طبی امداد فراہم کی۔ دوسری جانب راوی روڈ سبزی منڈی پولیس چوکی کی دیوار بھی بارش اور تیز آندھی کے باعث گر گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق آندھی کی شدت سے ایک درخت جڑ سے اکھڑ کر

لاہور: شاہدرہ میں منعقدہ ختم نبوت کانفرنس سے مولانا اللہ وسایا خطاب کر رہے ہیں

جعلی حکمرانوں کے اپنے بوجھ سے بوسیدہ نظام کی چولیں ہل رہی ہیں: مسرت جمشید چیمہ

پاکستان تحریک انصاف آئین و قانون کی جنگ لڑ رہی ہے، یہ اصل میں پاکستان کی بقاء کی جنگ ہے' بیان

لاہور (زیڈ این این) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ آئین و قانون کی بالادستی کے بغیر معاشرے تباہ ہو جاتے ہیں، حالیہ سزائیں عوام کو خوفزدہ کرنے کی کوشش ہیں، پی ٹی آئی آئین و قانون کی جنگ لڑ رہی ہے اور یہ اصل میں پاکستان کی بقاء کی جنگ ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پانچ اگست کی کال کے خوف سے مقدمات درج کیے جا رہے ہیں، حکومت چاہتی ہے کہ اپوزیشن کا گلا گھونٹا جائے تاکہ ایوانوں میں کوئی ان کے سامنے مزاحمت کرنے والا نہ ہو۔ کسی ملک میں اپوزیشن کو اس طرح دیوار کے ساتھ نہیں لگایا جاتا جس طرح پی ٹی آئی کے ساتھ سلوک روا رکھا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعلی حکمران ظلم اور جبر کے ذریعے اپنے اقتدار کو طوالت دینا چاہتے ہیں لیکن ان (بقیہ نمبر 31)

صدر مسلم لیگ (ن) لاہور سیف الملوک کھوکھر اور صوبائی وزیر کھیل فیصل ایوب کھوکھر ٹھوکر نیاز بیگ میں جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

دریائے سندھ میں تونسہ کے مقام پر پانی کی سطح بلند، مزید بستیاں اور فصلیں زیر آب

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے علاقے میں 15 ریلیف کیمپس قائم کیے گئے لیکن سیلاب متاثرین منتقل نہ ہوئے

تونسہ، حافظ آباد (این این آئی) دریائے سندھ میں تونسہ کے مقام پر پانی کی سطح میں اضافہ ہو گیا اور دریا کنارے کچے کے علاقے میں مزید دو بستیاں اور فصلیں زیر آب آگئیں۔ سیلاب متاثرین کی کشتیوں کے ذریعے نقل مکانی جاری ہے، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے علاقے میں 15 ریلیف کیمپس (بقیہ نمبر 33)

حج 2026، غیر رجسٹرڈ افراد سے بھی درخواستیں وصول کرنے کا فیصلہ

غیر رجسٹرڈ افراد سے درخواستوں کی وصولی 11 سے 16 اگست تک ہوگی

کراچی (این این آئی) آئندہ سال حج کرنے کے خواہشمندوں کیلئے بڑی خوشخبری، حکومت نے غیر رجسٹرڈ عازمین سے بھی حج درخواستیں وصول کرنے کا فیصلہ کر لیا، درخواستوں کی وصولی 11 سے 16 اگست تک ہوگی۔ پاکستان میں حج 2026 رجسٹریشن سے رہ جانے والوں کیلئے خوشخبری، (بقیہ نمبر 34)

لاہور: محنت کش میانی صاحب قبرستان کے قریب گلاب کے پھولوں کی پتیاں فروخت کرنے کیلئے بیٹھا ہوا ہے

پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں معمولی ردوبدل، ادرک، ٹماٹر اور پیاز بدستور مہنگے

03 اگست کے نرخنامے کے مطابق کریلے، شملہ مرچ، ادرک اور ٹماٹر کی قیمتیں بلند سطح پر برقرار

لاہور (زیڈ این این) شہر میں سرکاری نرخنامے کے مطابق بعض پھل اور سبزیوں کی قیمتوں میں معمولی ردوبدل ہوا ہے، جبکہ ادرک، ٹماٹر، پیاز اور شملہ مرچ کی قیمتیں بدستور انتہائی بلند سطح پر برقرار ہیں۔ پھلوں میں کھجور کی قیمت 190 سے 270 روپے فی کلو، امرود 75 روپے، پپیتا 220 روپے، انگور 155 روپے، چیکو 160 روپے، کیلا 110 روپے، جبکہ سیب کالا پہاڑی 245 روپے فی کلو مقرر کیا گیا ہے۔ سبزیوں میں گھیا کدو 55، حلوہ کدو 91، مونگرے 95، اروی 100، شلجم 32، دھنیا 40، آلو 35، مولی 25، مٹر 110، لیموں چائنہ 70 روپے فی کلو ہے۔ سبز مرچ 120، شملہ مرچ 335، پھول گوبھی 35، بند گوبھی 21، میتھی 80، بینگن 80، پالک 40، کریلے 260، کھیرا 60، ادرک 500، لہسن 440، ٹماٹر 240 اور پیاز 220 روپے فی کلو مقرر کیے گئے۔

گورنر سندھ کامران ٹیسوری معرکہ حق کے جشن آزادی کے سلسلے میں گورنر ہاؤس میں منعقدہ یوم شہداء کی تقریب میں شہداء کے اہل خانہ کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں

شمس الاسلام قتل کیس: شاہد آفریدی نے مقتول اور مبینہ قاتل کے درمیان صلح کرائی تھی، نامزد ملزم کا دعوی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے ڈیفنس فیز 6 میں معروف قانون دان خواجہ شمس الاسلام کا قتل کیس تیزی سے حل ہونے کے قریب پہنچ رہا ہے، واردات کی سی سی ٹی وی فوٹیج اور ملزم کے اعترافی بیان نے واقعے کی تفصیلات مزید واضح کر دی ہیں۔ پولیس اور ذرائع کے مطابق یہ قتل پرانی دشمنی اور ذاتی انتقام کا نتیجہ نکلا ہے۔ لیکن حیران کن پیش رفت اس وقت سامنے آئی۔

دینی علم سیکھنے کی تڑپ ہمہ وقت ہمارے قلوب واذہان میں موجود رہنی چاہیے، پروفیسر عثمان صفدر

کراچی (این این آئی) المدینہ اسلامک ریسرچ سینٹر (MIRC) کے مدیر الجامعہ پروفیسر عثمان صفدر نے فہم دین کورس کرنے والے طلبہ و طالبات اور خواتین و حضرات کو اپنے خصوصی لیکچر کے دوران بتایا کہ دینی علوم انسان میں دینی اور دنیاوی شعور و آگہی کے وہ چراغ جلاتے ہیں جس سے انسان، انسان بن کر دین اسلام کی راہ داریوں اور صراط مستقیم پر چل کر اپنی عارضی زندگی گزارنے میں مصروف عمل رہتا ہے لیکن اس کے برعکس دنیاوی علوم اور عصری تعلیم انسان میں وہ شعور بیدار کرتی ہے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

پنجاب بھر میں ڈرائیونگ لائسنسنگ سہولیات میں 20 فیصد نمایاں اضافہ

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر لائسنسنگ سسٹم میں بہتری، جولائی میں 8 لاکھ سے زائد شہری مستفید

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر میں ڈرائیونگ لائسنسنگ کی سہولیات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک محمد وقاص نذیر کی مؤثر حکمت عملی کے نتیجے میں جولائی کے مہینے میں جون کی نسبت لائسنسنگ سسٹم میں 20 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق جولائی میں 8 لاکھ 14 ہزار سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا۔ ان میں سے 2 لاکھ 68 ہزار سے زائد شہریوں نے لرننگ ڈرائیونگ لائسنس حاصل کیے۔ 2 لاکھ 64 ہزار سے زائد نے فریش ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔ 2 لاکھ 71 ہزار سے زائد افراد نے لرننگ (بقیہ نمبر 32)

تاشقند: انڈر 19 والی بال ورلڈ چیمپئن شپ میں 13 ویں پوزیشن کے میچ میں پاکستان اور ازبکستان کی ٹیمیں مدمقابل ہیں

انصاف کی فراہمی کیلئے بنچ اور بار کے تعلقات میں مزید بہتری لائی جائیگی: چودھری اشفاق

وکلاء کے بہتری کیلئے جاری منصوبوں کو برق رفتاری سے آگے بڑھایا جائے گا، وکلاء کے وفود سے گفتگو

لاہور (زیڈ این این) پنجاب بار کونسل کے نو منتخب وائس چیئرمین چودھری محمد اشفاق احمد کھوٹ نے کہا ہے کہ انصاف کی فراہمی میں وکلاء کے کردار سے کوئی انکار نہیں کر سکتا، خدمت کی روایت کو جاری رکھیں گے جس کے تحت وکلاء کی فلاح و بہبود میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی، وکلاء کے بہتری کیلئے جاری منصوبوں کو برق رفتاری سے آگے بڑھایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مبارکباد دینے آنے والے وکلاء کے وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی ذبیح اللہ ناگرہ، پنجاب بار کونسل کے سابق وائس چیئرمین فرحان شہزاد، چودھری بابر وحید، سیکرٹری پنجاب بار کونسل رفاقت علی سوہل، اکاؤنٹس آفیسر رانا محمد عمیر اور دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین پنجاب بار چودھری محمد اشفاق احمد کھوٹ (بقیہ نمبر 35)

شہدائے پولیس ہمارا فخر اور اعزاز ہیں: سی سی پی او لاہور

ہمارا ہر جوان عوام کی جان، مال اور عزت کی حفاظت کیلئے شوق شہادت سے سرشار ہر وقت تیار ہے

پولیس ہیروز کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، بلال صدیق کمیانہ کا یوم شہدائے پولیس پر پیغام

لاہور (زیڈ این این) سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر آج یہاں جاری اپنے پیغام میں لاہور پولیس کے شہید افسران اور اہلکاروں کو خراج عقیدت (بقیہ نمبر 36)

شاہدرہ: عدالت میں فائرنگ کرنیوالی خاتون ساتھیوں سمیت گرفتار

اشتہاری ملزمہ شاہ بی بی دہشت گردی، قتل و اقدام قتل کے مقدمات میں چار سال سے مفرور تھی

لاہور (زیڈ این این) شاہدرہ ٹاؤن پولیس نے ایک اہم اور کامیاب کارروائی کرتے ہوئے عدالت میں فائرنگ کرنے والی خاتون ملزمہ شاہ بی بی کو اس کے ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس ترجمان کے مطابق گرفتار ملزمہ دہشت گردی، قتل اور اقدام قتل کے مقدمات میں اشتہاری تھی اور گزشتہ چار برسوں سے مفرور تھی۔ عدالت میں پیشی پر آئے شہریوں پر اندھا دھند فائرنگ کے دوران ملزمان نے (بقیہ نمبر 37)

قاری ارسلان نصیر ناظم تبلیغ لاہور مقرر، استقامت کی دعا اور نوٹیفکیشن جاری

ڈاکٹر ریاض الرحمٰن یزدانی کا تقریب سے خطاب، دین کی خدمت کو خوش نصیبی قرار دیا

لاہور (زیڈ این این) امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث لاہور علامہ ڈاکٹر ریاض الرحمٰن یزدانی نے جامع مسجد مدینہ اہلحدیث کچا جیل روڈ میں منعقدہ تقریب کے دوران قاری ارسلان نصیر کو ناظم تبلیغ لاہور مقرر کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا اور ان کے لیے استقامت کی خصوصی دعا بھی فرمائی۔ تقریب میں معروف عالم دین علامہ ناصر مدنی، نائب امیر مرکزیہ جاوید اقبال سمیت دیگر علماء کرام، طلباء اور شرکاء کی بڑی تعداد موجود تھی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے

باٹا پور میں نوجوان کے اندھے قتل کا ڈراپ سین، 5 ملزمان گرفتار

لاہور (زیڈ این این) باٹا پور کے علاقے میں 25 سالہ نوجوان نعمان کے اندھے قتل کا ڈراپ سین ہو گیا، پولیس نے قتل میں ملوث 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے اس بڑی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے پولیس ٹیم کو فوری کارروائی کی ہدایت دی تھی۔

14th
AUGUST
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
جشن آزادی پاکستان

79 ویں یوم آزادی کے عظیم الشان موقع پر روزنامہ 'قوت' خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ تمام نمائندگان اپنے اشتہارات انٹرویوز 12 اگست 2025 تک ادارہ ہذا کو میل کر دیں تاکہ اچھی کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان
dailyquwat786@gmail.com
PH:0302-1228000 / 0322-4181870